# فہرست


**باب: 1** ...... دور حاضر اور دجال عظیم فتنہ ...... دجال لعین ........ 9

❀ دجال کا ابتدائی تعارف ........ 9

❀ دجال کے بارے میں یہودیوں کا نظریہ ........ 11

❀ دجال معین شخص ہے ........ 15

❀ دجال کا ذکر قرآن مجید میں ........ 16

❀ دجال کے خروج سے پہلے ........ 17

❀ دجال کی آمد کا انکار ........ 32

❀ خروجِ دجال ........ 33

❀ آنکھ سے کانا ........ 36

❀ پیشانی پر کافر ........ 46

❀ جنگ عظیم اور خروج دجال ........ 48

❀ عرب کا پانی اور دجال ........ 65

❀ دجال کی پیش رُو ........ 70

❀ دجال کا نمائندہ بش ........ 70

❀ دجال کے اول دستے کی طاقت ........ 72

❀ دجال کا پہلا حملہ ........ 73

❀ پہاڑ کا چلنا ........ 73

❀ شیاطین دجال کے ساتھی ........ 73

❀ خود غرض دجالی ........ 78

❀ ایرانی پکے دجالی ........ 79

❀ دجالی فوج ........ 80

❀ دجال اور خواتین ........ 81


Marfat.com

❀ فرشتے اور دجال ...... آزمائش ہی آزمائش ........ 81
❀ دجال کے سخت مخالف ...... بنی تمیم ........ 82
❀ امت محمدیہ کا دجال سے جہاد ........ 83
❀ دجال اور ملک شام ........ 87
❀ ابن صیاد اور دجال ...... صحابہ کی کشمکش ........ 87
❀ دجال مشرقی جزیرے میں ........ 98
❀ تمیم داری اور دجال ........ 100
❀ کفر کا شہر اسرائیل ........ 110
❀ دجال کا گرم گوشت کا پہاڑ ........ 110
❀ دجال کے جنت اور دوزخ ........ 111
❀ یوم الخلاص ........ 115
❀ تشہد کی دعا ........ 122
❀ سورۃ کہف کی ابتدائی وآخری آیات ........ 123
❀ شبہاتِ دجال ........ 123
❀ دجال کے چالیس یوم ........ 128
❀ عربوں میں طاقتوروں کی کمی ........ 129
❀ منبر پر دجال کا ذکر ........ 131
❀ مکہ ومدینہ کی حفاظت ........ 132
❀ دجال اور حضرت خضر ........ 135
❀ ایمان والے کا ایمان ........ 142
❀ روئے زمین کا عظیم ترین فتنہ ........ 143
❀ دجال اور غذائی مواد ........ 152
❀ شریف اور خوبصوت ........ 152
❀ دجال کی سواری ........ 153
❀ اڑن طشتریاں ........ 155


Marfat.com

❀ صفات مہدی ........ 253
❀ ظہور سے قبل کی نشانیاں ........ 254
❀ پرندوں کی خوشی ........ 255
❀ فتنوں کی برمار ........ 256
❀ عمامہ پہنے ........ 256
❀ اہل بدر کی بیعت ........ 257
❀ بیعت امن ........ 260
❀ اہل شام اور تین جھنڈے ........ 260
❀ قسطنطنیہ کے حاکم ........ 261
❀ فتنہ سفیانی ........ 262
❀ سفیانیوں کا دھنسایا جانا ........ 265
❀ سفیانی کا قریش پر ظلم وستم ........ 266
❀ سفیانی اور ہاشمی ........ 267
❀ دمشق کی تباہی ........ 270
❀ اہل مشرق اور سفیانی لشکر ........ 270
❀ انسانی گوشت کڑاہیوں میں ........ 271
❀ سیاہ اور زرد جھنڈے والے ........ 272
❀ سفیانی کے خروج سے پہلے ........ 272
❀ قبائل کی لڑائیاں ........ 273
❀ ابن صالح ........ 273
❀ رومیوں سے چار بار صلح ........ 274
❀ فاتح روم ........ 275
❀ رومیوں کا عجیب بادشاہ ........ 276
❀ رمضان، شوال، ذی قعد، ذی الحج اور محرم ........ 279
❀ علاماتِ مہدی ........ 280


Marfat.com

❀ اہل مشرق ومغرب کی جنگیں ........ 288
❀ اہل تورات واہل انجیل ........ 289
❀ تابوت سکینہ ........ 290
❀ مہدی کا معنیٰ ........ 290
❀ امام مہدی رضی اللہ عنہ کا جھنڈا ........ 291
❀ حلیہ امام مہدی ........ 291

**باب: 3 ...... سیدنا عیسیٰ علیہ السلام اور جوج ماجوج کے بیان میں** ........ 293

**فصل: 1 ...... سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام** ........ 293
❀ دوبارہ تشریف آوری ........ 293
❀ قیامت کی تیسری بڑی نشانی ........ 293
❀ مرزائیوں کو دعوت فکر ........ 293
❀ کڑیل جوان ........ 295
❀ مسلمانوں اور عیسائیوں کا عقیدہ ........ 296
❀ غالب قوت ........ 296
❀ سیدنا عیسیٰ کا حلیہ ........ 297
❀ سیدنا عیسیٰ اور اہل کتاب ........ 298
❀ مدفن روضۂ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ........ 299
❀ زکوۃ لینے والا ........ 301
❀ علم قیامت اور سیدنا عیسیٰ ........ 302
❀ قوم شعیب میں شادی ........ 303
❀ حج وعمرہ اور مدینہ منورہ حاضری ........ 304
❀ عدل سیدنا عیسیٰ اور وفات ........ 305

**فصل: 2 ...... یاجوج ماجوج کا بیان** ........ 306
❀ قرآن مجید میں یاجوج ماجوج کا تذکرہ ........ 306
❀ تعارف ........ 307


Marfat.com

❀ برائی کے ستر حصے ........ 307
❀ نبی کے قاتل ........ 307
❀ دیوار میں سوراخ ........ 308
❀ تیر و کمان کی کثرت ........ 309
❀ فتنہ یاجوج ماجوج کا اختتام ........ 309
**باب: 4**..... دجالی فتنے، دجالی فتنے اور دور حاضر ........ 311
الدجال ........ 348
❀ ابتدائیہ ........ 348
❀ دجال کا نام ........ 349
❀ دجال..... حقیقت یا افسانہ ........ 350
❀ مسیح دجال کا معنی ........ 351
❀ عیسیٰ مسیح کا مفہوم ........ 352
❀ تواتر احادیث ........ 352
❀ دجال کا اعلانیہ بیان ........ 353
❀ دجال اور قیامت ........ 354
❀ دجال سے قبل ........ 355
❀ ابن صیاد اور دجال ........ 359
❀ حضرت تمیم داری اور دجال کا جزیرہ ........ 370
❀ خروج کی جگہ ........ 374
❀ دجال کا فتنہ ........ 375
❀ دجال کے پیروکار ........ 383
❀ دجال کی آنکھ اور ماتھا ........ 385
❀ دجال کے ٹھہرنے کی مدت ........ 387
❀ نزول عیسیٰ علیہ السلام ........ 388
❀ دجال سے بچاؤ ........ 391


Marfat.com

وقت ان کہانیوں کو بچے پریوں کی کہانیوں کی طرح پڑھتے ہیں۔

**اڑن طشتریوں کی حقیقت:** اڑن طشتری کو یو۔ ایف۔او (U.F.O) Undentified Flying Objects یعنی نامعلوم اڑنے والی چیزیں کہا جاتا ہے۔ یہ کسی جدید معدن سے بنی ہیں۔ یہ معدن چمکدار ہوتی ہے جو دور سے دیکھنے میں تیز سفید روشنی کے مانند نظر آتی ہے۔ ایک ہی اڑن طشتری بیک وقت اپنا جحم چھوٹا اور اتنا بڑا کرسکتی ہے کہ اپنی آنکھوں پر شک ہونے لگے اور دیکھنے والے بیہوش ہوجائیں۔ اس کے اندر سے عام طور پر نارنجی (Orange)، نیلی اور سرخ رنگ کی روشنیاں پھوٹ رہی ہوتی ہیں۔ اس کی رفتار اتنی تیز ہے کہ ایک سیکنڈ میں نظروں سے غائب ہوجاتی ہے۔ جو رفتار اب تک ریکارڈ کی جاسکی ہے وہ سات سو (700) کلومیٹر فی سیکنڈ یعنی پچیس لاکھ بیس ہزار 2520000 کلومیٹر فی گھنٹہ ہے۔ یہ رفتار ہے جو ہم دنیا والوں کو معلوم ہے اصل رفتار کا کسی کو علم نہیں۔

**نظام برق معطل:** اڑن طشتری فضاء میں ایک ہی جگہ رک سکتی ہے، چیزوں اور افراد کو اپنی طرف دور سے ہی کھینچ لیتی ہے۔ اگر کوئی اس کے قریب جائے تو اس کے جسم میں شدید قسم کی خارش شروع ہوجاتی ہے، آنکھیں جلنے لگتی ہیں اور جسم میں اس طرح جھٹکا لگتا ہے جیسے سخت کرنٹ لگ گیا ہو۔ اُڑن طشتری دنیا کے بجلی کے نظام اور مواصلاتی نظام کو جام کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ چنانچہ امریکہ میں 9 جون 2007ء کے مشرقی ساحلی علاقے اٹلانٹا اور جارجیا میں ہوائی اڈے پر پروازوں کی آمدورفت معطل ہوگئی اور ہزاروں ملکی اور غیر ملکی پروازیں تعطل کا شکار ہوئیں۔ اس کا سبب مسافر طیاروں کی آمدورفت کو کنٹرول کرنے والے نظام کا اچانک فیل ہوجانا تھا۔

**جدید ترین لیزر شعاعیں:** اُڑن طشتریاں لیزر شعاعوں کے ذریعے دنیا کے جدید ترین طیاروں کو بآسانی تباہ کرسکتی ہیں۔ یہ اڑنے کے ساتھ ساتھ سمندر کے اوپر اور سمندر کے اندر اسی طرح چلنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

**قوت ثقل:** جہاں تک اس کی ٹیکنالوجی کا تعلق ہے تو صرف ابھی اندازہ ہی ہے۔ وہ یہ کہ اس

Marfat.com

کائنات میں موجود تمام توانائی کے ذرائع اڑن طشتری کی ٹیکنالوجی میں استعمال ہوتے ہیں۔ ان میں قوت کشش اہم ہے۔ اڑن طشتریوں کا راز جاننے کی کوشش میں جان سے ہاتھ دھو بیٹھنے والے ڈاکٹر جیسوب کا کہنا ہے:

''یہ غیر معروف چیزیں ہیں۔ ایسا لگتا ہے کہ یہ (اڑن طشتری والے) بہت طاقت ور مقناطیسی میدان بنانے پہ قدرت رکھتے ہیں، جس کی وجہ سے یہ جہازوں اور طیاروں کو کھینچ کر کہیں لے جاتے ہیں۔''

## اُڑن طشتریوں پر تبصرہ سے خطرہ:

① برمودا تکون میں جو غیر معمولی واقعات وحادثات ہوتے رہتے ہیں ان سے متعلق رپورٹوں پر بڑی سخت پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ اب نہ انہیں مشتہر کیا جاتا ہے اور نہ تقسیم کیا جاتا ہے۔ ان واقعات میں اڑن طشتریوں کا آسمان میں دیکھا جانا، برمودا کے سمندر میں داخل ہونا اور برمودا کے سمندر میں پانی کے اندر ہزاروں فٹ نیچے ان کا دیکھا جانا شامل ہے۔

② اس رپورٹ کو بھی سختی سے دبا دیا گیا تھا جس میں بتایا گیا تھا کہ 1963ء میں پورٹو ریکو کے مشرقی ساحل پر امریکی بحریہ نے اپنی مشقوں کے دوران میں ایک اڑن طشتری دیکھی تھی جس کی رفتار دو سو ناٹ تھی اور وہ سمندر کے اندر نیچے ستائیس ہزار فٹ گہرائی میں سفر کر رہی تھی۔

اڑن طشتریاں دیکھنے والوں کے پاس فوراً کالے کپڑوں میں ملبوس کچھ لوگ پہنچ جاتے ہیں جو ان کو اس واقعے کو نہ بیان کرنے کی تنبیہ کرتے ہیں۔ جیسا کہ پہلے بیان کیا جاچکا ہے کہ امریکی حکومت کی جانب سے برمودا تکون کی طرح اڑن طشتریوں کی حقیقت کو بھی چھپانے کی کوشش کی جاتی رہی ہے۔

③ 29 جولائی 1952 کو اسی موضوع پر امریکی ایئر فورس کے جنرل این۔ ای سامفورڈ نے پینٹاگون میں صحافیوں کی بڑی تعداد کی موجودگی میں پریس کانفرنس کی۔ صحافیوں نے

Marfat.com

تند و تیز سوالات کیئے۔ جنرل نے صحافیوں کو وہی کیپٹن جیمس والی بات سنا دی لیکن صحافی اور اڑن طشتری پر تحقیق کرنے والے اس تشریح سے بالکل مطمئن نہیں ہوئے۔ خود کیپٹن رپیلٹ بھی اس تشریح سے مطمئن نہیں تھا کیونکہ جب اس نے واشنگٹن نیشنل ایئر پورٹ (جہاں اڑن طشتریاں ظاہر ہوئی تھیں) پر ریڈار پر موجود ذمہ داران سے بات کی تو کوئی بھی جنرل ای سامفورڈ کی تشریح سے مطمئن نہیں تھا۔

جب عوام اور صحافیوں کی جانب سے اس بارے میں زیادہ شور ہونے لگا تو 24 ستمبر 1952 کو امریکی خفیہ ادارے سی آئی اے کے شعبہ سراغرسانی برائے سائنسی امور کی جانب سے ایک میمورنڈم جاری کیا گیا جس میں اڑن طشتریوں کی خبروں پر تبصرے کرنے کو قومی سیکورٹی کے لئے خطرہ قرار دے دیا گیا۔ ذرا غور فرمایئے! ایسا ان اڑن طشتریوں میں کیا ہے جس کو امریکی حکومت چھپانا چاہتی ہے اور اس پر تبصرے کو سیکورٹی کے لئے خطرہ سمجھا جاتا ہے۔

اڑن طشتریوں کو دیکھنے والوں کی تعداد:

① بیسویں صدی کے آخر میں ایک گیلپ سروے کیا گیا جس کے مطابق ایک تہائی امریکیوں کی رائے تھی کہ اڑن طشتری والے ہمارے ملک میں آچکے ہیں۔ چنانچہ اڑن طشتریوں کے دیکھے جانے کے واقعات اتنے زیادہ ہو گئے کہ ان کو آنکھوں کا دھوکہ کہہ کر رد کر دینا ممکن نہیں رہا تو عالمی فتنہ گر یہودیوں نے اس کو بھی برمودا تکون کی طرح افسانوی قصے کہانیوں کا حصہ بنانے کی کوشش کی۔

② اُڑن طشتریوں کے دیکھے جانے کے واقعات کوئی آج کی بات نہیں بلکہ اس کی تاریخ بھی اس صدی کی ہے جو صدی دنیا میں شیطانی ریاست امریکہ کے قیام کی ہے یعنی پندرویں صدی عیسوی۔ جون 1400ء میں بھی اڑن طشتری دیکھنے جانے کے واقعات ریکارڈ پر موجود ہیں۔ آپ اگر تاریخ کا مطالعہ کریں تو آپ کو علم ہوگا کہ یہ پندرہویں صدی سائنسی انقلاب کی صدی سمجھی جاتی ہے۔ تب سے لے کر آج تک دنیا کے مختلف خطوں میں

Marfat.com

اڑن طشتریاں دیکھی جاتی رہی ہیں۔

③ 1947 سے 1969 تک امریکی ائیرفورس نے اڑن طشتریوں کے بارے میں تفتیش کی۔اڑن طشتریوں کے دیکھے جانے کے واقعات کی جو رپورٹیں موصول ہوئیں تھیں ان کی تعداد 12618 تھی۔

④ بیرنی ہل اور اس کی بیوی بٹی ہل امریکی ریاست نیو ہیمپ شائر کے علاقے پورٹس ماؤتھ میں اپنی گاڑی میں سفر کر رہے تھے۔ بیرنی ہل نے کوئی چیز فضاء میں دیکھی۔اس نے اپنی گاڑی روکی اور دوربین لگا کر دیکھنے لگا۔اس کی بیوی کا بیان ہے کہ دیکھتے دیکھتے اس کی زبان سے یہ جملے نکل رہے تھے:

''ناقابل یقین! ناقابل یقین۔!''

دیکھتے ہی دیکھتے اڑن طشتری ان کی کار کے اوپر تھی۔ دونوں کار میں سوار ہوئے۔ وہ بھاگنا چاہتے تھے لیکن انہوں نے ایک سیٹی کی سی آواز سنی جیسے ریڈیو سے سیٹی نکلتی ہے۔اس سیٹی کو سننا ہی تھا کہ وہ دونوں بیہوش ہو گئے۔

⑤ سال 2008ء کے دوران پوری دنیا میں 3951 افراد نے اڑن طشتری دیکھیں۔ یہ وہ واقعات ہیں جن کی رپورٹ متعلقہ اداروں کو کی گئی۔ان کی تعداد بلحاظ ماہ ملاحظہ کریں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| جنوری | 443 | فروری | 352 |
| مارچ | 312 | اپریل | 420 |
| مئی | 317 | جون | 419 |
| جولائی | 495 | اگست | 448 |
| ستمبر | 352 | نومبر | 393 |

⑥ 23 جنوری 2008 جنوبی ہند میں پانچ اڑن طشتریاں ایک ساتھ دیکھی گئیں۔ یہ کئی منٹ تک بہت نیچائی پر گھومتی رہیں۔

⑦ 1976 امریکی ریاست ''مین'' کے جنگل الاگاش میں آرٹ کے چار طلباء سیر و تفریح

Marfat.com

کے لئے آئے ہوئے تھے کہ اس جنگل میں اڑن طشتری اتری اور ان کو اغواء کر کے لے گئی۔ ان پر مختلف تجربات کرنے کے بعد چھوڑ دیا گیا۔ یہ واقعہ ''الاگاش اغواء'' کے نام سے مشہور ہوا۔ اس اغواء میں دلچسپ بات یہ ہے کہ ان چار میں سے جیک نامی طالب علم اس واقعہ کے بعد حساب (Math) میں ماہر ہو گیا۔ حالانکہ اس سے پہلے وہ حساب میں بالکل دلچسپی نہیں لیتا تھا اور آرٹ میں بھی اس کا کام بہت عمدہ ہو گیا۔ اس نے دیکھا کہ اس کی ٹانگ پر کسی چیز کا نشان ہے۔ کوئی بھی ڈاکٹر اس نشان کے بارے میں نہیں بتا سکا، نہ لیبارٹری رپورٹ میں کچھ تعین ہو سکا۔

⑧ 28 اگست 2008 بروز جمعرات بھارت کے شہر ممبئی میں ساحل سمندر ''گیٹ وے انڈیا'' پر سیر سپاٹے کے لئے آنے والے شہریوں کا ہجوم تھا۔ بہت سے لوگ اپنے مووی کیمروں اور موبائل فون سے ایک دوسرے کی ویڈیو بنا رہے تھے۔ ابھی دن کی روشنی ہر طرف پھیلی ہوئی تھی۔ اچانک ساحل سے بالکل قریب انتہائی نیچے ایک بڑی اڑن طشتری نمودار ہوئی۔ لوگوں نے اپنے کیمرے فوراً اس کی جانب کر دیئے اور اس کی فلم بنا لی۔ چار سیکنڈ تک یہ نظر آتی رہی اور پھر دیکھتے ہی دیکھتے غائب ہو گئی۔ یہ اڑن طشتری حجم میں بہت بڑی ہے۔ اور اس کی فلم بالکل واضح ہے۔

⑨ 1989ء میں نیویارک کے پرہجوم علاقے میں ہٹن کے ایک اپارٹمنٹ کی بارہویں منزل پر اپنے شوہر کے ساتھ سوئی ہوئی ''لنڈا'' نامی خاتون کو اڑن طشتری والوں نے اغواء کر لیا۔ اس پر خوب تجربات کئے اور چھوڑ گئے۔ اس واقعے کے بعد لنڈا کی نگرانی کے لئے امریکی انتظامیہ کی جانب سے دو خفیہ ایجنٹ لگا دیئے گئے لیکن ان کی آنکھوں کے سامنے دوبارہ 30 نومبر 1989ء کی صبح تین بجے نیویارک جیسے رات جاگتے شہر کے بیچ و بیچ ''مین ہٹن'' میں اڑن طشتری نمودار ہوئی اور لنڈا کے اپارٹمنٹ کے اوپر چکر کاٹتی رہی۔ ان کے ساتھ ایک بین الاقوامی سفارتکار بھی اس واقعہ کا عینی شاہد ہے جو اپنی کار میں کسی میٹنگ سے واپس آ رہا تھا۔ جب ان کی کاروں کا قافلہ بروکلین برج پر پہنچا تو ان سب کی کاروں کے

Marfat.com

انجن خود ہی بند ہو گئے۔

⑩ 10 اکتوبر 1973 کو یوایس کوسٹ گارڈ کٹر جب گوانتا ناموں (کیوبا) کی جانب سفر کر رہا تھا تو اس کے عرشے پر نگراں عملے نے بڑے واضح طور پر پانچ اڑن طشتریوں کو ''V'' کی شکل میں جہاز کی حدود اور اس کے اوپر سے پرواز کرتے ہوئے دیکھا۔ ان میں سے ہر ایک طشتری V کی شکل کی تھی۔ جن کی پرواز بہت تیز تھی اور جہاز کی طرف آتے اور دور جاتے ہوئے ان کے رنگ کبھی سرخ اور کبھی نارنجی رنگ میں بدل رہے تھے۔

ڈان کیمبیل اور اُڑن طشتری: اپریل 1952 میں ڈان کیمبیل (سیکرٹری برائے بحری (امریکی) وزارت) جزائر ہوائی کے اوپر سفر کر رہا تھا۔ اس نے دیکھا کہ دو اڑن طشتریاں بہت تیزی کے ساتھ ان کے طیارے سے قریب ہو رہی ہیں۔ پھر وہ دونوں اڑن طشتریاں ان کے طیارے کے گرد چکر لگانے لگیں جیسے طیارے کی تلاشی لے رہی ہوں۔ کیمبیل جب واشنگٹن واپس آیا تو اس نے امریکی فضائیہ سے اس بارے میں جاننے کی کوشش کی۔ لیکن امریکی فضائیہ اور امریکی سی آئی اے نے اس کو یہ بات سمجھادی کہ اگر اپنی نوکری کو بچانا چاہتے ہو تو جو کچھ آپ نے دیکھا ہے اس کو بھول جاؤ۔

امریکی صدر سے ملاقات: اڑن طشتریوں میں سوار قوتوں نے یہ کوشش کی ہے کہ دنیا والے انکو کسی اور سیارے کی مخلوق سمجھیں۔ اس لئے انہوں نے اپنا حلیہ کسی خلائی مخلوق کی طرح بنا کر انسانوں کے سامنے خود کو ظاہر کیا ہے۔ چنانچہ ان کو ''Aliens'' پردیسی یا اجنبی کا نام دیا گیا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ وہ پردیسی نہیں بلکہ اسی دنیا کے لوگ ہیں جو عالمی کفریہ طاقتوں کے اہم لوگوں سے رابطے میں رہتے ہیں۔ یہ بات ہم اپنی طرف سے نہیں کہہ رہے بلکہ اس کا ثبوت بھی موجود ہے۔ چنانچہ 1951ء میں ایک اڑن طشتری امریکہ کے ایک فوجی ائیر پورٹ پر اتری۔ اس اڑن طشتری کے اندر سے تین آدمی نکلے جو روانی سے انگریزی بول رہے تھے۔ انہوں نے امریکی صدر آئزن ہاور سے ملاقات کے لئے کہا۔ وہاں موجود فوجی افسران نے امریکی صدر آئزن ہاور سے رابطہ کیا۔ چار گھنٹے بعد امریکی

Marfat.com

صدر وہاں آیا اور اس نے اڑن طشتری والوں سے ملاقات کی۔ امریکی صدر کے ہمراہ تین فوجی تھے۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ اس دن ائیر پورٹ پر تمام کاروائیاں نامعلوم وجوہات کی بنا پر معطل رہیں۔ چنانچہ نہ تو کوئی فوجی اپنی جگہ سے ہلا' نہ کوئی طیارہ اڑا نہ کوئی کام ہوا۔ مکمل ایمرجنسی نافذ کر دی گئی۔ پھر اڑن طشتری غائب ہو گئی۔ مذکورہ دعویٰ ماہر امریکی پروفیسر لین نے ایک امریکی سی آئی اے کے اہلکار کے حوالے سے 1956ء میں کیا۔ لیکن اس ملاقات میں کیا بات چیت ہوئی کسی کو کچھ پتہ نہ چل سکا۔

تین ماہ اُڑن طشتریاں نظر آتی رہی: 1976ء میں پورٹو ریکو (جو کہ برمودا تکون کی حدود میں ہے) میں اتنی زیادہ اڑن طشتریاں نظر آئیں کہ ان کو دیکھنے کے لئے ہائی وے پر چلتا ٹریفک جام ہو کر رہ گیا اور گاڑیوں کے انجن خود بخود ہی بند ہو گئے۔ ٹی وی' ریڈیو اور پریس کے بندے ان اڑن طشتریوں کے کرتب دیکھنے کے لئے جمع ہو گئے۔ تین ماہ تک اڑن طشتریوں کے پورے بیڑے بار بار ظاہر ہوتے رہے جیسے یہ کوئی معمول کی پرواز ہو۔

وائٹ ہاؤس اور اُڑن طشتریاں: 1952ء میں 13 جولائی سے 29 جولائی تک واشنگٹن ڈی سی پر اڑن طشتریاں دیکھی جاتی رہیں۔ ایک ہی رات 20 کی تعداد تک لوگوں نے اڑن طشتریاں دیکھیں۔ یہ 20 اڑن طشتریاں وائٹ ہاؤس کے اوپر چکر کاٹتی رہیں۔ اس پر امریکی عوام میں کافی شور مچا۔ حقیقت حال جاننے کے لئے جیٹ طیارے اڑے لیکن اڑن طشتریاں ان کے ساتھ چوہے بلی کا کھیل کھیلتی رہیں۔ طیارے جب اڑن طشتریوں کے اتنے قریب پہنچ جاتے جہاں سے ان کی تصویر اور ان کا معائنہ کیا جا سکتا تھا تو اڑن طشتریاں ناقابل یقین تیزی کے ساتھ ان سے بہت دور چلی جاتیں۔ اس سے امریکی عوام اور پریس میں مزید شور اٹھا۔ چنانچہ مجبوراً امریکی صدر ٹرومین نے بذات خود اڑن طشتریوں کی تفتیش کرنے والے مشن ''پروجیکٹ بلیو بیک'' کے نگران کیپٹن ایڈورڈ جے رپیلٹ سے بات کی اور اس واقعے کے بارے میں پوچھا لیکن جواب سن کر آپ کو حیرانی ہو گی کہ ایک کیپٹن امریکی صدر کے سامنے صاف جھوٹ بول گیا۔ اس نے ایسے کسی واقعے کا صاف انکار کر دیا

Marfat.com

اور کہا کہ راڈار سکرین پر جو کچھ نظر آیا وہ محض موسمی اثرات تھے لیکن اس جھوٹ بولنے میں کیپٹن رپیلٹ تنہا نہیں تھا بلکہ اس کے پیچھے باقاعدہ مضبوط گروہ تھا۔ جو یہ چاہتا تھا کہ حقیقت کوئی بھی نہ جان سکے۔

اڑن طشتریوں کے وائٹ ہاؤس کے اوپر سے گزرنے کے وقت کیپٹن ریپلٹ خود واشنگٹن میں موجود تھا لیکن اس واقعے کی اطلاع اسکو اخبار سے ہوئی۔ اس نے واشنگٹن میں گھوم پھر کر عینی شاہدین سے شہادتیں لینا چاہئیں تو پینٹا گون حکام نے اس کو اسٹاف کی گاڑی دینے سے ہی انکار کر دیا۔ اس کو کہا گیا کہ اگر آپ جانا چاہتے ہیں تو اپنی جیب سے کرائے کی ٹیکسی کر کے چلے جائیں۔ امریکہ میں موجود طاقتور قوتیں یہی چاہتی ہیں کہ برمودا اور اڑن طشتریوں کے بارے میں کوئی تحقیق نہ کی جائے۔ وہ بددل ہو کر سیدھا اوہایو میں اس پروجیکٹ کے ہیڈ کوارٹر پہنچا اور اس نے ایک راڈار اسپیشلسٹ سے اڑن طشتریوں کے بارے میں بات کی۔ یہ کیپٹن روئے جیمس تھا۔ اس نے کہا کہ غیر معمولی موسمی صورت حال میں راڈار پر نامعلوم اجسام ظاہر ہو سکتے ہیں۔

## اُڑن طشتریاں اور برمودا تکون:

① برمودا تکون کے اندر پانی میں مختلف قسم کی روشنیاں، آگ کے گولے، چمکدار بادل اور اڑن طشتریاں داخل ہوتی اور نکلتی ہوئی دیکھی جاتی رہی ہیں۔ اس موضوع پر ڈاکٹر مائیکل پریسنجر کا تحقیقی مقالہ کافی مدلل ہے کیونکہ انہوں نے اس علاقے میں خود کافی وقت گزارا ہے اور سمندر کے نیچے غوطہ خوری بھی کرتے رہے ہیں۔ وہ اپنی کتاب میں لکھتے ہیں:

''مجھے بتایا گیا کہ AUTEC تحقیقاتی ادارے کے علاقے میں متعدد اڑن طشتریاں دیکھی گئی ہیں۔ یہ اینڈروس کے جزائر بہاماس پر امریکی بحریہ کا مرکز ہے۔ بلکہ AUTEC ہی سمندر کے اندر ''ایریا 51'' ہے۔ یہ وہ علاقہ ہے جہاں امریکی حکومت کی جانب سے اڑن طشتریوں پر خفیہ تحقیقات کی جارہی ہیں اور جہاں وقتاً فوقتاً اڑن طشتریاں بھی آتی جاتی ہیں۔

Marfat.com

صدر وہاں آیا اور اس نے اڑن طشتری والوں سے ملاقات کی۔ امریکی صدر کے ہمراہ تین فوجی تھے۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ اس دن ائیر پورٹ پر تمام کاروائیاں نامعلوم وجوہات کی بنا پر معطل رہیں۔ چنانچہ نہ تو کوئی فوجی اپنی جگہ سے ہلا' نہ کوئی طیارہ اڑا نہ کوئی کام ہوا۔ مکمل ایمرجنسی نافذ کردی گئی۔ پھر اڑن طشتری غائب ہوگئی۔ مذکورہ دعویٰ ماہر امریکی پروفیسر لین نے ایک امریکی سی آئی اے کے اہلکار کے حوالے سے 1956ء میں کیا۔ لیکن اس ملاقات میں کیا بات چیت ہوئی کسی کو کچھ پتہ نہ چل سکا۔

تین ماہ اُڑن طشتریاں نظر آتی رہی: 1976ء میں پورٹو ریکو (جو کہ برمودا تکون کی حدود میں ہے) میں اتنی زیادہ اڑن طشتریاں نظر آئیں کہ ان کو دیکھنے کے لئے ہائی وے پر چلتا ٹریفک جام ہوکر رہ گیا اور گاڑیوں کے انجن خود بخود ہی بند ہوگئے۔ ٹی وی' ریڈیو اور پریس کے بندے ان اڑن طشتریوں کے کرتب دیکھنے کے لئے جمع ہوگئے۔ تین ماہ تک اڑن طشتریوں کے پورے بیڑے بار بار ظاہر ہوتے رہے جیسے یہ کوئی معمول کی پرواز ہو۔

وائٹ ہاؤس اور اُڑن طشتریاں: 1952ء میں 13 جولائی سے 29 جولائی تک واشنگٹن ڈی سی پر اڑن طشتریاں دیکھی جاتی رہیں۔ ایک ہی رات 20 کی تعداد تک لوگوں نے اڑن طشتریاں دیکھیں۔ یہ 20 اڑن طشتریاں وائٹ ہاؤس کے اوپر چکر کاٹتی رہیں۔ اس پر امریکی عوام میں کافی شور مچا۔ حقیقت حال جاننے کے لئے جیٹ طیارے اڑے لیکن اڑن طشتریاں ان کے ساتھ چوہے بلی کا کھیل کھیلتی رہیں۔ طیارے جب اڑن طشتریوں کے اتنے قریب پہنچ جاتے جہاں سے ان کی تصویر اور ان کا معائنہ کیا جا سکتا تھا تو اڑن طشتریاں ناقابل یقین تیزی کے ساتھ ان سے بہت دور چلی جاتیں۔ اس سے امریکی عوام اور پریس میں مزید شور اٹھا۔ چنانچہ مجبوراً امریکی صدر ٹرومین نے بذات خود اڑن طشتریوں کی تفتیش کرنے والے مشن "پروجیکٹ بلیو بیک" کے نگران کیپٹن ایڈورڈ جے رپیلٹ سے بات کی اور اس واقعے کے بارے میں پوچھا لیکن جواب سن کر آپ کو حیرانی ہوگی کہ ایک کیپٹن امریکی صدر کے سامنے صاف جھوٹ بول گیا۔ اس نے ایسے کسی واقعے کا صاف انکار کردیا

Marfat.com

اور کہا کہ راڈار سکرین پر جو کچھ نظر آیا وہ محض موسمی اثرات تھے لیکن اس جھوٹ بولنے میں کیپٹن ریپلٹ تنہا نہیں تھا بلکہ اس کے پیچھے باقاعدہ مضبوط گروہ تھا۔ جو یہ چاہتا تھا کہ حقیقت کوئی بھی نہ جان سکے۔

اڑن طشتریوں کے وائٹ ہاؤس کے اوپر سے گزرنے کے وقت کیپٹن ریپلٹ خود واشنگٹن میں موجود تھا لیکن اس واقعے کی اطلاع اسکو اخبار سے ہوئی۔ اس نے واشنگٹن میں گھوم پھر کر عینی شاہدین سے شہادتیں لینا چاہئیں تو پینٹا گون حکام نے اس کو اسٹاف کی گاڑی دینے سے ہی انکار کر دیا۔ اس کو کہا گیا کہ اگر آپ جانا چاہتے ہیں تو اپنی جیب سے کرائے کی ٹیکسی کر کے چلے جائیں۔ امریکہ میں موجود طاقتور قوتیں یہی چاہتی ہیں کہ برمودا اور اڑن طشتریوں کے بارے میں کوئی تحقیق نہ کی جائے۔ وہ بددل ہو کر سیدھا اوہایو میں اس پروجیکٹ کے ہیڈ کوارٹر پہنچا اور اس نے ایک راڈار اسپیشلسٹ سے اڑن طشتریوں کے بارے میں بات کی۔ یہ کیپٹن روئے جیمس تھا۔ اس نے کہا کہ غیر معمولی موسمی صورت حال میں راڈار پر نامعلوم اجسام ظاہر ہو سکتے ہیں۔

## اُڑن طشتریاں اور برمودا تکون:

① برمودا تکون کے اندر پانی میں مختلف قسم کی روشنیاں، آگ کے گولے، چمکدار بادل اور اڑن طشتریاں داخل ہوتی اور نکلتی ہوئی دیکھی جاتی رہی ہیں۔ اس موضوع پر ڈاکٹر مائیکل پریسنجر کا تحقیقی مقالہ کافی مدلل ہے کیونکہ انہوں نے اس علاقے میں خود کافی وقت گزارا ہے اور سمندر کے نیچے غوطہ خوری بھی کرتے رہے ہیں۔ وہ اپنی کتاب میں لکھتے ہیں:

''مجھے بتایا گیا کہ AUTEC تحقیقاتی ادارے کے علاقے میں متعدد اڑن طشتریاں دیکھی گئی ہیں۔ یہ اینڈروس کے جزائر بہاماس پر امریکی بحریہ کا مرکز ہے۔ بلکہ AUTEC ہی سمندر کے اندر ''ایریا 51'' ہے۔ یہ وہ علاقہ ہے جہاں امریکی حکومت کی جانب سے اڑن طشتریوں پر خفیہ تحقیقات کی جارہی ہیں اور جہاں وقتاً فوقتاً اڑن طشتریاں بھی آتی جاتی ہیں۔

Marfat.com

میں نے اس سمندر کے اندر تہہ میں جانے کا فیصلہ کر لیا۔ یہ علاقہ اینڈ روس میں فلوریڈا کے مغربی پام ساحل سے 177 میل جنوب مشرق میں واقع ہے۔ یہ وسیع علاقہ ہے جو کہ خفیہ منصوبوں کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے۔ یہاں پانی کے اندر غاریں ''نیلے سوراخ'' بھی ہیں۔ مجھے کئی ذرائع سے یہ معلوم ہوا کہ اینڈ روس بیس کی سیکورٹی انتہائی خفیہ پیمانے پر کی جاتی ہے۔ اینڈ روس کے پانیوں میں عجیب وغریب قسم کے جہاز دیکھے جاتے رہے ہیں جو اڑن طشتریوں سے بھی الگ کوئی سواری معلوم ہوتی ہے۔ اس جدید سواری کی حرکت ناقابل یقین حد تک پرسکون ہے لیکن اس کا موڑ کاٹنا اتنا تیز ہے کی انسان کو اپنی آنکھوں پر دھوکہ ہونے لگے۔ ایک بڑے تاجر نے مجھے اپنی آنکھوں دیکھا واقعہ سنایا کہ وہ ایک بار کشتی پر اینڈ روس (امریکہ) کے ساحل پر تفریح کی غرض سے نکلا۔ موسم بالکل صاف تھا۔ اسے دو میل کے فاصلے پر ایک بڑا ساکن جسم نظر آیا۔ وہ سمجھا کہ یہ وہیل مچھلی ہے۔ وہ اپنی کشتی کو اس کے اور قریب لے گیا۔ یہ عجیب طرح سے چمکتی ہوئی کوئی انتہائی جدید قسم کی سواری تھی اور انسانوں کی بنائی ہی لگتی تھی۔ اچانک یہ اتنی تیزی سے حرکت میں آئی کہ دیکھتے ہی دیکھتے سمندر کی موجوں کی نیچے غائب ہوگئی۔ مجھے اس سازش کے بارے میں بھی بتایا گیا جو زیر سمندر ''ایریا 51'' کے موضوع سے متعلق ہے۔ نومبر 1998 میں فلوریڈا میں واقع امریکی خلائی تحقیقاتی ادارے ''ناسا'' کے ہیڈ کوارٹر میں میں نے ایک انٹرویو کیا۔ اس نے مجھے بتایا کہ ایک انتہائی معزز اور عالمی شہرت یافتہ برطانوی غوطہ خور ''روب پالمر'' جو بہاماز میں واقع ''بلیو ہولز'' تحقیقاتی مرکز کا کئی سال تک ڈائریکٹر بھی رہا، اس کا کہنا تھا: ''بلیو ہولز درحقیقت سمندر کے اندر چھوٹی چھوٹی غاریں ہیں۔ میرے خیال میں یہ اڑن طشتریوں کے نکلنے کی جگہ ہو سکتی ہیں۔'' اس علاقے اور ''ایریا 51'' کے بارے میں اس غوطہ خور کی تحقیق کامیابی سے آگے بڑھ رہی تھی کہ جولائی 1997 میں اسرائیل کے بحر احمر میں غوطہ خوری کے دوران ہلاک ہوگیا۔ ناسا میں موجود میرے مخبر نے مجھے بتایا کہ بہت سے لوگوں کا یہ خیال ہے ''روب پالمر'' کو AUTEC تحقیقاتی ادارے کے حکام نے قتل کرایا ہے کیونکہ اس خفیہ

Marfat.com

راز کے بارے میں وہ بہت کچھ جان چکا تھا۔''[1]

② ''لائٹ گائڈڈ میزائل ڈسٹرائر'' نامی جہاز پر مامور راڈار آپریشنل انٹیلی جنس ''رابرٹ پی ریلے'' کہتا ہے:

''اکتوبر 1949 کے آخری دنوں میں ہم گوانتاناموں (کیوبا) میں ایک مہم کے بعد واپس آرہے تھے۔ اس وقت ہمارا جہاز کیوبا کے شمال میں سفر کر رہا تھا۔ بیشتر ملاح جہاز کی پوزیشن سے واقف نہیں ہوتے مگر میں چونکہ جہاز رانی سے منسلک تھا اس لئے میں جانتا تھا کہ ہم کہاں جا رہے تھے؟ ہم اس وقت تکون کے علاقے میں تھے۔ اس وقت رات کے گیارہ بج کر پینتالیس منٹ ہوئے تھے۔ کوئی چلایا کہ جہاز کے دائیں جانب والے نگراں نے کوئی چیز دیکھی ہے اور بے ہوش ہو گیا ہے۔ کوئی اور چلایا کہ راڈار پر کچھ نظر آرہا ہے؟ باہر کوئی پراسرار چیز ہے۔ ہم سب اس چیز کو دیکھنے باہر نکلے، یہ چاند جیسی کوئی چیز تھی جو افق سے بلند ہو رہی تھی لیکن اس کا حجم چاند سے تقریباً ایک ہزار گنا زیادہ تھا جیسے سورج نکل رہا ہو۔ وہ چیز خوبصورت روشن تھی مگر اس میں سے روشنی خارج نہیں ہو رہی تھی (یہ روشنی باہر کی جانب ہی تھی۔ اندر سے نہیں آرہی تھی)۔ وہ بتدریج پھیلتی جا رہی تھی۔ وہ افق پر گیارہ یا پندرہ میل فاصلے پر بلند ہوتی جا رہی تھی۔ تقریباً پندرہ منٹ تک اس کا حجم پھیلتا گیا۔ اسے میرے ساتھ موجود ستر یا ایک سو آدمیوں نے دیکھا۔ ان میں سے اکثر تو وقتی طور پر اپنے حواس ہی کھو بیٹھے تھے، ہر شخص اس قدر مبہوت ہو چکا تھا کہ کسی کو فوٹو کھینچنے کا خیال تک نہیں آیا۔ اس واقعے کو لاگ بک (جہاز میں موجود یادداشت لکھنے کی ڈائری) میں درج کیا تھا لیکن جب ہم نارفوک پہنچے تو چند افسران عرشے پر آئے اور جہاز کی لاگ بک اپنے ساتھ لے گئے۔ اب جو لاگ بک میں نے دیکھی اس میں صرف راستے کی تبدیلی کا ذکر تھا اس کے سوا کچھ نہ تھا۔ جی ہاں! اگلے روز ہم نارفوک پہنچے۔ ہر شخص اس واقعے کے بارے میں بات کر رہا تھا۔ ہمارے کپتان نے ہمیں ایک جگہ جمع کیا اور کہا کہ تم اس واقعہ کا کسی

---

[1] مقالہ ''برمودا ٹرائینگل اسٹار گیٹ'' از ڈاکٹر مائیکل پریسنجر.

Marfat.com

سے تذکرہ نہ کرو۔''[1]

③ میامی فلوریڈا کے ایک ماہر ملاح ڈون ڈلمو ینکو دو بار ان کا سامنا کر چکے ہیں۔ان کے مطابق اکتوبر 1969 میں وہ سمندر میں تھے کہ تھوڑے سے فاصلے پر ہی انہیں بڑی تیزی کے ساتھ کوئی آبدوز نماز چیز آتی دکھائی دی۔ یہ آبدوز نہیں تھی، اس کا رنگ سرمئی تھا اور اس کی لمبائی 150 سے دوسوفٹ تک تھی۔ وہ ٹھیک اس کی سمت آرہی تھی اور ٹکراؤ یقینی تھا۔ ڈون ڈلمو ینکو کہتے ہیں کہ میں نے موٹر بند کی اور بس دعائیں مانگنے لگا۔ پھر میں حیران رہ گیا کہ وہ آبدوز نماز چیز میری کشتی کے نیچے سے غوطہ لگا کر اپنی راہ چلتی دور نیلے پانیوں میں غائب ہوگئی۔

④ 11 اپریل 1963 کو بوئنگ 707 سمندر کی لہروں کو دھکیلے اپنی منزل کی طرف رواں تھا۔اس کے پائلٹ، اور انجینئر نے دیکھا جو کہ ''سان جو آن'' سے نیویارک کی طرف جارہے تھے کہ برمودا تکون کے علاقے میں سمندر سے گوبھی کے پھول کے مانند پانی کے ایک بہت بڑے پہاڑ کو بلند ہوتے ہوئے دیکھا۔ ایک اور محقق بلی بوتھ اپنے مقالے ''اڑن طشتریاں برمودا تکون میں'' (UFO in the Bermuda Triangle) لکھتے ہیں:

''مجھے امریکی بحریہ کے طیارہ بردار جہاز یوایس ایس جان ایف کینیڈی پر موجود عملے کے ایک شخص نے بتایا کہ وہ 1971 میں امریکی بحریہ کے جہاز یوایس ایس جان ایف کینیڈی پر نارفوک ورجینیا سے واپس آرہا تھا۔ وہ اس جہاز پر مواصلات کے مرکز میں ڈیوٹی پر تھا۔ تب ہی مواصلات کے کمرے میں موجود سب ہی لوگوں نے کسی کو چیختے ہوئے سنا ''جہاز کے اوپر کوئی چیز منڈلا رہی ہے۔ تھوڑی دیر بعد کوئی اور چلایا'' دنیا فنا ہونے والی ہے۔'' یہ سن کر ہمارے کمرے سے چھ آدمی اوپر کی طرف دوڑے۔ انہوں نے اوپر نظر ڈالی تو وہ مبہوت رہ گئے۔ ان کے اوپر ایک بہت بڑا اکڑا گھوم رہا تھا، یہ اڑن طشتری تھی اور اس میں سے کوئی آواز نہیں آرہی تھی۔ اس کے اندر سے روشنی پھوٹ رہی تھی جو پیلی سے نارنجی رنگ میں تبدیل ہو جاتی تھی۔ یہ تقریباً بیس سیکنڈ تک جہاز کے اوپر رہی۔ اس دوران جہاز

---

① چارلس برلنز کی کتاب: "The Bermuda Triangle"

Marfat.com

کے کمپاس' راڈار اور دیگر آلات معطل رہے اور نہ ہی جہاز پر موجود F-4 فینٹم طیارے اسٹارٹ ہو سکے۔

چند دن بعد جب جہاز نارفوک کے قریب پہنچا تو ایک کیپٹن آیا اور اس نے تنبیہ کی کہ جو کچھ جہاز پر آپ لوگوں نے دیکھا ہے وہ جہاز تک ہی محدود رہنا چاہیے۔''

برموداتکون کے پانی کے اندر غوطہ خوروں نے بارہا سفید چمکدار عجیب قسم کی سواریاں دیکھی ہیں جو بہت تیزی کے ساتھ سفر کرتی ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ یہ وہی اڑن طشتریاں ہیں جن کو پانی سے نکلتے اور داخل ہوتے دیکھا جاتا رہا ہے۔

**اقوام متحدہ:** اڑن طشتریوں کو دیکھے جانے کے واقعات جب زیادہ ہونے لگے تو بعض ممالک کی جانب سے یہ مسئلہ اقوام متحدہ میں اٹھایا گیا اور 1976ء میں اقوام متحدہ نے اس بارے میں سنجیدگی سے غور کرنا شروع کیا۔ تمام رکن ممالک کو ہدایت کی کہ وہ اڑن طشتریوں کی دریافت کے آلات اپنے اپنے علاقوں میں نصب کریں تاکہ ان کی حرکات وسکنات کو آلات کے ذریعے ریکارڈ کیا جا سکے۔

## حقیقت پر پردہ آخر کیوں؟:

① 1960 میں کیلیفورنیا کے ائیر بیس سے F-101 طرز کا طیارہ تربیتی پرواز کیلئے اڑا۔ اسے ایئر فورس کا ایک میجر اڑا رہا تھا۔ مشن کی تکمیل کے بعد واپس آتے ہوئے یہ طیارہ راڈار پر دیکھا جا رہا تھا۔ اچانک راڈار اسکرین پر طیارے کے نظر آنیوالے عکس کو ایک بڑی اڑن طشتری کے عکس نے ڈھانپ لیا۔ یوں نظر آ رہا تھا کہ جیسے طیارے کو اس طشتری پر اتار لیا گیا ہے۔ اس کے بعد راڈار اسکرین بالکل خالی رہ گئی۔ نہ طیارہ اور نہ ہی اڑن طشتری کا کچھ پتہ تھا۔ تلاش جاری تھی کہ اگلی صبح طیارہ پھر نمودار ہوا جسے اب بھی وہی میجر اڑا رہا تھا۔ اس نے بتایا کہ اس نے طیارے سمیت اس اڑن طشتری میں اتار لیا گیا تھا جہاں ایک انسان نما مخلوق نے اس سے انٹرویو لیا۔ اس کی رپورٹ کے مطابق اسے اور اس کے

Marfat.com

طیارے کو دس گھنٹے بعد چھوڑا گیا۔ اس کے بعد پکڑے جانے کے وقت طیارے میں بیس منٹ کا ایندھن تھا اور جب اس کو چھوڑا گیا تب بھی اس میں اتنا ہی ایندھن باقی تھا۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ دس گھنٹے میں اس کا بالکل بھی ایندھن خرچ نہیں ہوا تھا۔ اس میجر کو ایک نفسیاتی ہسپتال میں داخل کر دیا گیا اور پھر کسی کو پتہ نہ چلا کہ اس کا کیا ہوا؟ نیز اس واقعے کے تمام گواہوں کو سخت ہدایت کر دی گئی کہ اگر کسی نے اس واقعے کے بارے میں زبان کھولی تو اس کو جرمانے اور قید کی سزا ہو سکتی ہے۔

② کیپٹن تھامس مینٹیل ایک بہت بڑی اڑن طشتری کا تعاقب کرتے ہوئے جان سے ہی ہاتھ دھو بیٹھا۔ 7 جنوری 1948 کو کیپٹن مینٹیل نے P-51 میں پرواز شروع کی۔ اس پرواز کا مقصد ایک بہت بڑی اڑن طشتری کی شناخت کی تصدیق کرنا تھا۔ یہ اڑن طشتری دن کے وقت کھلے آسمان میں بڑی واضح دکھائی دے رہی تھی۔ اڑن طشتری کے تعاقب کے دوران ہی کیپٹن مینٹیل کی موت واقع ہوگئی اور طیارہ چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں تبدیل ہو کر فضاء میں بکھر گیا۔ طیارے کے جو ٹکڑے ملے انہیں دیکھ کر یوں لگتا تھا کہ جیسے طیارے پر شدید قسم کی گولیوں کی بوچھاڑ کی گئی ہے۔ فوری طور پر ائیر فورس کی جانب سے اس حادثے کی کو وضاحت کی گئی۔ اس میں کہا گیا تھا کہ کیپٹن مینٹیل زہرہ (Venus) سیارے کا تعاقب کر رہا تھا۔

ذرا غور کیجئے! بھلا زہرہ سیارے کا تعاقب کبھی آپ نے سنا ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ امریکی حکومت نے برمودا تکون کی طرح اڑن طشتریوں کے بارے میں رونما ہونے والے حادثات پر بھی پردہ ڈالنا چاہا ہے اور اس کی کوشش کی ہے کہ لوگ ان واقعات کے بارے میں اپنی زبانیں بند ہی رکھیں۔

③ سابق امریکی صدر جمی کارٹر (دور صدارت 1977 تا 1981) وہ واحد امریکی صدر ہے جس نے اڑن طشتری خود دیکھنے کا دعویٰ کیا۔ جمی کارٹر کا کہنا ہے:

"I don't laugh any more at people when they say they have

Marfat.com

seen UFOs because i have seen one myself ''

(An interview to ABC news).

''میں ان لوگوں پر بالکل نہیں ہنستا جو یہ کہتے ہیں کہ انہوں نے اڑن طشتریاں دیکھی ہیں کیونکہ میں خود ایک اڑن طشتری دیکھ چکا ہوں۔''[1]

جمی کارٹر کے بقول جب وہ 1969ء میں جارجیا میں لائنز کلب کے ایک اجلاس میں شریک تھے۔ ان کے ساتھ ان کے اہل خانہ اور دیگر لوگ بھی اڑن طشتری دیکھنے والوں میں تھے۔ اس کے بعد جمی کارٹر نے یہ وعدہ کیا کہ میں وائٹ ہاؤس میں پہنچنے پر اڑن طشتریوں کے واقعات کی تحقیق کے لئے ماہرین اور سائنسدانوں پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دوں گا تا کہ وہ ہمیں ان کی حقیقت سے آگاہ کریں۔ لیکن جمی کارٹر امریکہ کی صدارت پر فائز ہونے کے باوجود اپنا وعدہ پورا نہ کر سکے۔ کیوں؟ کیا امریکہ میں کوئی اور بھی قوت ہے جو امریکی صدر سے زیادہ طاقتور ہے؟ کیا اڑن طشتریوں کے مالک کے سامنے امریکی صدر بھی بے بس ہے؟ یا جمی کارٹر کو ''خفیہ طاقت'' نے یہ دھمکی دی اگر جان پیاری ہے تو اڑن طشتریوں کو بھول جاؤ؟

④ ''لائٹ گائڈڈ میزائل ڈسٹرائر'' نامی جہاز پر مامور راڈار آپریشنل انٹیلی جنس ''رابرٹ پی ریلے'' کہتا ہے:

''اکتوبر 1949 کے آخری دنوں میں ہم گوانتانامو (کیوبا) میں ایک مہم کے بعد واپس آرہے تھے۔ اس وقت ہمارا جہاز کیوبا کے شمال میں سفر کر رہا تھا۔ بیشتر ملاح جہاز کی پوزیشن سے واقف نہیں ہوتے مگر میں چونکہ جہاز رانی سے منسلک تھا اس لئے میں جانتا تھا کہ ہم کہاں جا رہے تھے؟ ہم اس وقت تکون کے علاقے میں تھے۔ اس وقت رات کے گیارہ بج کر پینتالیس منٹ ہوئے تھے۔ کوئی چلایا کہ جہاز کے دائیں جانب والے نگراں نے کوئی چیز دیکھی ہے اور بے ہوش ہو گیا ہے۔ کوئی اور چلایا کہ راڈار پر کچھ نظر آرہا ہے؟ باہر کوئی پراسرار چیز ہے۔ ہم سب اس چیز کو دیکھنے باہر نکلے، یہ چاند جیسی کوئی چیز تھی جو افق

---

① اے بی سی نیوز کو ایک انٹرویو۔

Marfat.com

سے بلند ہو رہی تھی لیکن اس کا حجم چاند سے تقریباً ایک ہزار گنا زیادہ تھا جیسے سورج نکل رہا ہو۔ وہ چیز خوبصورت روشن تھی مگر اس میں سے روشنی خارج نہیں ہو رہی تھی (یہ روشنی باہر کی جانب ہی تھی۔ اندر سے نہیں آ رہی تھی)۔ وہ بتدریج پھیلتی جا رہی تھی۔ وہ افق پر گیارہ یا پندرہ میل فاصلے پر بلند ہوتی جا رہی تھی۔ تقریباً پندرہ منٹ تک اس کا حجم پھیلتا گیا۔ اسے میرے ساتھ موجود ستر یا ایک سو آدمیوں نے دیکھا۔ ان میں سے اکثر تو وقتی طور پر اپنے حواس ہی کھو بیٹھے تھے، ہر شخص اس قدر مبہوت ہو چکا تھا کہ کسی کو فوٹو کھینچنے کا خیال تک نہیں آیا۔ اس واقعے کو لاگ بک (جہاز میں موجود یادداشت لکھنے کی ڈائری) میں درج کیا تھا لیکن جب ہم نارفوک پہنچے تو چند افسران عرشے پر آئے اور جہاز کی لاگ بک اپنے ساتھ لے گئے۔ اب جو لاگ بک میں نے دیکھی اس میں صرف راستے کی تبدیلی کا ذکر تھا اس کے سوا کچھ نہ تھا۔ جی ہاں! اگلے روز ہم نارفوک پہنچے۔ ہر شخص اس واقعے کے بارے میں بات کر رہا تھا۔ ہمارے کپتان نے ہمیں ایک جگہ جمع کیا اور کہا کہ تم اس واقعہ کا کسی سے تذکرہ نہ کرو۔"[1]

⑤ 11 اپریل 1963 کو بوئنگ 707 کے پائلٹ اور انجینئر نے دیکھا وہ "سان جو آن" سے نیویارک کی طرف پرواز کر رہے تھے" کہ برموداتکون کے علاقے میں سمندر سے گوبھی کے پھول کے مانند پانی کے ایک بہت بڑے پہاڑ کو بلند ہوتے ہوئے دیکھا۔ ایک اور محقق بلی بوتھ اپنے مقالے "اڑن طشتریاں برموداتکون میں" ( UFO in the Bermuda Triangle ) لکھتے ہیں:

مجھے امریکی بحریہ کے طیارہ بردار جہاز یو ایس ایس جان ایف کینیڈی پر موجود عملے کے ایک شخص نے بتایا کہ وہ 1971 میں امریکی بحریہ کے جہاز یو ایس ایس جان ایف کینیڈی پر نارفوک ورجینیا سے واپس آ رہا تھا۔ وہ اس جہاز پر مواصلات کے مرکز میں ڈیوٹی پر تھا۔ تب ہی مواصلات کے کمرے میں موجود سب ہی لوگوں نے کسی کو چیختے ہوئے سنا

1۔ چارلس برلز کی کتاب: "The Bermuda Triangle".

Marfat.com

''جہاز کے اوپر کوئی چیز منڈلا رہی ہے۔ تھوڑی دیر بعد کوئی اور چلایا'' دنیا فنا ہونے والی ہے۔'' یہ سن کر ہمارے کمرے سے چھ آدمی اوپر کی طرف دوڑے۔ انہوں نے اوپر نظر ڈالی تو وہ مبہوت رہ گئے۔ ان کے اوپر ایک بہت بڑا کڑا گھوم رہا تھا، یہ اڑن طشتری تھی اور اس میں سے کوئی آواز نہیں آ رہی تھی۔ اس کے اندر سے روشنی پھوٹ رہی تھی جو پیلی سے نارنجی رنگ میں تبدیل ہو جاتی تھی۔ یہ تقریباً بیس سیکنڈ تک جہاز کے اوپر رہی۔ اس دوران جہاز کے کمپاس، راڈار اور دیگر آلات معطل رہے اور نہ ہی جہاز پر موجود F-4 فینٹم طیارے اسٹارٹ ہو سکے۔

چند دن بعد جب جہاز نارفوک کے قریب پہنچا تو ایک کیپٹن آیا اور اس نے تنبیہ کی کہ جو کچھ جہاز پر آپ لوگوں نے دیکھا ہے وہ جہاز تک ہی محدود رہنا چاہئے۔

برمودا تکون اور اڑن طشتریوں پر تحقیق کرنے والے مشہور محقق چارلس برلٹز نے 1980 میں روزویل انسی ڈینٹ (Roswell Incident) کے نام سے کتاب لکھی ہے جس میں انہوں نے نوے عینی شاہدین کے انٹرویو کئے ہیں کہ اب تک دنیا کے مختلف خطوں میں اڑن طشتریاں حادثات کا شکار ہو کر زمین پر گر چکی ہیں۔

⑥ 1975ء میں امریکی ریاست ایریزونا کے علاقے اسنوفلیک کے قریب جنگلات کا افسر والٹن اپنے پانچ دوستوں کے ساتھ جا رہا تھا۔ پانچوں نے اپنی کار کے اوپر ایک روشنی کو چکر لگاتے ہوئے دیکھا۔ والٹن گاڑی سے اترا اور روشنی کی جانب دوڑ لگا دی۔ اسی وقت اس کے اوپر ایک شعاع پڑی اور وہ زمین پر گر پڑا۔ اس کے دوستوں نے اس کو گرتا دیکھ کر اس کی طرف دوڑ لگائی لیکن والٹن غائب تھا۔ دوستوں کی سمجھ میں نہیں آ سکا کہ دیکھتے ہی دیکھتے اس کو آسمان نگل گیا یا زمین کھا گئی۔ پانچ دن کے بعد والٹن اسی جگہ کے قریب سے ملا۔ اس نے بتایا کہ وہ پانچ دن اڑن طشتری میں اسی مخلوق کے ساتھ رہا ہے۔

⑦ 2 جولائی 1947ء بدھ کی شام روزویل نیو میکسکو میں اڑن طشتریاں حادثے کا شکار ہو گئیں۔ روزویل آرمی ایئر بیس نے ان اڑن طشتریوں کو اپنے قبضے میں لے لیا۔ میں آٹھ

Marfat.com

اجنبی (Aliens) تھے جن میں سے چھ مر چکے تھے اور دو زندہ تھے۔

(Crash at Corona)

اس کے بعد اڑن طشتری والوں سے امریکی حکومت نے ایک خفیہ علاقے جس کو ایریا 51 کہا جاتا تھا' خفیہ مذاکرات کئے۔ روزویل ڈیلی ریکارڈ اخبار نے اس حادثے کی خبر 8 جولائی 1947 کو پہلے صفحہ پر اس سرخی کے ساتھ شائع کی:

"RAAF Captures Flying Saucer on Ranch in Roswell Region"

یہ باقاعدہ پریس ریلیز تھی جو امریکی ایئر فورس کے کرنل ولیم بلین چرڈ کے حکم سے میڈیا کو جاری کی گئی تھی لیکن حیرت کی بات ہے کہ کرنل ولیم نے چند گھنٹے بعد ہی اپنی اس پریس ریلیز کی تردید کر دی اور اگلے دن کے اخباروں میں یہ بیان شائع کرایا کہ یہ اڑن طشتریاں نہیں بلکہ موسمی غبارے تھے۔ ذرا آپ امریکیوں کی سادگی پر غور کیجئے۔ امریکی ایئر فورس کرنل کو اتنی بھی پہچان نہ ہو سکی کہ یہ غبارے ہیں یا اڑن طشتریاں؟

تمام لکھنے والوں کو مجبور کیا گیا کہ وہ بھی یہی لکھیں۔ ایسا نہ کرنے کی صورت میں جان سے مارنے کی دھمکیاں بھی دی گئیں لیکن ''میک بریزل سج'' نامی سائینٹسٹ نے تباہ شدہ اڑن طشتریوں کا ملبہ سب سے پہلے دیکھا تھا اس نے 9 جولائی کے مضمون میں صاف کہا کہ وہ موسمی غباروں کو اچھی طرح پہنچانتا ہے لیکن اس بار جو ملبہ اس نے دیکھا وہ غبارے نہیں تھے۔

اس مضمون کے فوراً بعد بریزل کو کئی دنوں کے لئے غائب کر دیا گیا اور جب وہ واپس آیا تو اس موضوع پر پھر کبھی بات نہیں کی۔ جیسے اسے سانپ سونگھ گیا ہو۔

اڑن طشتریوں کو دنیا کے مختلف خطوں میں دیکھا گیا ہے لیکن ان کی حقیقت کو بھی گڈ مڈ کرنے کی کوشش کی گئی حتیٰ کہ بعض نے تو ان کے وجود کا ہی انکار کر دیا ہے کہ ایسی کوئی چیز دنیا میں پائی ہی نہیں جاتی۔ ان کے بارے میں ایک یہ نظریہ مشہور کرنے کی کوشش کی گئی کہ یہ

Marfat.com

خلائی مخلوق کی سواری ہے اور ان میں خلائی مخلوق سوار ہو کر ہماری اس دنیا میں گھومنے پھرنے کی غرض سے آجاتی ہے۔ یہ نظریہ اصلی حقیقت پر پردہ ڈالنے کی کوشش کے سوا کچھ نہیں۔ اڑن طشتریوں کے وجود کا انکار اب اس وجہ سے بھی ممکن نہیں رہا کہ ان کو دیکھے جانے کے واقعات بہت زیادہ ہیں۔ نیز بیک وقت دیکھنے والوں کی تعداد اتنی زیادہ ہے کہ ان سب پر کسی وہم، تخیل یا جھوٹ کا الزام لگا کر رد نہیں کیا جا سکتا۔ گزشتہ چند سالوں میں لوگوں نے ان کی تصویریں اور ویڈیو بھی بنائی ہے۔

امریکہ کی ذہنی غلامی میں مبتلا لوگ وہاں کی انسانی آزادی اور آزادی صحافت کی تعریفیں کرتے نہیں تھکتے۔ یہ خیال محض مرعوبیت ہے، ورنہ وہ بھی جانتے ہیں کہ امریکہ میں صرف انہی امور پر لکھنے بولنے کی آزادی ہے جس سے وہاں کی خفیہ قوتوں کے مفادات پر ضرب نہ پڑتی ہو لیکن ایسا کوئی بھی مسئلہ جس کو وہ ظاہر کرنا نہ چاہتے ہوں اس بارے میں امریکی صدر کو بھی منہ بند رکھنے پر مجبور کر دیتے ہیں۔

برمودا تکون اور اڑن طشتریوں کے بارے میں سیکڑوں تحقیقی ٹیمیں بنائی گئیں۔ تحقیقات ہوئیں لیکن رپورٹ کبھی منظر عام پر نہیں آنے دی گئی۔ تمام رپورٹیں فائلوں میں بند پڑی رہ گئیں۔ اگر کسی نے بات نہ مان کر اپنی تحقیق کو جاری رکھا تو اس کو جان سے ہی ہاتھ دھونا پڑا۔

ابتدا میں اڑن طشتری دیکھنے کی گواہی دینے والے وہمی (Fantasy Prone) ہیں لیکن جب وائٹ ہاؤس کے اوپر بیک وقت بیس اڑن طشتریاں نظر آئیں تو اب ایک اور بہانہ بنایا گیا۔ لوگوں کو یہ بتایا گیا کہ یہ کسی اور سیارے کی مخلوق ہے جو ''پکنک'' منانے ہماری زمین پر آجاتی ہے۔

آپ خود سمجھ سکتے ہیں کہ اگر یہ کسی اور سیارے کی مخلوق ہے تو ان کے بارے میں تحقیق کرنے والوں کو موت کی نیند کیوں سلا دیا گیا۔ چنانچہ غیر جانب دار محققین کو اس بات کا یقین ہے کہ ان کے بارے میں ایسا کچھ ضرور ہے جس کو امریکہ میں موجود انتہائی طاقتور لیکن

Marfat.com

خفیہ ہاتھ دنیا والوں سے پوشیدہ رکھنا چاہتے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ جیسوب کو پراسرار طور پر قتل کر دیا گیا کیونکہ وہ اڑن طشتریوں اور برمودا تکون کی حقیقت تک پہنچنے میں کامیاب ہو گئے تھے۔ ڈاکٹر جیسوب اپنے ان نظریات کے بارے میں ڈاکٹر ویلنٹائن سے گفتگو کرنے جا رہے تھے لیکن ان کو راستے ہی میں مار دیا گیا۔ ان کی کار کے ایگز ہاسٹ سے ایک فیوز منسلک کر کے کار کے اندر لے جایا گیا تھا جس کے نتیجے میں کاربن مونو آکسائیڈ گیس کار کے اندر بھر گئی تھی۔ ڈاکٹر ویلنٹائن کے بیان کے مطابق ''جس وقت پولیس ڈاکٹر جیسوب کی کار کے پاس پہنچی اس وقت ڈاکٹر زندہ تھے (اس کا مطلب ہے کہ ان کو مر جانے دیا گیا) ان کے نظریات بہت ایڈوانسڈ تھے اور ایسے لوگ موجود تھے جنہیں ان نظریات کا لوگوں کے سامنے آنا پسند نہیں تھا۔''

اس کے بعد ڈاکٹر جیسوب کے تحقیقی سلسلے کو ایک اور بڑے سائنسداں جیمس ای میکڈونلڈ نے آگے بڑھانا چاہا لیکن 13 جون 1971ء کو اس کے سر میں گولی مار کر اس کو بھی خلاؤں سے پار پہنچا دیا گیا۔ سرکاری اعلان وہی تھا کہ اس نے خودکشی کی ہے۔

اسی جرم کی پاداش میں ایک اور سائنسدان روب پالمر کو زندہ ہی بحر احمر میں ڈبو دیا گیا۔ سابق امریکی صدر جمی کارٹر وعدے کے باوجود اس بارے میں کوئی تحقیق نہیں کرا سکے۔ برطانیہ اور امریکہ میں کئی وزراء اعظم اور صدور اپنی انتخابی مہموں کے دوران اپنے ووٹروں سے یہ وعدہ کر چکے تھے کہ وہ الیکشن میں کامیاب ہو کر ان تمام رپورٹوں کا منظر عام پر لائیں گے جو اڑن طشتریوں سے متعلق فائلوں میں بند پڑی ہیں۔ موجودہ امریکی صدر باراک اوباما بھی انہی وعدہ کرنے والوں میں شامل ہیں۔

غور کرنے کی بات ہے کہ اگر یہ اڑن طشتریاں خلائی مخلوق کی ملکیت ہیں تو اس کے بارے میں رپورٹ شائع کرنے میں امریکی صدر اور برطانوی وزیر اعظم کو کیا چیز روک رہی ہے اور تحقیق کرنے والوں کو قتل کیوں کرا دیا جاتا ہے۔

اُڑن طشتری کا لقمہ: امریکی فوج کا ٹرانسپورٹ طیارہ محو پرواز تھا۔ اس میں 26 افراد سوار

Marfat.com

تھے۔اس کو راڈار کی اسکرین پر واضح دیکھا گیا۔راڈار کی اسکرین پر بیٹھے امریکی اہلکار کو اچانک یوں لگا جیسے اس کے سامنے کوئی گیند آکر گری ہو۔یہ گیند نہیں تھی بلکہ اڑن طشتری تھی جو اچانک اس کی اسکرین پر نمودار ہوئی تھی اور انتہائی تیز رفتاری کے ساتھ امریکی فوج کے ٹرانسپورٹ طیارے کی جانب بڑھ رہی تھی۔راڈار کی اسکرین پر بیٹھے اہلکار نے طیارے کے پائلٹ کو خبردار کرنا چاہا لیکن اسکو یہ مہلت نہ مل سکی اور اس کے دیکھتے ہی دیکھتے اڑن طشتری طیارے کے ساتھ اس طرح جا ملی جیسے دو جسم ایک ہو گئے ہوں۔گویا اڑن طشتری نے پورے طیارے کو مع 26 افراد کے اپنے اندر نگل لیا تھا۔اس کے بعد اڑن طشتری کی رفتار دوگنی ہوگئی اور راڈار کی حدود سے نکل کر ایک لمحے میں غائب ہوگئی۔فوراً ہی امریکی فضائیہ حرکت میں آئی اور علاقے کی فضائیں اور سمندر چھان مارا لیکن کچھ پتہ نہ لگ سکا۔

بمبار جیٹ طیارہ F-86 غائب: امریکی فضائیہ کے ایک ائیربیس کے راڈار پر ایک اڑن طشتری ظاہر ہوئی اس کے تعاقب میں امریکی بمبار جیٹ طیارہ F-86 فوراً اڑا۔اس طیارے نے اڑن طشتری کی تلاش میں وسیع میدان کا چکر کاٹا، تبھی اچانک راڈار کی اسکرین پر بیٹھے امریکی اہلکار نے راڈار کی اسکرین پر اڑن طشتری کو سیدھا امریکی طیارے کی جانب آتا ہوا دیکھا۔اس نے طیارے کے پائلٹ کو فوراً پیغام ارسال کر کے اس خطرے کی جانب آتا ہوا دیکھا لیکن چند لمحوں میں ہی اس کو یوں لگا جیسے اڑن طشتری طیارے سے ٹکرائی ہے لیکن اس کے بعد راڈار کی اسکرین پر صرف اڑن طشتری نظر آرہی تھی اور طیارے کا کہیں کچھ پتہ نہیں تھا۔راڈار پر مامور اہلکاروں نے اڑن طشتری سے رابطہ کرنا چاہا لیکن اس لمحے اڑن طشتری بھی غائب تھی۔یوں لگتا تھا کی جیسے طیارے کو اڑن طشتری نے اپنے اندر نگل لیا ہو۔

اس کے بعد امریکی فوج، فضائیہ اور تمام انتظامیہ اپنے F-86 طیارے کی تلاش کرتے رہے لیکن پورا طیارہ کہاں غائب ہوا امریکہ کی ٹیکنالوجی اس کو تلاش کرنے میں ناکام رہی۔حتیٰ کہ کسی حادثہ کا کوئی نشان یا طیارے کا کوئی ملبہ بھی ان کے ہاتھ نہ آسکا۔

ہماری طرح انسان: جن محققین نے غیر جانبداری کے ساتھ برمودا تکون پر تحقیقی کام کیا

Marfat.com

ہے وہ اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ اڑن طشتریوں والے کوئی خلائی مخلوق نہیں جیسا کہ ان کے بارے میں یہ تاثر دینے کی کوشش کی جاتی رہی ہے بلکہ ہماری اسی دنیا کے انسان ہیں۔ البتہ وہ اپنے حلیے اپنے لباس اور اپنی چال ڈھال سے یہ تاثر دینے کی کوشش کرتے ہیں کہ وہ انسان نہیں بلکہ خلائی مخلوق ہیں۔ ان کا جسم ہمارے جسم کی طرح ہے۔ ناک، کان، منہ آنکھیں ہاتھ، پاؤں اور دیگر تمام اعضاء بھی عام انسانوں کی طرح ہیں۔ اس کی دلیل میں بہت سارے واقعات ہیں۔ جن کی تفصیل میں نہ جاتے ہوئے صرف اتنا سمجھنا کافی ہے کہ اڑن طشتری والوں کے ذریعے جن افراد کو اغواء کیا جارہا ہے ان کے بیان کے مطابق اغوا کرنے والے ہماری طرح انسان ہی ہیں۔ البتہ وہ ہر زبان میں بات کر سکتے ہیں۔

مشہور سائنسدان البرٹ آئنسٹائن کا بھی اس بارے میں یہی نظریہ ہے۔ ہفت روزہ الاسبوع العربی نے 29 جنوری 1979ء کے شمارے میں لکھا "البرٹ آئنسٹائن کے مطابق بلاشک وتردید اڑن طشتریاں موجود ہیں اور یہ اڑن طشتریاں جن ہاتھوں کے کنٹرول میں ہیں وہ بھی انسان ہی ہیں۔"

جو اڑن طشتریاں حادثات کا شکار ہوئیں ان میں سے ملنے والی لاشیں انسانوں کی تھیں۔ اگر یہ انسان ہی ہیں تو ان کا بادشاہ یا مالک کون ہے؟ اس قدر جدید ٹیکنالوجی اور بے پناہ خفیہ کمین گاہوں میں بیٹھ کر وہ کس کے خلاف جنگ کی تیاریاں کر رہے ہیں؟ امریکی صدر آئزن ہاور سے انہوں نے ملاقات کی، دیگر امریکی صدوران کے بارے میں رپورٹیں شائع کیوں نہیں کرتے؟

ان سب باتوں سے یہ سمجھ آتا ہے کہ ان کی حقیقت کے بارے میں اس یہودی لابی کو اچھی طرح علم ہے جو امریکہ وبرطانیہ سمیت اس وقت تمام دنیا پر قابض ہے۔ جبکہ اڑن طشتری والے خواہ وہ جو بھی ہیں اس یہودی لابی سے زیادہ طاقتور ہیں۔

اڑن طشتری والوں کا حیرت انگیز جدید ترین نظام اور یہ دنیا: وہ کون ہیں جو ہماری اس معلوم دنیا کی ٹیکنالوجی سے کئی صدیاں آگے ہیں؟ فضاؤں، خلاؤں، خشکی وتر میں اگر ان

Marfat.com

کے پاس اتنی جدید ٹیکنالوجی ہے تو دیگر روزمرہ کے استعمال کی اشیاء ان کے پاس کیسی ہوں گی؟

میڈیکل کے شعبے میں جیسا کہ پہلے بعض اغواء کنندگان کے حوالے سے یہ بتایا جا چکا ہے کہ اڑن طشتری والوں سے ملاقات کے بعد ان میں حیرت انگیز تبدیلی پیدا ہوئی ہے نیز فادر فریکیڈو کے بیان کے مطابق دائمی اور پیدائشی مریضوں کا صحت یاب ہو جانا۔ اس بات سے اس شعبے میں ان کی ترقی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وہ دائمی اور پیدائشی مریضوں کا کامیاب علاج کر سکتے ہیں۔ جسے دیکھ کر کمزور ایمان والے انہیں شاید خدا سمجھ بیٹھیں۔

کلوننگ: اس وقت ایسے ٹیکے مارکیٹ میں موجود ہیں جن کو لگانے سے گائے بھینس وغیرہ کئی گناہ زیادہ دودھ دینے لگتی ہیں۔ اس کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ برموداوالوں کی اس شعبے میں ترقی کا اندازہ لگائیے۔ کیا ایسا کہہ سکتے ہیں کہ وہ گائے بھینسوں کے تھن دودھ سے بھرنے کے علاوہ تھنوں کو دودھ سے سکھانے کی قوت بھی حاصل کر چکے ہیں؟ یقیناً لیزر شعاعوں کے ذریعے یہ کام کوئی مشکل نہیں ہے اور کلوننگ کے ذریعے مرے ہوئے جانوروں کو زندہ کر کے دکھا سکتے ہیں؟

لیزر شعاؤں کے کمال: لیزر شعاؤں کے بارے میں آپ تھوڑا بہت جانتے ہوں گے۔ اس وقت کی ٹیکنالوجی میں اس کو جدید ترین سمجھا جا رہا ہے۔ لیزر شعاعوں کے استعمال پر اگر کوئی قوت عبور حاصل کر چکی ہو تو وہ ایسے ایسے کارنامے انجام دے سکتی ہے کہ لوگ اس کو معجزہ سمجھ کر اس کی طاقت پر ایمان لا بیٹھیں گے۔ لیزر شعاعوں کے ذریعے بڑے سے بڑے سرسبز کھیتوں کو منٹوں میں سکھا کر بنجر بنایا جا سکتا ہے، بنجر زمین کو لہلہاتے ہرے بھرے کھیت میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ آسانی کے لئے اس کو تفصیل سے سمجھتے چلئے۔

آپ ٹی وی کمپیوٹر سکرین پر جو کچھ دیکھتے ہیں یہ صرف شعاعیں ہی ہوتی ہیں۔ جو مختلف جاندار و بے جان مناظر کی شکل میں آپ کو اسکرین پر نظر آ رہی ہوتی ہیں۔ ان مناظر کو دیکھنے کے لئے ابھی آپ ایک اسکرین کے محتاج ہیں لیکن مستقبل قریب میں یہ سب کچھ دیکھنے کے لئے اسکرین کی ضرورت نہیں ہوگی۔ لیزر شعاعیں براہِ راست کسی بھی جگہ مار کر

Marfat.com

یہ سب کچھ دیکھا جا سکے گا حتی کہ فضاء میں بھی۔ آپ دیکھیں گے کہ کسی چوک پر کمپنی کا اشتہار آپ کو حرکت کرتا ہوا نظر آ رہا ہو گا لیکن سائن بورڈ کے بغیر۔ اشتہار کے لئے سائن بورڈ کی ضرورت نہیں ہو گی بلکہ براہ راست فضاء میں لیزر شعاعوں سے وہی منظر بنا دیا جائے گا جو سائن بورڈ پر بنایا جاتا ہے۔ اسی طرح ٹی وی اسکرین کے بغیر وہ سب کچھ فضاء میں دکھا دیا جائے گا جو ٹی وی سکرین پر نظر آتا ہے۔ چنانچہ اگر کسی بنجر زمین پر لیزر شعاعیں ڈال کر سرسبز کھیت کا منظر دکھانا چاہیں تو دکھایا جا سکتا ہے۔ اسی طرح ان شعاعوں کے ذریعے بڑی بڑی عمارتوں کو غائب کر دینا، زمین اور سمندر میں زلزلے پیدا کرنا، انسان کے دو ٹکڑے کر کے لوگوں کو دکھانا یعنی بعض چیزوں میں حقیقی تباہی اور اکثر میں نظر بندی کا کام لیزر شعاعوں سے لیا جا سکتا ہے۔

اس وقت امریکہ کے پاس لیزر گائیڈڈ میزائل' طیاروں اور میزائلوں کو تباہ کرنیوالی لیزر شعاعیں ہیں لیکن ابتدائی مرحلے میں۔ تو کیا آپ کا ذہن اس بات کو تسلیم نہیں کرے گا کہ برمودا تکون والے لیزر شعاعوں پر عبور حاصل کر چکے ہیں؟

**مواصلات کا نظام:** اڑن طشتریوں کے بارے میں آپ نے پڑھا کہ ان کے ظاہر ہونے سے دنیا کا جدید مواصلاتی نظام ٹھپ ہو کر رہ جاتا ہے۔ ہزاروں کلامیٹر دوسرے سیٹلائٹ کی فلموں کو صاف کرنے کی صلاحیت ان میں ہے۔ ذرا تصور کیجئے کہ اس میدان میں وہ کتنے آگے ہوں گے۔ دنیا کے تمام ای میل' فون کالیں' ایس ایم ایس کیا پہلے ان کے پاس جاتے ہیں؟

انٹرنیٹ نظام کے بارے میں اہل فن کے ہاں یہ مشہور ہے یہ سارا نظار پینٹاگون سے کنٹرول ہوتا۔ اس کا ''مین سرور'' (Main Server) پینٹا گون ہے۔ شاید ایسا نہیں ہے بلکہ برمودا والوں کی ٹیکنالوجی کے بارے میں جاننے کے بعد یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ سارا نظام ان کے سامنے اس طرح ہے جیسے کمپیوٹر کی اسکرین آپ کے سامنے۔ کیونکہ یہ سارا نظام سیٹلائٹ سے چل رہا ہے۔ سیٹلائٹ کے بارے میں آپ پڑھ چکے ہیں کہ برمودا کے اندر

Marfat.com

بیٹھے بیٹھے وہ کس طرح سیٹلائٹ کے ڈیٹا کو کنٹرول کر لیتے ہیں۔

کوئی بھی کمپیوٹر انٹرنیٹ سے منسلک ہونے کے بعد کیا ان کی نظروں سے بچا رہ سکتا ہے۔؟ نادرا' آن لائن بینکنگ' ٹکٹنگ' شاپنگ' جگہ جگہ لگے سیکورٹی کیمرے یہ سب معلومات برمودا کی کھڑکیوں (Windows) سے انہی قوتوں کے پاس تو نہیں جاتیں۔ یہ جو ونڈوز (Windows) آپ اپنے کمپیوٹر میں استعمال کرتے ہیں کبھی سوچا یہ کس کی کھڑکیاں (ونڈوز) ہیں۔ یہ کھڑکیاں آپ کے لئے ہیں یا برمودا والوں کے لئے جن سے وہ ساری دنیا کو جھانک رہے ہیں؟

بازار میں ایسے جدید لیپ ٹاپ دستیاب ہیں جو ہر وقت انٹرنیٹ سے منسلک رہتے ہیں۔ آپ اس میں جتنا بھی ڈیٹا رکھنا چاہیں رکھ سکتے ہیں۔ لاکھوں گیگا یا کروڑ گیگا لیکن ان میں ہارڈ ڈسک نہیں ہے۔ بلکہ آپ جو کچھ بھی اپنے کمپیوٹر میں ڈال رہے ہیں وہ ''مین سرور'' میں موجود ہے۔ آپ جب چاہیں اپنا ڈیٹا اپنی اسکرین پر دیکھ سکتے ہیں...... لیکن جب تک ''مین سرور'' والے چاہیں۔ فکر کیجئے یہ ترقی ہے یا تنزلی۔؟ یہ بھروسے مند چیز ہے یا اچانک سب کچھ غائب کر دینے والی۔؟

**مسلمانوں کا لائحہ عمل:** برمودا تکون کے بارے میں اب یہ سوال باقی رہ جاتا ہے کہ یہ کون لوگ ہیں اور اتنی جدید ٹیکنالوجی ان قوتوں نے کس سے جنگ کرنے کے لئے بنائی ہے اور ان کے مقاصد کیا ہیں؟

ایک مسلمان ہونے کی حیثیت سے ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہئے کہ دنیا میں خیر اور شر کی قوتیں پائی جاتی ہیں اور اس وقت خیر و شر اور حق و باطل کے درمیان معرکہ فیصلہ کن مراحل سے گزر رہا ہے۔ چنانچہ ہمیں یہ ذہن نشین رکھنا چاہئے کہ برمودا تکون میں موجود قوتیں یقیناً شر سے تعلق رکھتی ہیں اور اس بات میں کوئی شک نہیں کہ یہ تمام تیاری دنیا سے حق کو ختم کر کے باطل کی حکومت قائم کرنے' سچ کو مٹا کر جھوٹ کا رائج کرے اور اسلام سے ہٹا کر جھوٹے خدا اور ابلیس کی پروردہ کانے دجال کی خدائی کے سامنے دنیا کو جھکانے کے لئے کی

Marfat.com

جا رہی ہیں۔ جس قسم کے واقعات برمودا تکون اور اڑن طشتریوں کے سلسلے میں سننے میں آتے رہے ہیں اگر احادیث نبوی کی روشنی میں ان کا تجزیہ کیا جائے تو ایک مسلمان کا ذہن فوراً اس فتنہ عظیم کی طرف جانا چاہئے جو تاریخ انسانی کا سب سے خطرناک فتنہ ہوگا۔ جس فتنے سے ہر نبی نے اپنی امت کو ڈرایا ہے اور ہمارے نبی ﷺ بھی اپنی امت کو بار بار ڈرایا کرتے تھے۔

یہ فتنہ دجال ہے جس کو یاد کر کے صحابہ کرام رونے لگتے تھے۔ خود نبی کریم ﷺ اتنے فکرمند رہتے کہ مدینہ منورہ میں ایک لڑکے (ابن صیاد) کی خبر آپ کو ملی جس میں دجال کی نشانیاں پائی جاتی تھیں تو آپ خود اس کے گھر تشریف لے جاتے اور چھپ چھپ کر اس کے بارے میں تحقیقات کرتے تھے۔

آج کیا وجہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی باتوں کو سچا ماننے والی امت اپنے گرد و پیش کے تمام خطرات سے بے نیاز' نامعلوم سمتوں میں بھٹکتی پھر رہی ہے۔ ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ اڑن طشتریوں اور برمودا تکون کے واقعات کی بھنک لگتے ہی سنجیدگی سے اس موضوع کی طرف توجہ کرتے لیکن لگتا یوں ہے کہ دجال کے نکلنے کا وقت قریب ہے کہ علماء نے بھی اس کا تذکرہ منبر و محراب سے کرنا چھوڑ دیا ہے۔

جس طرح نبی کریم ﷺ کا عمل ابن صیاد کے بارے میں تھا کہ دجال کی کچھ نشانیوں کی وجہ سے اس کے بارے میں خود جا کر تحقیقات فرماتے تھے سو ہمیں بھی برمودا تکون اور اڑن طشتریوں کے بارے میں یہی طریقہ اختیار کرنا چاہئے اور دیکھنا چاہئے کہ زبان مبارک سے جو نشانیاں دجال کے بارے میں بیان فرمائی گئی ہیں وہ برمودا تکون اور اڑن طشتریوں والوں میں پائی تو نہیں جا رہیں؟

دنیا میں جاری حق و باطل کے مابین جاری اس جنگ میں ایک فریق ہونے کی حیثیت سے مسلمانوں کو یہ سوچنا چاہئے کہ برمودا تکون میں موجود اتنی جدید ٹیکنالوجی کی حامل قوت کون ہے؟ ساری دنیا میں جاری کفر و اسلام کی اس فیصلہ کن لڑائی میں یہ قوت کس کے ساتھ ہے؟

Marfat.com

**محققین کے مختلف نظریات:** اسپین کے تجزیہ نگار اڑن طشتریوں کو شیطانی مظاہر کہتے ہیں۔ ایک رومن کیتھولک پادری فادر فریگیڈو' جو اڑن طشتریوں کے بارے میں سند سمجھے جاتے ہیں کہتے ہیں:

''یہ سب شیطانی چرخہ ہے۔ چرچ اور ہمارے اجداد جن کو شیطان کہتے ہیں وہ اب اڑن طشتریوں کے ہواباز کہلاتے ہیں۔ اڑن طشتریوں کے شاہدین ان کے پرواز کے وقت اکثر سلفر کی بو محسوس کرتے ہیں۔ یہ شیطان کو مارے جانے والے گندھک کے پتھروں کی بو ہے۔''

میرے (مصنف محمد عیسیٰ داؤد الاطال مصری) نزدیک اڑن طشتریاں دجال کی ملکیت اور اسی کی ایجاد ہیں نیز برمودا تکون کے اندر اس نے ابلیس کی مدد سے تکون کی شکل کا قلعہ نما محل بنایا ہوا ہے (برمودا تکون کے اندر مختلف قسم کی تعمیرات غوطہ خوروں نے دیکھی ہیں) جہاں سے بیٹھ کر وہ اپنے چیلوں کو ہدایات دے رہا ہے اور اپنے نکلنے کے وقت کا انتظار کر رہا ہے۔ اس پورے مشن میں اس کو ابلیس اور اس کے تمام شیاطین کی مدد حاصل ہے۔ جو تمام دنیا کے اندر سیاسی' اقتصادی' سماجی اور عسکری میدانوں میں جاری ہے۔ کس ملک میں کس کی حکومت ہونی چاہئے اور کس ملک کو تباہ کرنا ہے؟ نیز دنیا میں جاری دریاؤں پر خصوصاً مسلم دنیا میں' کہاں کہاں ڈیم بنانے ہیں۔ اپنے حامی مسلک والی اقوام کو اقتدار میں لانا ہے اور ہر اس قوم اور فرد کو ابھی سے راستے سے ہٹانا ہے جو آگے چل کر دجال کے سامنے کھڑا ہو سکے۔

جہاں تک برمودا تکون میں ابلیس کے مرکز کا تعلق ہے اس پر کوئی اعتراض نہیں البتہ دجال کی وہاں موجودگی پر یہ اعتراض ہو سکتا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے دجال کو مشرق میں بیان فرمایا تھا جب کہ برمودا تکون مغرب میں ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے دنیا سے پردہ فرما جانے کے بعد دجال اس طرح بندھا ہوا نہیں رہا بلکہ وہ زنجیروں سے آزاد ہو گیا تھا اور مستقل اپنے خروج کے لئے راہ ہموار کرتا رہا ہے۔ البتہ اس کو مکمل آزادی اسی وقت ملے گی جب وہ دنیا کے سامنے ظاہر ہو کر اپنی خدائی کا اعلان کرے گا۔

یہ بھی ہو سکتا ہے کہ برمودا تکون میں ابلیس ہو اور دجال جاپان کے شیطانی سمندر میں یا

Marfat.com

ایران کے اصفہان میں ہی ہو اور اس طرح دونوں کا آپس میں رابطہ ہو اور دونوں جگہوں سے اسلام کے خلاف بلکہ پوری انسانیت کے خلاف سازشیں کی جا رہی ہوں۔ واضح رہے کہ جاپان کا شیطانی سمندر مشرق میں ہی ہے۔

دجال آزاد یا قید و بند میں؟: دجال کے خروج تک زنجیروں میں جکڑے رہنے کا جہاں تک تعلق ہے تو اس بارے میں کوئی حدیث نہیں مل سکی۔ البتہ صحیح حدیث سے یہ بات ثابت ہے کہ دجال اپنے خدائی کے اعلان سے پہلے زنجیرں میں جکڑا ہوا نہیں ہوگا۔ (کیونکہ حدیث مبارکہ میں ہے کہ دجال اعلان خدائی سے پہلے عراق پر تین سال حکومت کرے گا، اعلان نبوت کرے گا اور پھر اعلان خدائی۔ وضاحت کے لیے دیکھئے اسی کتاب میں دجال سے متعلق احادیث) بلکہ آزاد اور متحرک ہوگا اور اس کے پاس قوت بھی ہوگی۔ میڈیا کے ذریعے اس کی شخصیت کو ایک مصلح (reformer) اور عظیم رہنما کے طور پر لوگوں میں اس کی شہرت ہوگی۔ صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ وہ پہلے نبوت کا دعوی کرے گا۔ نبوت کا دعوی وہی شخص کر سکتا ہے جس کے کچھ پیروکار موجود ہوں۔ اور وہ آزاد ہو۔ کسی نامعلوم جزیرے میں زنجیروں میں جکڑا شخص نبوت کا دعویٰ کس کے سامنے کرے گا اور کس کو اپنی نبوت پر قائل کرے گا۔

امام حاکم نے اپنی مستدرک میں دجال کے بارے میں طویل حدیث نقل کی ہے جس کا ایک حصہ یہ ہے:

''انه يخرج من خلة بين العراق والشام فعاث يميناوعاث شمالايا عباد الله فاثبتوافانه يدافيقول انا نبی ولانبی بعدی ثم يثنی حتی يقول انا ربكم ولن تروا ربكم حتی تموتوا''[1]

''بیشک وہ (دجال) اس راستے سے نکلے گا جو عراق اور شام کے درمیان ہے۔ سو وہ دائیں بائیں بہت زیادہ فساد پھیلائے گا۔ اے اللہ کے بندو! تم ثابت

[1] مستدرک حاکم مع تعلیقات الذهبی: حدیث نمبر 8620.

Marfat.com

قدم رہنا۔ پہلے وہ یہ کہے گا میں نبی ہوں حالانکہ میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ پھر وہ اور دعوے کرے گا یہاں تک کہ کہے گا کہ میں تمہارا رب ہوں۔ حالانکہ تم مرنے سے پہلے اپنے رب کو ہرگز نہیں دیکھ سکتے۔

اس حدیث سے یہ بات پتہ چلتی ہے کہ وہ خدائی کے اعلان سے پہلے آزاد ہوگا۔ اس کے علاوہ ایک اور صحیح حدیث بھی اس بات کو ثابت کررہی ہے کہ دجال اپنی خدائی کے اعلان سے پہلے دنیا کے حالات سے باخبر ہوگا۔ البتہ مکمل آزادی اور اصل حیثیت خدائی کے اعلان کے بعد ظاہر ہوگی۔ اس سے پہلے کچھ پابندیاں اس پر ہوں گی۔

## برموداٹرائی اینگل

**ایک مسلمان کا حق:** اڑن طشتریاں، برموداتکون اور شیطانی سمندر ایسے موضوع ہیں جو آپ مختلف انداز میں سنتے اور پڑھتے چلے آرہے ہوں گے۔ دراصل یہ سب شیطانی اور دجالی قوتیں ہیں۔

ایک مسلمان کو چاہئے کہ وہ اس مسئلہ کو اسلامی نقطہ نظر سے دیکھے۔ نیز جو کچھ دنیا کے سامنے اس علاقے کے بارے میں بتایا جاتا رہا ہے کیا یہ سب افسانہ ہے یا حقیقت۔ اگر حقیقت ہے تو پھر اس پانی کے اندر ایسا کیا ہے جو آج تک ہزاروں افراد کو نگل گیا' سیکڑوں جہاز غائب ہوگئے اور کسی کو کچھ پتہ نہ چلا؟ کیا ابلیس کے ساتھ اس کا کوئی تعلق ہے؟ یا کانا دجال اس علاقے میں موجود ہے؟

بڑے بڑے دیوہیکل جہازوں کا پرسکون سمندر میں بغیر کسی خرابی یا حادثے کے اچانک غائب ہوجانا۔ کبھی مسافروں کا بچ جانا اور جہازوں کا اغوا کیا جانا، کبھی جہازوں کا صحیح حالت میں بچ جانا اور مسافروں کا اغوا کرلیا جانا۔ فضاء میں اڑتے ہوئے جہازوں کا دیکھتے ہی دیکھتے کہیں گم ہوجانا یہ سب ایسے واقعات ہیں جن کی تشریح آج تک دل کو مطمئن نہیں کرسکی۔ ان کا غائب ہونا اس قدر تیز ہوتا کہ طیاروں کے پائلٹ یا جہاز کے کپتان کو

Marfat.com

ایمر جنسی پیغام بھیجنے کی مہلت بھی نہیں مل پاتی۔ اس سے بھی زیادہ حیرت کی بات یہ ہے کہ غائب ہونے والے طیاروں، جہازوں اور مسافروں کا کبھی کوئی نام ونشان بھی نہ مل سکا۔ اس علاقے میں رونما ہونے والے تمام حادثات میں ایک بات انتہائی اہم ہے کہ جتنے بھی حادثات ہوئے اس وقت وہاں موسم بالکل معتدل اور دن کا وقت تھا۔ چنانچہ موسم کی خرابی کا بھی اس میں کوئی دخل نہیں ہے۔ طیاروں اور جہازوں سے ان کے ہیڈ کوارٹر کا رابطہ اچانک منقطع ہو گیا گویا ریڈیو سگنل کسی نے جام کر دیئے ہوں۔

**قوت کشش یا دجالی قوت:** اکثر محققین اس بات پر متفق ہیں شیطانی سمندر اور برمودا تکون میں ایسی پر اسرار کشش ہے جو ہماری اس کشش سے مختلف ہے جس کو ہم جانتے ہیں۔ برمودا تکون اور شیطانی سمندر لوگوں کے لئے ایک پر اسرار علاقہ بن چکا ہے۔ جس کے بارے میں جاننے کے لئے انسانی تجسس بڑھتا چلا جاتا ہے۔ مسلم محققین کا خیال ہے کہ شیطانی سمندر اور برمودا تکون کے اندر دجال نے خفیہ پناہ گاہیں بنائی ہوئی ہیں جہاں سے وہ دنیا کے نظام کو کنٹرول کر رہا ہے۔ میں (مصنف محمد عیسیٰ داؤد الاطال مصری) انہی محققین سے اتفاق کرتا ہوں۔ اس بارے میں بھی ہم تفصیل سے روشنی ڈالیں گے۔

**ابتدائی تعارف:** برمودا بحر اوقیانوس (Atlantic Ocean) کے کل 300 جزیروں پر مشتمل علاقہ ہے۔ جن میں اکثر غیر آباد ہیں۔ صرف بیس جزیروں پر انسان آباد ہیں وہ بھی بہت کم تعداد میں۔ جو علاقہ خطرناک سمجھا جاتا ہے اس کو برمودا تکون کہتے ہیں۔ اس تکون کا کل رقبہ 1140000 مربع کلومیٹر ہے۔ اس کا شمالی سرا جزائر برمودا اور جنوب مشرقی سرا پورٹو ریکو اور جنوب مغربی سرا میامی (فلوریڈا امریکی مشہور ریاست) ہے۔ اس کا تکون میامی (فلوریڈا) میں بنتا ہے۔ جی ہاں فلوریڈا۔ فلوریڈا کے معنی ہیں:

''اس خدا کا شہر جس کا انتظار کیا جا رہا ہے۔''

☆ برمودا تکون کے محل وقوع کو ظاہر کرنے والے نقشے اور تصاویر کتاب کے آخر میں دی گئی ہیں۔

Marfat.com

تقریباً چار سو سال سے کسی انسان نے ان ویران جزیروں میں جا کر آباد ہونے کی کوشش نہیں کی ہے۔ یہاں تک کہ جہاز کے کیپٹن تک اس علاقے سے دور ہی رہتے ہیں۔ ان میں ایک جملہ بڑا عام ہے جو وہ ایک دوسرے کو نصیحت بھی کرتے ہیں:

''وہاں پانی کی گہرائیوں میں خوف اور شیطانی راز چھپے ہیں۔''

یہاں تک کہ اس راستے پر سفر کرنے والے مسافر بلکہ ائیر ہوسٹس تک سب سے پہلے یہی سوال کرتی ہیں کہ ہمارا طیارہ برمودا تکون کے اوپر سے گزر کر جائے گا؟ کمپنی کا جواب اگرچہ نفی میں ہی ہوتا ہے لیکن حقیقت اس کے برعکس ہے۔

**مثلث کی حقیقت:** برمودا تکون سارا کا علاقہ پانی میں ہے جو کہ بحر اوقیانوس (Atlantic Ocean) میں ہے۔ چنانچہ قابل غور بات ہے کہ ٹھاٹھیں مارتے سمندر میں تکون کس طرح بن سکتا ہے۔ سو جاننا چاہئے کہ تکون حقیقی نہیں ہے بلکہ یہ ایک مخصوص علاقہ ہے جہاں ناقابل یقین حادثات ہوتے ہیں اس علاقے کو تکون کا فرضی نام دے دیا گیا ہے۔ اس نام کے بارے میں مشہور یہ ہے کہ پہلی بار اس علاقے کے لئے برمودا تکون کا نام 1945 میں ایک پریس کانفرس کے دوران اس وقت استعمال کیا گیا جب اس علاقے میں کچھ طیارے غائب ہو گئے۔ یہ بات قابل توجہ ہے کہ اس کو تکون کا نام ہی کیوں دیا گیا؟

اس حادثے سے پہلے بھی یہاں بہت سے حادثات رونما ہو چکے تھے لیکن اس وقت اس علاقے کو برمودا تکون کے بجائے شیطان کے جزیرے کہا جاتا تھا۔

**کولمبس کے مشاہدات:** کریسٹوفر کولمبس (1451-1506) جب اس علاقے سے گزرا تو اس نے بھی یہاں کچھ عجیب وغریب مشاہدات کئے۔ مثلاً: آگ کے گولوں کا سمندر کے اندر داخل ہونا، اس علاقے میں پہنچ کر کمپاس (قطب نما) میں بغیر کسی ظاہری سبب کے خرابی پیدا ہو جانا وغیرہ۔

کولمبس کے امریکی سفر کو اب پانچ صدیاں گزر چکی ہیں لیکن یہ سوال آج بھی اسی طرح برقرار ہے کہ اس علاقے میں پانی کی گہرائیوں، پانی کے اوپر اور اس کی فضاؤں میں

Marfat.com

ایسی کیا چیز ہے؟ کونسی پراسرار طاقت ہے جس کی تشریح عقل انسانی سیٹیلائٹ کے اس جدید دور میں ابھی تک نہیں کرسکی۔؟

خودکار طیاروں کا رن وے...... برمودا کا سمندر: اڑن طشتریاں برمودا تکون کے علاقے میں سب سے زیادہ دیکھی گئی ہیں۔ نیز آگ کے بڑے بڑے گولے' سفید چمکدار بادل اور خوداڑن طشتریوں کو بھی برمودا تکون تکون کے سمندر میں داخل ہوتے دیکھا گیا ہے۔ اس کے علاوہ گمنام طیارے فضاء سے اس طرح اس میں داخل ہوتے دیکھے گئے ہیں جیسے وہ سمندر میں نہیں بلکہ اپنے رن وے پر اترے ہوں۔

اگر آپ بادل کو دیکھیں کہ اس کا ایک حصہ آسمان کی جانب بلندیوں میں ہے اور دوسرا سرا برمودا تکون کے پانی میں داخل ہورہا ہے یا بہت بڑے آگ کے گولے کو اڑتا ہوا یا کسی کا پیچھا کرتا ہوا دیکھیں تو ایسے واقعات کی کیا سائنسی تشریح کریں گے؟ اسی طرح بڑے بڑے طیارے ہزاروں لوگوں کی آنکھوں کے سامنے سمندر کے اندر یوں داخل ہوجائیں جیسے سمندر نے ان کے لئے اندر جانے کا راستہ بنادیا ہو؟

① کوئن الزبتھ کہتا ہے:

''میں اول پرناسا سے نیویارک براستہ برمودا تکون جارہا تھا۔ موسم صاف اور سمندر پر سکون تھا۔ میں صبح کے وقت عرشے پر کھڑا ایک ساتھی کے ساتھ کافی پی رہا تھا۔ اچانک میں نے ایک چھوٹا سا طیارہ دیکھا۔ طیارہ ہم سے دوسوگز کے فاصلے پر سے دوسوفٹ کی بلندی پر پرواز کرتا ہوا سیدھا ہماری طرف آرہا تھا۔ میں نے اپنے ساتھی سڈنی کو اس کی طرف متوجہ کیا۔ پھر طیارہ ہم سے پچھتر (75) گز دور جہاز کے قریب بڑی خاموشی سے سمندر کے اندر چلا گیا۔ نہ کوئی طیارے کے گرنے کی آواز تھی اور نہ کوئی پانی کا چھپا کا تھا۔ یوں لگتا تھا جیسے سمندر نے اس طیارے کے لئے ہی اپنا منہ کھولا تھا۔ میں اپنے ساتھی کو وہیں کھڑا چھوڑ کر نگراں آفیسر کو اطلاع دینے چلا گیا۔ انہوں نے جہاز کو موڑا اور ایک کشتی بھی پانی پر اتاری۔ لیکن وہاں نہ تو کوئی ملبہ تھا اور نہ ہی تیل کا نشان۔ جس سے یہ بات یقینی تھی کہ طیارے کو کوئی

Marfat.com

حادثہ پیش نہیں آیا اور نہ طیارے میں موجود تیل کو پانی کی سطح پر ضرور آنا چاہیئے تھا۔ سب سے زیادہ حیرت کی بات یہ تھی جب طیارہ پانی میں گرا تو پانی میں چھپاکا کیوں نہیں ہوا؟ اور پانی اچھلا کیوں نہیں؟''

② طیارے کا پانی کے اندر داخل ہونے کا اس سے بھی زیادہ مستند واقعہ فلوریڈا کے ساحل ''ڈیٹن بیچ'' کا ہے جس کو 27 فروری 1953 کی صبح بے شمار لوگوں نے دیکھا۔ طیارہ ساحل سے صرف سو گز کے فاصلے پر گرا تھا۔ فوراً ہی کوسٹ گارڈ اور وہاں موجود انتظامیہ نے وہ جگہ کھنگال ڈالی لیکن طیارے کا کوئی سراغ نہ ملا۔ حتیٰ کہ تیل کا بھی کوئی نام ونشان نہ تھا۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ آس پاس کے تمام ایئر پورٹ سے رابطہ کیا تو کہیں سے بھی طیارہ گم ہونے کی اطلاع نہیں ملی؟ آخر یہ طیارہ کس کا تھا؟ کہاں سے آیا، اتنی خاموشی سے برموداتکون کے سمندر میں کس کے پاس چلا گیا؟

آگ کے گولے اور برموداتکون: آگ کے گولے' سفید چمکدار بادل اور اڑن طشتریاں اگر ان سب کو گہری نظر سے دیکھا جائے تو یہ ایک ہی سلسلے کی کڑی نظر آتی ہیں۔ ایسا لگتا ہے گویا اڑن طشتری کو چھپانے کے لئے یہ بادل اور کہر مصنوعی طور پر کیمیائی عمل سے پیدا کی جاتی ہے۔ برمودا کے اندر آگ کے گولوں کا داخل ہونا بھی معروف چیز ہے۔

ڈبلیو جے موری جو کہ ایک سی مین ہے۔ ایسی ہی صورت حال سے دو چار ہو چکا ہے۔ ڈبلیو جے موری کا بیان ہے کہ وہ 1955 میں ''اٹلانٹک سٹی'' جہاز پر کام کر رہا تھا، صبح کا وقت تھا، واچ آفیسر میرے پاس آکر کھڑا ہوا اور تھوڑی دیر بعد اس نے چیخ ماری۔ جہاز پاگلوں کی طرح ایک دائرے میں چکر کاٹنے لگا تھا۔ تب ہم نے دیکھا کہ آگ کا ایک گولا بڑی تیزی کے ساتھ جہاز کی طرف آرہا ہے۔ میں خوفزدہ ہو کر عرشے پر کود گیا۔ میرے ایک ساتھی نے مجھے دھکا دے کر عرشے پر اپنے ساتھ گرا لیا۔ وہ آگ کا گولا ہمارے اوپر سے گزر گیا۔ بعد میں ہم نے دیکھا کہ سمندر خوفناک انداز میں تلاطم خیز تھا۔ ہم کپتان کے کمرے کی طرف دوڑے وہاں کمپاس (سمت بتانے کا آلہ) ناکارہ پڑا تھا اور سارا راستہ وہ خراب ہی رہا۔

Marfat.com

## سفید بادل...... برمودا مثلث اور اڑن طشتریاں:

① برمودا تکون کے اوپر اکثر انتہائی چمکدار بادل اور سفید چمکدار کہر بھی دیکھے جاتے رہے ہیں۔کولمبس نے اپنی امریکی دریافت کے سفر میں بھی ایسے چمکدار بادل یا کہر کا ذکر کیا ہے۔ اس کی لاگ بک (ڈائری) جو اس کے جہاز سے ملی تھی اس میں اس نے لکھا تھا:

''آگ کا ایک جناتی گولہ'' اور ''سطح سمندر پر سفید چمکدار لکیریں۔''

② محققین کا کہنا ہے کہ یہ قدرتی بادل نہیں ہیں کیونکہ یہ چمکدار بادل بالکل صاف موسم میں، جہاں کسی بادل کا نام ونشان بھی نہیں ہوتا اچانک سامنے آجاتے ہیں اور برمودا تکون کے پانی کے اندر آتے جاتے بھی ان کو دیکھا گیا ہے۔اس چمکدار بادل یا کہر میں اگر کوئی طیارہ جہاز داخل ہو گیا تو اس کو عجیب وغریب صورتحال کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ بلکہ طیارے اور جہاز ان میں داخل ہو کر ہمیشہ کے لئے غائب بھی ہو چکے ہیں۔فلائٹ 19 کے غائب ہونے والے پانچ طیاروں میں سے ایک کے پائلٹ کا آخری پیغام تھا:

''ہم سفید پانی میں داخل ہو رہے ہیں۔''

یہ سفید پانی دراصل انتہائی چمکدار بادل ہوتا ہے۔ اس میں داخل ہونے کے بعد پائلٹ کو خلاء زمین اور پانی سب گڈمڈ سا نظر آنے لگتا ہے اور وہ سمت کا بھی تعین نہیں کر پاتا۔ طیارے اور جہاز کے تمام آلات کام کرنا چھوڑ دیتے ہیں، پائلٹ اور کپتان پر نا معلوم قسم کا خوف طاری ہو جاتا ہے۔

③ نومبر 1964 میں پائلٹ ویکلے نے اینڈروس سے میامی تک پرواز کے دوران اپنے طیارے کے دائیں جانب پر کے پاس اچانک ہی ایک چمکدار کہر کو ظاہر ہوتے دیکھا۔اس کہر کے ظاہر ہوتے ہی طیارے کے تمام آلات ناکارہ ہو گئے پھر طیارے کا پائلٹ خود بھی ایک چمکتا ہوا وجود بن کر رہ گیا۔

④ کئی کشتیاں اور جہاز بھی ان چمکدار کہر میں پھنس کر ہمیشہ کے لئے غائب ہو چکے ہیں۔کیپٹن ڈان ہنری بھی ایک بار اس چمکدار کہر میں گھر گیا تھا۔اس وقت وہ اپنے ٹگ

Marfat.com

(Tug کشتیوں کو کھینچنے والی طاقتور اسٹیم بوٹ) سے ایک کشتی کو کھینچ کر لا رہا تھا۔ کشتی کہر میں کھو گئی لیکن ڈان ہنری نے ہمت نہ ہاری اور وہ کسی نامعلوم قوت سے بڑی رسی کشی کے بعد اپنی کشتی نکال لایا۔ اس کے بیان کے مطابق اس کے ٹگ کی تمام برقی توانائی جیسے کسی پراسرار اور نامعلوم قوت نے چوس لی تھی۔

⑤ ایسے ہی بادل نے سینا 72 نامی طیارے کا تعاقب کیا۔ ذرا سوچئے کیا کوئی بادل کسی طیارے کا تعاقب کرتا ہے؟ اس طیارے کے آلات ناکارہ ہو گئے اور طیارہ اپنا راستہ بھول گیا۔ اس کا پائلٹ مر گیا۔ اس واقعے کو بیان کرنے والے اس طیارے کے بچ جانے والے مسافر تھے۔

⑥ ایک اور طیارہ ''بونانزا'' اینڈروس کی حدود سے نکلتے ہی دھنکی ہوئی روئی جیسے دبیز بادل میں گھس گیا۔ اس کا ریڈیائی رابطہ منقطع ہو گیا' پھر چار منٹ بعد ہی بحال ہو گیا لیکن پائلٹ نے خود کو میامی (فلوریڈا) پر پایا۔ گیس کی سوئی پیٹرول کی مقدار سے پچیس گیلن زیادہ بتا رہی تھی جو اس وقت طیارے میں ہونی چاہئے تھی۔ یہ مقدار اتنی ہی تھی کہ اینڈروس میامی تک کے سفر میں خرچ ہونی تھی۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ طیارہ میامی تک اپنے انجن کے ذریعے نہیں بلکہ اسی ''پراسرار بادل'' کے ذریعے پہنچا تھا۔

⑦ پہلی عالمی جنگ کے دوران گیلی پولی کی مہم کئی وجہ سے بڑی مشہور ہوئی۔ برطانوی فوج اور ترکی کی فوج آمنے سامنے تھی۔ گھمسان کی جنگ ہوئی۔ گیلی پولی میں شکست کا مطلب تھا مکمل ترکی پر برطانیہ کا قبضہ۔ برطانوی فوجیں فتوحات کرتی آگے بڑھتی جا رہی تھیں۔ قریب تھا کہ وہ میدان مار لیں۔ 28 اگست 1915ء کو موسم بالکل صاف تھا۔ اچانک میدان جنگ کے اوپر بادل کے کچھ ٹکڑے ظاہر ہوئے۔ ان ٹکڑوں سے نیچے ایک اور بادل کا بہت بڑا ٹکڑا زمین تک ایک سڑک پر جھکا ہوا تھا۔ بادل کا یہ ٹکڑا آٹھ سو فٹ لمبا اور دو سو فٹ چوڑا تھا۔ ہوا کے باوجود یہ بادل اپنی جگہ موجود تھے۔ اس سڑک سے آگے ایک پہاڑی ''ہل سکسٹی''، تھی جس پر برطانوی فوج ترک فوج سے برسر پیکار تھی۔ برطانیہ کی ایک رجمنٹ

Marfat.com

''دی فرسٹ فورتھ نارفوک'' اس پہاڑی پر موجود سو دستے کی کمک کے لئے اس سڑک پر آگے بڑھی اور اس بادل میں داخل ہو گئی۔ چونکہ دھند تھی اس لئے پیچھے والے فوجیوں کو بادل میں داخل ہونے والوں کا کچھ علم نہیں تھا۔ سو مکمل رجمنٹ آگے بڑھتی رہی لیکن ایک سپاہی بھی ہل سکسٹی نہیں پہنچ سکا۔ ایک گھنٹے کے بعد جب آخری فوجی بھی اس بادل میں داخل ہو گیا تو پورا بادل بڑی خاموشی سے اوپر اٹھا اور اوپر والے بادل کے مختلف ٹکڑوں سے جا کر مل گیا۔ اس ٹکڑے کا دوسرے بادلوں کے ساتھ ملنا تھا کہ سارے بادل بلغاریہ کی جانب چلنے لگے اور دیکھتے ہی دیکھتے سب غائب ہو گئے۔

اس رجمنٹ کے بارے میں یہ سمجھا گیا کہ شاید جنگ میں ختم ہو گئی یا گرفتار ہو گئی لیکن بعد میں ترکی نے کہا کہ اسے تو ایسی رجمنٹ کا علم ہی نہیں ہے۔ یہ رجمنٹ چار ہزار آٹھ سو جوانوں پر مشتمل تھی۔ اتنی بڑی تعداد بغیر کوئی نام ونشان چھوڑے غائب ہو گئی اور کبھی پتہ نہیں لگ سکا کہ ان کا کیا بنا۔ یہ واقعہ اگرچہ برمودا کے علاقے سے باہر کا ہے لیکن ان چمکدار بادلوں سے متعلق ہے۔

⑧ یہ کہریا بادل بعض اوقات وقت میں گڑبڑ کا باعث بنے رہتے ہیں۔ کبھی آگے پایا گیا تو کبھی پیچھے۔ مثلاً: نیشنل ایئر لائنز کا طیارہ دس منٹ تک راڈار پر سے غائب رہا۔ پائلٹ نے بتا تا کہ اس دوران وہ روشن کہر میں سے پرواز کر رہا تھا۔ ہوائی اڈے پر اترنے کے بعد پتہ چلا کہ تمام مسافروں کی گھڑیاں اور خود طیارے کا کرونو میٹر ٹھیک دس منٹ پیچھے تھا۔ حالانکہ ہوائی اڈے پر اترنے سے آدھا گھنٹہ پہلے انہوں نے ٹائم چیک کیا تھا۔

⑨ دوسرا واقعہ ایسٹرا ایئر لائنز کے ایک طیارے کا ہے۔ اس طیارے کو دوران پرواز تک شدید جھٹکا لگا جس کی وجہ سے وہ راستہ بھٹک گیا لیکن پھر بھی سلامت زمین پر اترنے میں کامیاب ہو گیا۔ طیارے کے عملے اور مسافروں نے دیکھا کہ ان سب کی گھڑیوں کی سوئیاں بند پڑی تھیں اور یہ ٹھیک وہ وقت تھا جب طیارے کو جھٹکا لگا تھا۔

⑩ برمودا تکون کے اوپر سفید چمکدار بادلوں میں جو طیارہ یا جہاز گھس گیا اس کو بھی ایسی ہی

Marfat.com

وقت کی تبدیلی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ کبھی دس منٹ غائب تو کبھی آدھا گھنٹہ۔ اس کا کچھ سراغ نہ مل سکا کہ کہاں گیا؟

وقت کا کسی اور جہت میں چلے جانے کا تصور البرٹ آئنسٹائن نے پیش کیا تھا لیکن ہمارے نبی کریم ﷺ نے اس کی جانب اس سے بھی پہلے اشارہ فرمایا ہے۔ چنانچہ دجال سے متعلق حضرت نواس ابن سمعان رضی اللہ عنہ والی حدیث میں دجال کے دنیا میں رہنے کی مدت بیان کرتے وقت آپ ﷺ نے فرمایا:

''وہ (دجال) دنیا میں چالیس دن رہے گا۔ پہلا دن ایک سال کے برابر دوسرا دن ایک مہینے کے برابر اور تیسرا دن ایک ہفتے کے برابر ہوگا۔ باقی دن عام دنوں کے برابر ہوں گے۔''

برمودا تکون میں اس طرح کے پراسرار واقعات کی آخر کیا تشریح کی جا سکتی ہے۔ یہ کہر یا چمکتا ہوا بادل ہے جو طیاروں اور جہازوں کو غائب کر دیتا ہے۔ اس میں داخل ہونے والوں کے لئے وقت تھم جاتا ہے یا کسی اور جہت میں چلا جاتا ہے۔ ان کو برمودا کے پانی کے اندر داخل ہوتے اور پانی سے نکلتے بھی دیکھا گیا ہے۔

بہت سے عینی شاہدین اور غیر جانبدار محققین کی رائے یہ ہے کہ تجسس اور رازوں سے بھرے ان واقعات کا تعلق اڑن طشتریوں کے ساتھ ہے۔ اڑن طشتریوں کے وقت یہ تمام واقعات رونما ہوتے ہیں اور یہ کہر چمکدار بادل اور گید کی شکل کے آگ کے بڑے بڑے گولے درحقیقت اڑن طشتریاں ہی ہیں۔

برمودا میں غائب ہونے والے مشہور ترین طیارے: ابتداءً ان طیاروں مشہور ترین کی مختصر سی فہرست ملاحظہ فرمائیں جو برمودا تکون میں غائب ہوئے اور آج تک ان کا کوئی نام ونشان نہ ملا۔

① 2 فروری 1952 یورک ٹرانسپورٹ نامی برطانوی طیارہ برمودا کے علاقہ میں پرواز کرتا غائب ہوا۔

② 30 اکتوبر 1954 امریکی بحریہ کا ایک طیارہ ہمیشہ کے لیے اسی علاقے میں لاپتہ ہوگیا۔

Marfat.com

③ 5 اپریل 1956 امریکی مال بردار طیارہ اپنے اسٹاف سمیت غائب ہوا۔

④ 8 اگست 1962 امریکی فضائیہ کا K.B نامی طیارہ لاپتہ ہوا۔

⑤ 28 اگست 1963 امریکی فضائیہ کے K.C.B.5 ٹائپ دو طیارے غائب ہوئے۔

⑥ 22 ستمبر 1963-C132 طیارہ لاپتہ ہوا۔

⑦ 5 جون 1965-C119 غائب مع دس سواروں کے برمودا ٹرائی اینگل کے علاقے کے اوپر محو پرواز لاپتہ ہو گیا۔

⑧ 11 جنوری 1967 کو YC122 طرز کا طیارہ چودہ افراد سمیت لاپتہ ہوا۔

⑨ 17 جنوری 1947 امریکی جنگی طیارہ غائب ہوا۔

⑩ 5 دسمبر 1945 کو پانچ امریکی بمبار طیارے ایک ساتھ برمودا کی فضاؤں میں غائب ہو گئے پھر ان کی تلاش میں ایک اور طیارہ گیا اور وہ بھی کبھی تلاش نہ کیا جاسکا۔

⑪ 3 جولائی 1947 کو امریکی فضائیہ کا C-54 برمودا کی فضاؤں میں ہمیشہ کے لئے لاپتہ ہو گیا۔

⑫ 29 جنوری 1948 کو چار انجنوں والا اسٹار ٹائیگر نامی طیارہ اپنے 31 سواروں کو لے کر غائب ہوا اور آج تک کسی کو کچھ پتہ نہ لگ سکا۔

⑬ 28 دسمبر 1948 کو DC-3 نامی طیارہ 27 مسافروں کو لے کر برمودا کے آسمان میں غائب ہوا یا پانی کی گہرائیوں میں جا چھپا کچھ خبر نہیں۔

⑭ 17 جنوری 1949 اسٹار اریل نامی طیارہ برمودا تکون کا شکار بنا۔

⑮ مارچ 1950 میں گلوب ماسٹر نامی امریکی طیارہ مسافروں کے لے کر یہاں سے گزرا اور کبھی اپنی منزل پر نہیں پہنچ سکا۔

یہ تو چند مشہور ترین حادثات ہیں جو برمودا کے سمندر اور فضائی حدود میں پیش آئے، ورنہ! برمودا کی فضا اور لہریں ایسے کئی واقعات کو چھپائے ہوئے ہیں۔ چند ایک واقعات تفصیلاً درج کیے جاتے ہیں۔

Marfat.com

پراسرار فضاء: فضاء میں اڑتے کئی طیارے برمودا تکون کی نظر ہوئے ہیں اور پھر کبھی واپس نہیں آسکے۔ جنگی اور مسافر بردار طیارے اڑتے اڑتے اچانک غائب ہو جائیں جبکہ موسم بھی بالکل صاف ہو تو آپ کیا کہیں گے؟ کیا آسمان ان کو نگل گیا یا برمودا تکون کے پانی میں موجود کوئی خفیہ قوت ان کو اغوا کر کے لے گئی؟ مسافروں کی کیا بات یہاں تو طیاروں کا ملبہ بھی نہ مل سکا اور نہ ہی پائلٹ ہنگامی پیغام اپنے اسٹیشن کو بھیج سکے۔ اگر کبھی کوئی بھیجنے میں کامیاب ہوا بھی تو وہ پیغام اس حالت میں اسٹیشن پہنچا کہ کوئی اس کو سمجھ نہیں سکتا تھا کہ پیغام کا مطلب کیا ہے؟

دسمبر 1945 میں کس کو پتہ تھا کہ شیطانی جزیروں کے نام سے مشہور اس علاقے کو ''برمودا تکون'' کا نام دیدیا جائے گا اور تمام دنیا اس علاقے کے لئے اسی نام کو استعمال کرنا شروع کر دے گی۔ بغیر اس حقیقت کا سراغ لگائے کہ سمندر کے پانی پر تکون کس طرح بن سکتا ہے۔ اس کے باوجود پریس کانفرنس کرنے والے امریکی ذمہ داروں نے اس علاقے کے لئے تکون کا نام کیوں استعمال کیا؟ کیا دجال کے تکون یا یہودی خفیہ تحریک فریمیسن کے تکون سے اس جگہ کو کوئی نسبت ہے؟

ماہر اور تجربہ کار پائلٹ جن کے پاس 300 سے 400 گھنٹے پرواز کا تجربہ ہو۔ اپنے وقت کے بہترین بمبار طیارے ان کے زیر استعمال ہوں، موسم کے اتار چڑھاؤ کا ان کو اچھی طرح علم ہو لیکن برمودا کی فضاؤں میں اچانک غائب ہو جائیں اور وہ بھی ایک دو نہیں بلکہ پانچ طیارے ایک ساتھ۔

5 دسمبر 1945 کو تقریباً دو بج کر دس منٹ پر امریکی ریاست فلوریڈا کے فورٹ لاڈرڈیل (Fort Lauderdale) ائیر بیس سے فلائٹ 19 کے پانچ ایونجر (Avenger) طیارے اڑے اور اپنے مقررہ روٹ پر چند چکر لگائے۔ اس کے بعد تقریباً 4 بجے ائیر بیس کو ان پانچ میں سے ایک طیارے کے پائلٹ کی جانب سے یہ پیغام موصول ہوا جس میں اسکواڈرن کمانڈر پکار رہا ہے:

Marfat.com

پائلٹ : ہمیں عجیب وغریب صورت حال کا سامنا ہے۔ ایسا لگتا ہے گویا ہم اپنے روٹ سے بالکل ہٹ چکے ہیں۔ میں زمین نہیں دیکھ پا رہا ہوں۔ میں زمین نہیں دیکھ پا رہا ہوں۔

ائیر بیس: آپ کس جگہ پر ہیں؟

پائلٹ: میں اپنی جگہ کا تعین نہیں کر پا رہا ہوں۔ مجھے بالکل پتہ نہیں کہ ہم کہاں ہیں؟ میرا خیال ہے کہ ہم فضاء میں ہی کہیں گم ہو گئے ہیں۔

ائیر بیس: مغرب کی سمت میں اڑان جاری رکھو۔

پائلٹ: مجھے نہیں پتہ چل رہا کہ مغربی سمت کس طرف ہے۔ ہر چیز عجیب وغریب نظر آ رہی ہے۔ میں کسی سمت کا تعین نہیں کر سکتا یہاں تک کہ ہمارے سامنے موجود سمندر بھی عجیب وغیریب شکل میں نظر آ رہا ہے۔ میں اس کو بھی نہیں پہچان پا رہا ہوں۔

ائیر بیس میں موجود عملہ خاصا پریشان تھا۔ ان کی سمجھ میں یہ بات نہیں آ رہی تھی کہ ماہر پائلٹ سمت کا تعین کیوں نہیں کر پا رہا ہے کیونکہ اگر طیارے کا نیوی گیشن نظام (طیارے میں موجود سمت کا تعین کرنے کا نظام) کام نہیں کر رہا تھا تب بھی یہ سورج کے غروب ہونے کا وقت تھا اور پائلٹ سورج کو مغرب میں غروب ہوتا دیکھ کر بآسانی مغربی سمت کا تعین کر سکتا تھا لیکن پائلٹ کہہ رہا تھا کہ وہ سمت کا تعین نہیں کر پا رہا ہے۔ آخر کیوں وہ کہاں چلا گیا تھا؟

اسکے بعد پائلٹ اور ائیر بیس کے درمیان رابطہ ٹوٹ گیا۔ اس پیغام کے علاوہ ائیر بیس کچھ اور پیغامات ریکارڈ کرنے میں کامیاب ہوا جو ان پانچ طیاروں کے پائلٹ آپس میں ایک دوسرے کو دے رہے تھے۔ جس سے پتہ چلتا تھا کہ باقی تمام پائلٹ بھی اسی طرح کی صورت حال سے دوچار تھے۔ کچھ دیر بعد ایک دوسرے پائلٹ جارج اسٹیورز کی گھبرائی ہوئی آواز سنائی دی جس میں وہ کہہ رہا ہے:

"ہم یقین سے کچھ نہیں کہہ سکتے کہ ہم اس وقت کہاں ہیں۔ میرا خیال ہے کہ ہم ائیر بیس سے 225 میل شمال مشرق میں اڑ رہے ہیں۔"

پھر تھوڑی دیر بعد وہ کہتا ہے:

Marfat.com

''ایسا لگ رہا ہے جیسے ہم سفید پانی میں داخل ہو رہے ہیں۔ ہم مکمل طور پر سمت کھو چکے ہیں۔''

اس کے بعد یہ طیارے ہمیشہ کے لئے اس سمندر کے پانیوں میں ہی کھو کر رہ گئے۔

ان پانچ طیاروں کو تلاش کرنے کے لئے اسی شام 5 دسمبر کو شام 7:30 بجے مارٹین میریز (Martin Mariner) نامی امدادی طیارہ روانہ کیا گیا۔ یہ طیارہ امدادی کاموں کے لئے خاص ہوتا تھا۔ جس میں پانی پر اترنے کی صلاحیت بھی ہوتی ہے۔ چنانچہ اگر کوئی طیارہ سمندر میں گر پڑے تو یہ اس کو بچانے کے لئے استعمال کیا جاتا تھا۔

مارٹن میریز نے مذکورہ پانچ طیاروں کے غائب ہونے کی جگہ پر پہنچ کر اپنے ائیربیس سے رابطہ کیا۔ اس کے فوراً بعد اس طیارے کا رابطہ بھی ٹوٹ گیا اور یہ بھی غائب ہو گیا۔ پانچ طیاروں کی تلاش میں جانے والا خود ''قابلِ تلاش'' بن گیا۔

فوراً ہی ان چھ طیاروں کو تلاش کرنے کے لئے امریکی فضائیہ اور بحریہ نے کوسٹ گارڈ کے ساتھ مل کر علاقے کی فضائیں اور سمندر چھان مارا لیکن کسی کا کوئی سراغ نہ مل سکا۔ درمیانی شب ائیربیس کو ایک غیر واضح پیغام موصول ہوا:

''FT......FT''

پیغام دینے والے کی زبان لڑکھڑا رہی تھی۔ اس پیغام نے ائیربیس میں موجود ہر ایک کو اور زیادہ پریشان کر دیا کیونکہ یہ کوڈ فلائٹ 19 کا عملہ ہی استعمال کرتا تھا۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ ان میں سے ابھی تک کوئی زندہ ہے لیکن کہاں؟ اس پیغام سے موصول ہونے سے پہلے اس علاقہ کا چپہ چپہ چھان مارا گیا تھا لیکن یہ رابطہ آخر کس جگہ سے کیا گیا؟ کیا برمودا کے پانی کے اندر ان کو اغوا کر کے لیجایا گیا؟

کوسٹ گارڈ ان طیاروں کو رات بھر تلاش کرتے رہے، پھر اگلے دن صبح ان غائب شدہ طیاروں کو تلاش کرنے کے لئے تین سو طیارے سیکڑوں کشتیاں، کئی آبدوزیں حتیٰ کہ اس علاقے میں موجود برطانوی فوج بھی پہنچ گئی لیکن اتنا بھی پتہ نہ لگ سکا کہ ان طیاروں کو

Marfat.com

حادثہ کیا پیش آیا اور کہاں چلے گئے۔

اس حادثے کی تحقیق کے لئے ماہرین کی ایک کمیٹی بنائی گئی تاکہ حادثے کی نوعیت کا پتہ لگایا جا سکےلیکن یہ کمیٹی حادثے کی تحقیق تو دور کی بات کوئی وضاحت حتی کہ اپنا اندازہ بھی نہ بیان کرسکی کہ اس کے اندازے کے مطابق معاملہ کیا ہوا۔ البتہ کمیٹی کے سربراہ کی جانب سے صرف ایک بیان جاری کیا گیا:

''وہ طیارے اور ان کا عملہ مکمل طور پر کہیں چھپ گیا گویا کہ وہ سب مریخ کی پرواز پر چلے گئے۔''

اب یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر ان طیاروں کو کوئی حادثہ پیش آیا ہوتا تو کیا ان میں موجود ماہر پائلٹ لائف جیکٹ کے ساتھ طیارے سے چھلانگ بھی نہ لگا سکے؟ کیا ان کو اتنی بھی مہلت نہیں ملی؟ دوسری توجہ طلب بات یہ ہے کہ طیارے شام کے وقت غائب ہوئے۔ اس کے فوراً بعد ان کی تلاش میں طیارے اڑے اور تمام علاقے میں ان کو تلاش کیا لیکن ان کا کوئی سراغ نہیں ملا۔ اس کے بعد رات میں جو پیغام ملا وہ رابطہ کہاں سے کیا گیا؟

حادثے کے وقت حادثے کی جگہ سے قریب موجود عینی شاہدین کے بیانات کچھ پراسرار چیزوں کی جانب اشارہ کرتے ہیں۔ مثلاً: ان طیاروں کی تلاش کرنے والی ایک کشتی والوں نے یہ بات نوٹ کی کہ سمندر کے پانی کے کچھ حصے کو گہری دھند ڈھانپے ہوئے ہے پھر وہ دھند سفید رنگ میں تبدیل ہوئی۔ یاد رہے کہ برمودا کے پانی پر یہ مخصوص دھند اڑن طشتریوں کے اندر داخل ہوتے ہوئے اکثر دیکھی گئی ہے۔

دو بمبار طیارے: 1945 کی ایک شام برمودا تکون کی پراسراریت میں اور اضافہ کرگئی۔ ابھی شام کا ابتدائی وقت تھا۔ موسم صاف اور فضاء بڑی خوشگوار تھی۔ تربیتی پروازوں کے لئے ایسا موسم بڑا سازگار ہوتا ہے۔ امریکی ریاست فلوریڈا میں واقع ایک ائیر بیس سے بارہ بمبار طیارے تربیتی پرواز کے لئے اڑے۔ تمام طیاروں نے ایک چکر ایک ساتھ لگایا۔ پھر ان سب کو ان کے مرکز کی جانب سے الگ الگ پرواز کرنے کا حکم ملا۔ چنانچہ تمام طیارے

Marfat.com

الگ الگ پرواز کرنے لگے۔اس دوران مرکز کو کسی بھی طیارے کی جانب سے کسی پریشانی یا خرابی کی کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی جس کا مطلب تھا کہ سب ٹھیک چل رہا ہے۔ اپنا مقررہ وقت پورا کرنے کے بعد تمام طیارے ایئربیس پر واپس آنا شروع ہوئے۔ دس واپس آگئے لیکن دو طیارے غائب ہو گئے۔ امریکی فضائیہ کے ہوابازوں نے اس علاقے کی فضاؤں اور سمندر کو چھان مارا لیکن ان دو طیاروں اور ان میں موجود پائلٹ اور انجینئر کا کچھ سراغ نہ مل سکا۔ایئربیس کو کسی حادثے یا مدد طلب کرنے کا پیغام بھی موصول نہیں ہوا۔گویا اتنے بڑے طیارے برمودا کی فضاؤں میں تحلیل ہوئے یا پانی کی نظر ہو گئے کچھ پتہ نہ چل سکا۔

DC-3 مسافر بردار طیارہ تھا جس پر تیس مرد ان کی بیویاں اور بچے سوار تھے۔ یہ سب چھٹیاں گزار کر اپنے گھر واپس جا رہے تھے۔ یہ طیارہ پورٹو ریکو سے فلوریڈا کے لئے اڑا۔اور میامی (فلوریڈا) ایئرپورٹ پر اترنے کی تیاری کرتے کرتے غائب ہو گیا۔پائلٹ نے ہوائی اڈے پر اترنے کی اجازت مانگی۔۔اجازت بھی مل گئی لیکن یہ طیارہ کہیں اور اتار لیا گیا۔ اس کا بھی کچھ پتہ نہ چل سکا۔ برمودا کے حادثات کی تحقیق کرنے والے بعض ماہرین کی رائے یہ ہے کہ اس علاقے میں غائب ہونے والے افراد زندہ ہیں لیکن کسی اور جگہ۔ برمودا تکون کے پانی کے اندر نامعلوم قوت کشش ان کو کہیں اور لے گئی۔۔۔کسی نامعلوم مقام پر؟

ان تمام حادثات کو پڑھنے کے بعد ایک بات تو آپ بھی سمجھ رہے ہوں گے کہ تمام غائب ہونے والے طیاروں میں کوئی فنی خرابی نہیں پیدا ہوئی' بلکہ ایک خوف ان پر طاری ہوا۔اور بے حد تیزی کے ساتھ۔قبل اس کے کہ وہ کچھ سمجھ پاتے وہ بالکل غائب کر دیئے گئے۔ ہمیشہ کے لئے۔لیکن کہاں؟ یہ سوال ساری دنیا کے لئے بہت اہم ہے۔

**لاپتہ ہونے والے مشہور ترین جہاز:** ان مشہور ترین جہازوں کی مختصر سی فہرست ملاحظہ فرمائیں جو برمودا مثلث میں غائب ہوئے۔

① 1948 میں فرانسیسی روزالی (Rozali) نامی جہاز کا عملہ اس پر سے اغوا کر لیا گیا اور جہاز بعد میں اسی علاقے سے مل گیا۔

Marfat.com

② جون 1950 میں سینڈرا (Sandra) نامی جہاز اس علاقے میں غائب ہوا۔

③ 1955 میں (Queen Mayrio) نامی تفریحی کشتی غائب ہوئی۔

④ 2 فروری 1963 کو میرین سلفر کوئن (Marine Sulpher Queen) نامی امریکی مال بردار جہاز غائب ہوا۔ اس پر 38 جہاز ران سوار تھے۔ اس پر سلفر لدا ہوا تھا۔

⑤ یکم جولائی 1963 کو اسنو بوائے (Snow Boy) نامی کشتی غائب ہوئی۔

⑥ دسمبر 1967 میں وچ کرافٹ نامی (Witch Craft) جہاز غائب ہوا۔ اس کا وزن بیس ہزار ٹن تھا اور عملے کی تعداد 32 تھی۔

⑦ مئی 1968 مشہور امریکی آبدوز اسکورپئین (Scorpion) ننانویں فوجیوں سمیت غائب ہوگئی۔

⑧ اپریل 1970 میں امریکی مال بردار جہاز ملٹن ٹریڈ (Milton Trade) غائب ہوا۔

⑨ مارچ 1973 میں جرمنی کا مال بردار جہاز انیٹا (Aneta) غائب ہوا۔

⑩ اگست 1800 میں امریکی کشتی انسرجنٹ بغیر کسی حادثے کے غائب ہوگئی۔ اس پر 340 مسافر سوار تھے۔

⑪ جنوری 1880 میں اٹلانٹا نامی برٹش جہاز غائب ہوا۔ اس پر 290 افراد سوار تھے۔

⑫ اکتوبر 1902 میں فیریا (Feria) نامی جرمن جہاز غائب ہوا۔ اس کا عملہ اغواء کرلیا گیا جبکہ جہاز مل گیا۔

⑬ مارچ 1918 میں امریکی مال بردار جہاز سائیکلوپ (Cyclop) اپنے تمام عملے سمیت غائب ہوا۔ عملے کی تعداد 309 تھی۔

⑭ 1924 میں مال بردار جاپانی کشتی رائی نوکو (Raynoko) غائب ہوئی۔

⑮ 1931 میں مال بردار جہاز اسٹافجر (Stafger) غائب ہوا۔

⑯ اپریل 1931 میں ہی جون اینڈ میری (John&Mary) نامی امریکی جہاز غائب ہوا۔ پھر کچھ وقت بعد جنوبی برمودا سے پچاس میل دور پانی پر تیرتا ہوا ملا۔

Marfat.com

⑰ مارچ 1938 میں برطانوی آسٹریلوی مال بردار جہاز اینگلو آسٹریلیز غائب ہوا۔

⑱ فروری 1940 میں گلوریا کولڈ (Gloria Cold) نامی تفریحی کشتی غائب ہوئی۔ پھر کچھ عرصہ بعد غائب ہونے کی جگہ سے دو سو میل دور پائی گئی لیکن سواروں سے خالی۔

⑲ 22 اکتوبر 1944 کو کیوبہ کا ریڈ پیکون (Red Peakon) نامی جہاز غائب ہوا۔ پھر کچھ عرصہ بعد فلوریڈا کے ساحل کے قریب سواروں سے خالی پانی تیرتا ہوا پایا گیا۔

یہ محض وہ واقعات ہیں جو زیادہ مشہور ہوئے ورنہ یہ فہرست خاصی طویل ہے۔ اب کچھ اور واقعات تفصیلاً پڑھیے!

تنہا ساری دنیا کی سمندر سیر کرنے والا: جاشوا سلوکم (Jashua Slocum) ایک ایسا کپتان جو نہ صرف امریکی بحریہ کی تاریخ کا بلکہ ساری دنیا کی بحریہ کی تاریخ میں اپنا نام رکھتا تھا۔ بچپن سے سمندر کی موجوں سے کھیلنے والا' سب سے پہلے تنہا ساری دنیا کی سمندری سیر کرنے والا' ساری عمر خطرناک سمندری طوفانوں کا مقابلہ کرتے رہنے کے بعد جب 1909 میں ایک سفر پر اپنی کشتی اسپرے (Spray) پر روانہ ہوا تو پھر ہمیشہ کے لئے برمودا تکون میں اپنی کشتی کے ساتھ غائب ہو گیا۔ اس کا اور اس کی کشتی کا کوئی سراغ نہیں مل سکا۔ نہ حادثے کی خبر نہ کشتی کا ملبہ۔ سوائے اس کے کہ برمودا تکون میں غائب ہونیوالوں کی فہرست میں اس کا اور اس کی کشتی کا اضافہ ہو گیا۔

مشہور امریکی ارب پتی: ہیری کونوور (Herrey Conover) مشہور امریکی ارب پتی' ماہر جنگی پائلٹ' کشتیوں کی دوڑ جیتنے والا ماہر کپتان 1958 میں اپنے کئی ساتھیوں کے ساتھ برمودا تکون کی گہرائیوں میں غائب ہو گیا لیکن اس بار صرف افراد غائب کئے گئے جبکہ ان کی کشتی میامی (فلوریڈا) کے ساحل سے 80 میل شمال میں ایک کنارے پر ملی۔ ہیری کونوور اور اس کے ساتھی کشتی سے غائب تھے۔

ڈوبا جہاز دوبارہ: کیا کبھی آپ نے ایسا سنا ہے کہ کوئی جہاز سمندر میں مکمل ڈوب گیا ہو اور کچھ عرصہ کے بعد ہی درست حالت میں' بغیر کسی خرابی کے اوپر آ جائے۔؟

Marfat.com

ایک جہاز برمودا تکون کے پانی پر تیر رہا ہے۔ سمندر کی موجیں اس سے اٹکھیلیاں کر رہی ہیں لیکن اس میں کوئی نہیں بالکل خالی۔ نہ کپتان، نہ عملہ اور نہ کوئی سوار۔ اس جہاز کا نام لا دا ہاما ہے۔ ایس ایزٹیک (S. Aztec) کے کپتان اور عملے نے جو منظر دیکھا وہ کچھ یوں ہے:

"ہر چیز اپنی جگہ موجود ہے۔ نہ کسی نے کسی چیز کو اٹھایا ہے اور نہ کوئی چھیڑ چھاڑ کی ہے۔ نہ لوٹ مار کی واردات ہے نہ کوئی حادثہ۔ حتی کہ کپتان کا قلم اور دور بین بھی اسی طرح رکھی ہوئی ہے' اس سے بھی زیادہ اچنبے کی بات یہ ہے کہ بحری جہاز رانی کے ریکارڈ میں یہ جہاز ڈوب چکا تھا۔ جس کو ڈوبتے ہوئے اٹلی کی "ریکس" (Rex) نامی کشتی کے سواروں اور عملے نے خود دیکھا تھا۔

خطرہ آخر کس سے: ذرا سوچئے! یہ کون اغواء کار ہیں جو جہاز سے بیش قیمتی چیزوں میں سے کچھ نہیں لیتے اور نہ ہی اغوا کرنے کے بعد اپنا کوئی مطالبہ کسی کے سامنے رکھتے ہیں بلکہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے اپنے ساتھ لے جاتے ہیں۔ پھر جاتے کہاں ہیں؟ ایسے واقعات جن کی کوئی قابل اطمینان تشریح نہیں کی جا سکی۔ کیا برمودا کے اندر یہ واقعات اتفاقی ہیں یا کوئی منظم قوت سوچے سمجھے منصوبے کے تحت یہ سب کرتی رہی ہے؟

ماہرین خاموش ہیں بلکہ خاموش کر دیئے گئے ہیں۔ تحقیق کے تمام دروازے بند کر دیئے گئے۔ آخر ایسا کیا ہے؟ ماہرین کے نزدیک ایک بات طے شدہ ہے کہ ان تمام واقعات سے بحری قزاقوں کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ کسی بھی حادثے میں ایسا کبھی نہیں ہوا کہ جہاز پر موجود نقد پیسہ یا کوئی اور قیمتی اشیاء اٹھالی گئی ہوں۔ نیز ان غائب ہونے والے جہازوں کی جانب سے سمندر میں موجود پہرے داری کے مراکز نے کبھی امداد طلب کرنے کا کوئی اشارہ بھی موصول نہیں کیا۔ البتہ بعض مرتبہ کچھ پیغامات موصول ہوئے جو واضح نہیں تھے۔

حاصل شدہ ان غیر واضح پیغامات سے تحقیق کار اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ تمام حادثات بہت تیزی کے ساتھ رونما ہوئے اور جہاز کے کپتان اور عملے پر اچانک کوئی خوف طاری ہوا۔

① 1924 میں جاپانی مال بردار جہاز ریوو کو مارو (Rivoco Maro) نے غائب ہونے

Marfat.com

سے پہلے ساحل پر پہرے داری کے مرکز کو یہ پیغام بھیجا:

''ہمارے اوپر خوف طاری ہو رہا ہے......خطرہ......خطرہ......فوراً ہماری مدد کرو۔''

② البتہ 1967 میں غائب ہونے والی وچ کرافٹ نامی تفریحی کشتی (Yacht) سے جو پیغام آخری وقت میں موصول ہوا وہ کچھ واضح تھا۔ کشتی کا مالک جو خود کشتی پر موجود تھا اس نے قریبی مرکز کو آخری پیغام یہ دیا:

''کشتی پانی کے نیچے موجود کسی نامعلوم چیز سے ٹکرائی ہے، تشویش کی کوئی بات نہیں ہے، کشتی میں کوئی خرابی نہیں ہوئی، البتہ یہ ٹھیک طور پر کام نہیں کر رہی۔''

اس پیغام کے صرف تین منٹ بعد امدادی ٹیم کشتی کی جگہ پر پہنچ گئی لیکن ان تین منٹوں میں کشتی اس کا مالک اور مالک کا دوست جو کہ سینٹ جورج چرچ کا پادری فورٹ لوڈر ڈیل تھا کسی نامعلوم جگہ پہنچ چکے تھے۔ پندرہ منٹ بعد ایک اور امدادی ٹیم وہاں پہنچ گئی اور دو سو میل علاقے کا چپہ چپہ چھان مارا لیکن وچ کرافٹ کا کوئی سراغ نہ مل سکا۔

امریکی بحری جہاز اور برمودا مثلث: پہلی جنگ عظیم (1914-1918) کے وقت مارچ 1918 میں امریکی بحری جہاز سائیکلوپس (.Cyclops U.S.A) اس علاقے میں غائب ہو گیا۔ اس پر ساڑھے چودہ ہزار ٹن خام مال لدا ہوا تھا جو کہ جنگ کے دوران استعمال ہوتا تھا۔ اس کے علاوہ تین سو افراد اس پر سوار تھے۔ ان کا بھی کوئی نام و نشان نہیں مل سکا۔

امریکی ہیرو بلیکلے: 1814 امریکی بحری بیڑے کے مشہور جہاز واسپ (WASP) کو بھی برمودا تکون نگل گیا۔ اس کا کپتان کوئی معمولی کپتان نہیں تھا بلکہ امریکی عوام و خواص کا ہیرو برطانوی بحری بیڑے کے مضبوط ترین جہاز رینڈیر (Reindeer) کو صرف 27 منٹ میں شکست دینے والا جونسن بلیکلے (Blakeley) اس کا کپتان تھا۔ اس فتح کے فوراً بعد کسی کو کچھ خبر نہیں کہ بلیکلے اپنے اسٹاف اور جہاز کے ساتھ کس دنیا میں جا پہنچا۔ نہ امریکی حکومت اور نہ امریکی بحریہ جو کہ اس علاقے کے چپے چپے کے پانی کی گہرائیوں تک کو اس طرح پہنچانتی ہے جیسے اپنے گھر کے گلی کوچوں کو لوگ پہنچاتے ہیں لیکن انتہائی تلاش کے بعد کوئی

Marfat.com

ہلکا سا نشان بھی ان کا نہ پا سکی؟ تو کیا برموداتکون ان کو اپنے اندر نگل گیا؟ یا بلیکلے کی صلاحیت سے متاثر ہو کر ''خفیہ قوت'' نے اپنے لئے منتخب کر لیا؟

کیرول ڈیئرنگ نامی جہاز اور برمودا ٹرائی اینگل: کیا آپ یقین کریں گے اگر آپ کو یہ بتایا جائے کہ ایک جہاز برمودا کے سمندر میں کھڑا ہے لیکن مسافر اور کپتان لاپتہ ہیں؟ کھانے کی میزوں پر کھانا اسی طرح لگا ہو گویا سوار کھانا کھاتے کھاتے ابھی کسی کام سے اٹھ کر گئے ہوں۔ نہ کسی حادثے کے آثار نہ کسی لوٹ مار کی کوئی نشانی۔ آخر تمام سوار اچانک بیچ سمندر میں کھانا چھوڑ کر کس کے مہمان بن گئے۔؟

یہ حادثہ کیرول ڈیئرنگ (Caroll Deering) نامی جہاز کے ساتھ پیش آیا۔ جہاز کا اگلا حصہ ساحل پر ریت میں دھنسا ہوا تھا جبکہ پچھلا حصہ پانی میں تھا۔ کھانے کی میزوں پر کھانا لگا ہوا تھا، کرسیاں تھوڑی سی پیچھے کی جانب کھسکی ہوئی تھیں گویا اس کے سوار کسی غیر متوقع بات پیش آنے پر اپنی جگہ سے اٹھے ہوں اور پھر واپس آنا چاہتے ہوں لیکن پھر وہ کبھی اپنی کرسیوں پر واپس نہ آ سکے۔ کرسیوں اور میزوں پر رکھی کھانے کی پلیٹوں کو دیکھ کر کسی ہنگامے یا بھگدڑ کے کوئی آثار وہاں نظر نہیں آتے تھے۔ جہاز کی حالت دیکھ کر یہ بھی نہیں کہا جا سکتا تھا کہ اس میں کوئی لوٹ مار کی واردات ہوئی ہے۔ پھر سب سے زیادہ حیرت کی بات یہ تھی کہ اتنے بڑے جہاز کو ساحل پر کون لایا؟ اور اس کے سواروں کے ساتھ کیا حادثہ پیش آیا؟ کیونکہ اتنے بڑے جہاز کا اتنے کم پانی میں آنا ناممکن ہے۔ یہ جہاز جی جی ڈیئرنگ کمپنی آف پورٹ لینڈ کی ملکیت تھا۔

امریکی صدر کی بیٹی: 1813 میں امریکا کے تیسرے نائب صدر ارون بر (Aaron Burr) کی بیٹی تھیوڈوزیا (Theodosia) جو کہ جنوبی کیرولینا کے گورنر جوزف السٹون کی بیوی تھی، اپنے وقت کی ذہین ترین اور خوبصورت ترین لڑکی سمجھی جاتی تھی، برموداتکون میں غائب ہو گئی۔ تھیوڈوزیا اپنے والد سے ملاقات کے لئے اس وقت کی مشہور کشتی پیٹریاٹ پر سوار ہو کر نیویارک جا رہی تھی۔ پیٹریاٹ کا کپتان اس وقت کے ماہر امریکی کپتانوں میں شمار ہوتا

Marfat.com

تھا' اس کے ساتھ اس کا ڈاکٹر اور عملے کے چند ارکان تھے لیکن تھیوڈوزیا اور پیٹر یاٹ کا عملہ کبھی نیویارک نہ پہنچ سکے۔

امریکی نائب صدر ہونے کی حیثیت سے اس کے باپ ارون بر نے بیٹی کی تلاش میں اپنے تمام تر وسائل جھونک ڈالے لیکن نہ ہی کشتی اور نہ اس پر سوار افراد کا کچھ پتہ لگ سکا۔ سوائے چند جھوٹی منصوبہ بند افواہوں کے۔

''وائلڈ جا'' (Wildjaw) نامی کشتی کے کپتان جوئے ٹیلی کے ساتھ برمودا تکون کے علاقہ میں ایک حادثہ پیش آیا۔ لیکن جوئے ٹیلی بھی کچھ بتا نہیں سکا کہ اس کی کشتی کو کیا حادثہ پیش آیا۔ حالانکہ سمندر بالکل پرسکون تھا جبکہ دوسری کشتی کیکوس ٹریڈر کا کپتان بھی صرف اتنا ہی بتا سکا کہ اچانک کشتی کا وہیل اس کے ہاتھ سے چھوٹ گیا۔ وائلڈ جا کہتا ہے:

''میں اپنی بڑی کشتی لے کر شکار کے لئے نکلا، میری کشتی کے پیچھے کیکوس ٹریڈر (Kikos Trader) نامی کشتی بندھی ہوئی تھی۔ جس کو میری کشتی کھینچ رہی تھی۔ موسم بالکل صاف تھا۔ ایسا موسم اس طرح کے سفر کے لئے بڑا موزوں ہوتا ہے۔ ہم جزائر بہاما کے درمیان اس جگہ پہنچ گئے جہاں سمندر بہت گہرا ہے۔ جب اندھیرا بڑھا تو میں سمت کا پتہ لگانے کی غرض سے کپتان کے کمرے میں آیا۔ اس کے بعد میں نے سوچا کہ کچھ دیر آرام کر لیا جائے۔ چنانچہ میں اپنے سونے کے کمرے میں آکر لیٹ گیا۔ میں گہری نیند سویا ہوا تھا کہ اچانک موج کا ایک تھپیڑا میرے منہ پر آکر لگا۔ میں ہڑبڑا کر اٹھا دیکھا تو ہر طرف سے پانی کمرے میں داخل ہو رہا تھا۔ بڑی مشکل سے میں دروازہ کھولنے کے لئے اٹھ پایا۔ ابھی میں نے دروازے کی چٹخنی کھولی بھی نہ تھی کہ دروازہ میرے اوپر آ گرا اور میں نے خود کو سمندر کی گہرائی میں پایا۔ میں نے تیر کر سمندر کی سطح پر آنے کی کوشش کی مجھے یوں محسوس ہوتا تھا کہ جیسے سمندر میں نیچے کی طرف کھینچا چلا جا رہا ہوں۔ میں تیزی سے اوپر کی جانب جانے کی کوشش کرتا رہا۔ بالآخر کوشش کامیاب رہی اور میں پانی کے اوپر آ گیا میں نے دیکھا کہ میری کشتی غائب ہے اور کیکوس ٹریڈر جس کو میری کشتی کھینچ رہی تھی وہ پانی پر موجود ہے اور وہ

Marfat.com

لاؤڈ اسپیکر سے مجھے آوازیں دے رہے ہیں۔''

مختلف نظریات: برمودا میں غائب ہونے والے اکثر طیارے' بحری جہاز اور کشتیاں ان میں سے اکثر کا تعلق امریکہ اور برطانیہ سے رہا ہے لیکن حیرت کی بات یہ ہے کہ ان دونوں حکومتوں نے نہ تو کبھی اس معاملے کو سنجیدگی سے لیا ہے اور نہ ہی اپنی پروازوں کو اس علاقے کے اوپر سے گزرنے پر پابندی لگائی ہے بلکہ اس بارے میں جتنی بھی تحقیقاتی کمیٹیاں بنی ہیں ان کی رپورٹوں کو شائع نہیں کیا گیا۔ یوں لگتا ہے کہ دنیا کی حکومتوں کو اس کی اجازت نہیں ہے۔ سب کے ہونٹ سلے ہوئے ہیں۔ شاید اسی لئے بہت سے سرکاری محققین تو اس بات کے سرے سے ہی انکاری ہیں کہ دنیا میں ایسا کوئی علاقہ موجود ہے جہاں ایسے حادثات رونما ہوئے ہیں۔

برمودا تکون کے حادثات کے اسباب کے بارے میں بہت کچھ لکھا گیا ہے۔ عالمی شہرت کے حامل سائنسداں' ماہرین ارضیات (Geologists) ماہر طبیعات' فلاسفر' سیاح' دانشور حتی کہ یہودی اور عیسائی مذہبی پیشواؤں نے اس کے اسباب کے بارے میں اپنے نظریات بیان کئے ہیں۔ ہر طبقے کے نظریات میں ان کے اپنے نقطہ نظر (Point of View) کی چھاپ بالکل واضح محسوس کی جاسکتی ہے۔ ہم یہاں مشہور نظریات بیان کر رہے ہیں۔

① قدامت پسند عیسائیوں کا خیال ہے کہ برمودا تکون جہنم کا دروازہ ہے۔

② برمودا کے علاقے میں پانی کے اندر طوفان اور زلزلے آتے ہیں جن کی وجہ سے حادثات بہت تیزی کے ساتھ رونما ہوتے ہیں۔

یہ نظریہ کوئی وزن نظر نہیں آتا۔ کیونکہ اول تو یہ کہ جتنے واقعات برمودا تکون میں رونما ہوئے اس وقت وہاں موسم صاف تھا۔ کسی طوفان وغیرہ کی کوئی اطلاع ریکارڈ نہیں کی گئی۔ دوسرا یہ کہ وہ کیسا خاص طوفان ہوتا ہے جو کبھی صرف جہاز کو ڈبوتا ہے اور مسافروں کو صحیح سلامت لاکر ساحل پر چھوڑ جاتا ہے اور کبھی اس طوفان کو صرف سواروں کی ضرورت ہوتی ہے اور کبھی جہاز کو ساحل پر پہنچا دیتا ہے؟

Marfat.com

پانی اندر زلزلوں کی وجہ سے حادثات بہت تیزی کے ساتھ رونما ہوتے ہیں۔ چلئے یہ مان لیتے ہیں لیکن پھر ہوا میں اڑتے طیاروں کے بارے میں کیا کہا جائے گا؟ زلزلے سمندر میں آئے اور فضاء میں اڑتے طیارے کیسے غائب ہو گئے؟ نیز یہ کیسے زلزلے ہیں جو کسی ماہر ارجیات نے کبھی ریکارڈ نہیں کئے اور نہ ہی زلزلوں کا پتہ لگانے والے آلات کسی زلزلے کو ریکارڈ کر سکے؟

③ بعض ماہرین کا خیال ہے کہ اس جگہ کشش یا الیکٹرو میگنیٹک لہریں ( Electro Magnetic Waves) پیدا ہوتی ہیں، جن کی طاقت ہماری اس بجلی کی طاقت سے ہزاروں گنا زیادہ ہوتی ہے۔ چنانچہ یہ انتہائی طاقتور لہریں جہازوں کو توڑ کر ان کا نام ونشان مٹا دیتی ہیں اور برمودا کے اوپر اڑتے طیاروں کو کھینچ لیتی ہیں، اسی وجہ سے برمودا تکون کے علاقے میں کمپاس ( سمت بتانے والا آلہ ) کام کرنا چھوڑ دیتا ہے۔ دنیا میں دو جگہ ایسی ہیں جہاں کمپاس کام کرنا چھوڑ دیتا ہے۔ ایک برمودا تکون دوسرا جاپان کا شیطانی سمندر۔

کمپاس کے ناکارہ ہو جانے کا مطلب یہ ہے کہ ان دو خطوں کے علاوہ دنیا میں کہیں بھی کمپاس کو استعمال کریں تو اس کی سوئی شمال کی جانب ہوتی ہے لیکن یہ حقیقی ( قبطی ) شمال کی جانب نہیں بلکہ مقناطیسی شمال کی جانب ہوتی ہے۔ جبکہ ان دو علاقوں میں کمپاس کی سوئی قطبی شمال کی جانب ہوتی ہے جس کی وجہ سے سمت کے تعین میں بڑا فرق پیدا ہو جاتا ہے۔ یہی رائے امریکی بحریہ کی بھی ہے۔

The US navy proposed the possibility of electromagnetic and atmospheric disturbances.

"امریکی بحریہ نے الیکٹرو میگنیٹک اور موسمی خرابی کے امکان کے بارے میں تجویز کا اظہار کیا تھا۔

سائنسدانوں کی اکثریت کا خیال کہ یہ مکمل سائنسی مسئلہ ہے:

Most scientists attribute the disappearances to tricky ocean

Marfat.com

currents, hostile weather and human or technical error. In the Triangle area, compasses point to the geographical North Pole rather than the magnetic north, which something makes navigation difficult causing accidents.

''اکثر سائنسدان غائب ہونے کے واقعات کو دھوکے باز سمندری موجوں' ناموافق موسم اور انسانی یا تکنیکی غلطی کی جانب منسوب کرتے ہیں۔ برمودا تکون کے علاقے میں کمپاس جغرافیائی قطب شمالی کی جانب ہوتا ہے برخلاف مقناطیسی شمال کے۔ جس کی وجہ سے سمت کے تعین کے نظام میں دشواری ہو جاتی ہے اور حادثات کا سبب بنتی ہے۔''

محقق گیان کوثر جو کہ 1990 سے برمودا تکون پر تحقیق کر رہے ہیں۔ وہ ان نظریات کی تردید کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

The rationalistic attempt to deny the mystery or fit it into the existing scientific framework fails. The magnetic compass variation explanation is false because the Argonic line (the area difference in calculation) moves with the rotation of the earth and is not always inside the Triangle to cause accidents. The methane gas theory also false. Science the Triangle area does not have vast gas reserves.

''برمودا تکون کے راز یا معمہ ہونے کی حیثیت کے انکار کی کوشش یا اس کو موجودہ سائنسی چوکھٹے میں رکھنے کی کوشش ناکام ہو چکی ہے۔ مقناطیسی کمپاس کے فرق والی تشریح بھی غلط ہے کیونکہ کمپاس میں کمی بیشی کا جو علاقہ ہے وہ زمین کے گھومنے کے ساتھ حرکت کرتا ہے اور وہ فرق کیونکہ تکون کے اندر نہیں ہوتا کہ حادثات کا سبب بن جائے۔ میتھین

Marfat.com

گیس تھیوری بھی بے بنیاد ہے کیونکہ تکون میں بڑی مقدار میں گیس کے ذخائر نہیں ہیں۔

گیان کوثر آگے کہتے ہیں:

"Despite science's efforts to create a theory of Everything earth still holds secrets that we can't fathom".

''سائنس کے نظریہ ''تھیوری آف ایوری تھنگ'' (یہ ایک نظریہ ہے جو فطرت کی چاروں طاقتوں کی تشریح کرتا ہے) کی ایجاد کی کوشش کے باوجود زمین ابھی بھی اپنے اندر ایسے رازوں کو چھپائے ہوئے ہے کہ جن کی تہہ تک ہم نہیں پہنچ سکتے۔''

④ اس بارے میں ایک نظریہ ایڈ اسنیڈکر (Ed Snedeker) نامی سائنسداں کا ملاحظہ فرمائیں:

The atmosphere above the Triangle is filled with invisible tunnels, which suck in the aircraft, ships and people.

''تکون کے اوپر کی فضاء نہ نظر آنے والی سرنگوں سے بھری ہوئی ہے جو طیاروں، جہازوں اور افراد کو اپنے اندر کھینچ لیتی ہیں۔''

⑤ برمودا تکون کے بارے میں تحقیق کرنے والے ایک اور محقق چارلس برلنز (Charles Berlitz) کا خیال ہے:

''برمودا تکون کے اندر مقناطیسی بھنور (Magnetic Vortex) ہیں جو اپنے اندر اپنے شکار کو کھینچ لیتے ہیں۔''

⑥ ایک نظریہ یہ ہے کہ برمودا تکون کے اندر اڑن طشتریاں (Flying Saucers) جاتی دیکھی گئی ہیں۔ چنانچہ وہاں ان میں سوار خفیہ قوتوں کے ٹھکانے ہیں، جو اپنے مخصوص مقاصد کے لئے طیاروں، جہازوں اور افراد کو اغواء کر لیتے ہیں۔

⑦ یہ حقیقت ہے کہ وہاں پانی کے اندر چھوٹی چھوٹی غاریں پائی گئی ہیں۔

اس نظریے میں ان کی نوعیت اور شکل نہیں بتائی گئی یا پھر بتانے کی اجازت نہیں

Marfat.com

ہے۔ یہ غاریں خود بن گئیں یا کسی منظم قوت نے بنائی ہیں۔؟ البتہ اتنا ضرور ہوا کہ جس نے ان غاروں کے بارے میں جاننے کی کوشش کی اور کچھ جان بھی لیا۔ اس کو پانی کے اندر ہی مار دیا گیا۔

⑧ برمودا تکون کی حقیقت کے بارے میں مذکورہ بیان کردہ نظریات کے علاوہ اور کافی نظریات ہیں۔ مثلاً میتھین گیس تھیوری کے نام سے ایک نظریہ مشہور ہے جو کہ ڈاکٹر بین کلینل (Dr. Ben Clennel) کا ہے:

Dr. Ben Clennel of leeds University popularized the theory that methane licked below the sea sediments reduces the density of water making ships sink. He also claimed that the highly combustible gas could also ignite aircraft engines, belowing them up.

''لیڈس یونیورسٹی کے ڈاکٹر بین کلینل نے یہ نظریہ متعارف کرایا کہ تکون کے اندر سمندر کے نیچے میتھین گیس ہے جو کہ سمندر کی تہہ میں تلچھٹ میں موجود ہے۔ یہ آبیدے (Gas Hydrates) سمندر کی تہوں سے نکل کر موٹے موٹے بلبلوں کی صورت میں پانی کی سطح پر آ جاتے ہیں۔ یہ بلبلے چھونے سے یا آواز سے پھٹ جاتے ہیں اور ان میں موجود گیس باہر نکل جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے وہاں پانی کی کثافت (Density) کم ہو جاتی ہے۔ جس کے نتیجے میں جہاز وغیرہ ڈوب جاتے ہیں۔ نیز ان کا یہ بھی دعویٰ ہے کہ چونکہ یہ گیس انتہائی سریع الاشتعال ہے لہٰذا اگر یہ گیس فضاء میں پھیل جائے تو طیارے کے انجن کو ایک دھماکے کے ساتھ اڑا سکتی ہے۔

⑨ میں (ڈاکٹر محمد عیسیٰ داؤد الاطال مصری) کہتا ہوں کہ شیطانی سمندر، اڑن طشتریاں اور برمودا تکون کا نے دجال کے زیر استعمال ہیں۔ اس نے باقاعدہ قلعے نما محل بنایا ہوا ہے جو تکون کی شکل کا ہے۔ میں (محمد عیسیٰ داؤد) ان تمام جگہوں پر خود گیا ہوں جہاں سے دجال یا

Marfat.com

یہودی خفیہ تنظیم فریمین کا کوئی تعلق رہا ہے۔ مثلاً سویڈن' مصر' فلسطین' امریکہ' برموداشام وغیرہ۔ فلسطین و مصر میں کچھ قدیم مخطوطات ہاتھ بھی لگے ہیں۔ برموداتکون کے حادثات کی تحقیق کرنے والے وہ محققین جو اس علاقے کو خطرناک علاقہ قرار دیتے ہیں ان کی دلیلیں زیادہ وزنی ہیں۔

## برموداتکون عجیب سے عجیب تر......قوت کشش:

① محقق پی پر باتھ اپنے مقالے ''برموداتکون توانائی کا میدان یا وقت کا میلان (Bermuda Triangle: Energy Filed or Time Warp) میں کافی بحث ومباحثہ کرنے کے بعد لکھتا ہے:

''متضاد تشریحات کے باوجود ایک خفیہ ڈور بھی ہے، وہ یہ کہ برموداتکون کے اندر عجیب لیکن طاقتور توانائی کی موجودگی جس کو بعض سائنسدان بھی تسلیم کرتے ہیں۔ البتہ یہ کسی کو پتہ نہیں کہ کیوں اور کیسے یہ علاقہ اس بے انتہا توانائی کی جگہ بنا؟

جی ہاں! برموداتکون میں ایک ''طاقت ورقوت'' کے ہونے پر اکثر محققین متفق ہیں۔ لیکن یہ پراسرار قوت ہے کیا اور اس کو کنٹرول کون کرتا ہے؟ کیا وہاں قوت کشش ہے؟

② بعض محققین کا خیال ہے کہ وہاں ایسی شعائیں یا لہریں پیدا ہوتی ہیں جو ہماری اس بجلی کی طاقت سے ہزاروں گنا زیادہ طاقت ور ہیں۔ یہ لہریں جہازوں اور طیاروں کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہیں ان کو برقناطیسی یا الیکٹرومیگنیٹک لہریں (Electromagnetic Waves) کہتے ہیں۔ برقناطیس کا یہ نظریہ برطانوی ماہر طبیعات جیمس کلرک 1873 میں متعارف کرایا تھا۔

آپ آسان الفاظ میں یوں سمجھ سکتے ہیں جس طرح ہماری یہ بجلی ایک بہت طاقت ور چیز ہے جو بڑی بڑی مشینوں کو چلاتی ہے' بڑے دیوہیکل طیاروں کو اڑاتی ہے۔ اسی طرح کی ایک قوت الیکٹرومیگنیٹک قوت یا قوت کشش بھی ہے۔ البتہ ذہن میں رہے کہ یہ قوت ہماری بجلی کی قوت کے مقابلے لاکھوں گنا طاقتور ہے۔ جس کو ہماری جدید سائنس ابھی تک مکمل

Marfat.com

طور پر استعمال میں لانے میں ناکام رہی ہے کیونکہ برمودا میں موجود قوت کشش اس قوت کشش سے یکسر جدا ہے۔ جس کو ہمارے سائنسدان جانتے ہیں۔

برمودا تکون کے اندر جس قوت کشش کا ذخر جان کیر سٹوئی نے کیا ہے برمودا میں اس قوت کشش کی موجودگی کو تقریباً تمام نظریات کے حامل سائنسدان تسلیم کرتے ہیں۔

اس قوت کشش کو اتنے منظّم انداز میں استعمال کرنے والا کون ہے؟ وہ کون سی قوت ہے جس نے اس کو اتنا موثر بنالیا، جس کے ذریعے فضاء میں اڑتے طیارے غائب کر دیئے جائیں، جدید طیاروں کی جدید ٹیکنالوجی کو جام کر دیا جائے' اس علاقے کے اوپر سیٹیلائٹ اور موسمی سیارے جو اس علاقے کی تصویریں نکالنے کی کوشش کریں اور تصویریں کھینچ لی جائیں، لیکن کیمرے کی فلم صاف یعنی برمودا تکون میں موجود ''خفیہ قوت'' اتنی جدید ٹیکنالوجی کی مالک ہے کہ دنیا کے جدید ترین سمجھے جانے والے سیٹیلائٹ اور ان کے کیمروں میں موجود فلموں کو ہزاروں کلومیٹر دور سے صاف کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

یہی اعتراض برمودا پر تحقیق کرنے والے ایک اور محقق پروفیسر ہیرولڈ ایل ڈیوس نے اپنے مقالے میں کیا ہے۔ جس کا عنوان ہے: ''نبضات کشش یقینی ہیں لیکن یہ آتی کہاں سے ہیں؟''

Gravity Pluses confirmed, but where do they come from?

''تو کیا ہماری اس معلوم دنیا اور موجودہ سائنس دانوں کے علاوہ اسی دنیا کی کوئی خفیہ طاقت سائنس و ٹیکنالوجی میں بہت آگے جا چکی ہے؟ دو سو یا تین سو سال آگے اور کیا وہ طاقت برمودا تکون میں سمندر کے اندر موجود ہے؟ کیا قوت کشش سے اڑنے والی سواری تیار کی جا چکی ہے؟''

ایک اہم بات یہ بھی یاد رکھنی چاہیے کہ برمودا تکون اور شیطانی سمندر میں اکثر غائب ہونے والے مال بردار جہازوں میں عسکری امور میں استعمال ہونے والا سامان یا خام مال بھرا ہوا تھا۔ نیز جو افراد اغوا کیے گئے وہ بھی اپنے فن میں ماہر لوگ تھے' چنانچہ ہمارے پاس

Marfat.com

اس بات کو تسلیم کرنے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں کہ اس علاقے میں کوئی خفیہ قوت ہے جو اس مقناطیسی کشش کو منظم انداز میں استعمال کر رہی ہے اور اس پر اس کو مکمل کنٹرول حاصل ہے۔

چنانچہ مشہور جیوفیزکس سائنسداں جان کیر سٹوئی کہتے ہیں:

''اس (برموداتکون کے) پانی کے اندر اور پانی کے اوپر ایک خاص قسم کی قوت کشش موجود ہے۔ یہ قوت کشش ہماری اس قوت کشش سے مختلف ہے جس کو ہم جانتے ہیں۔''

جان کیر سٹوئی یہاں پر دو توانائیوں کے قائل ہیں۔

اگر کوئی سائنسداں توانائی کے طور پر اس قوت کشش کو استعمال کرنے میں کامیاب ہو جائے تو پھر اس توانائی سے چلنے والی کار ہماری موجودہ توانائی سے چلنے والی کار سے لاکھوں گنا تیز رفتاری سے دوڑے گی' اس توانائی سے چلنے والی مشینری صدیوں کا کام دنوں میں انجام دے دیگی اور ذرا تصور کیجئے! قوت کشش سے اڑنے والے طیارے (یا اس طرح کی کوئی اور سواری) اس کی رفتار کیا ہوگی؟ زمین کو چکر تو گویا اس سواری کے سواروں کے لیے ایسے لپیٹ دیا جائے گا جیسے مینڈھے کی کھال کو لمحوں میں لپیٹ دیا جاتا ہے۔ ایسی اڑنے والی سواریاں جو آپ کے دیکھتے ہی دیکھتے آنکھوں سے غائب ہو جائیں، فضاء میں معلق ہو جائیں، سمندر کے اندر غاریں بنالیں، جس کو چاہیں دور سے ہی اپنی طرف کھینچ لیں، بجلی سے چلنے والے تمام آلات اور انجن بند کر دیں۔ حتی کہ اس کشش کے ذریعے زمین کی حرکت کو متاثر کر دیں اور دن کو عام دن کے بجائے سال کے برابر کر دیں؟

سوال یہ ہے کہ زیر سمندر کون سے ایسے سائنسداں ہیں جنہوں نے یہ قوت حاصل کر لی ہے؟

یہ ساری شیطانی و دجالی قوت وطاقت ہے۔ وہ جب چاہتا ہے استعمال کرتا ہے اور جس پر چاہتا ہے استعمال کرتا ہے۔ چنانچہ حدیث مبارکہ میں ہے:

① حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''دجال کے گدھے (سواری) کے دونوں کانوں کے درمیان چالیس گز کا فاصلہ ہوگا

Marfat.com

اور اس کا ایک قدم تین دن کے سفر کے برابر (بیاسی 82 کلومیٹر فی سیکنڈ۔ اس طرح اس کی رفتار 295200 کلومیٹر فی گھنٹہ ہوگی) وہ اپنے گدھے پر سوار ہو کر سمندر میں اس طرح داخل ہو جائے گا جیسے تم اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر پانی کی چھوٹی نالی میں گھس جاتے ہو (اور پار نکل جاتے ہو)، وہ کہے گا: ''میں تمام جہانوں کا رب ہوں اور یہ سورج میرے حکم سے چلتا ہے تو کیا تم چاہتے ہو کہ میں اس کو روک دوں؟'' چنانچہ سورج رک جائے گا۔ یہاں تک کہ ایک دن مہینے اور ہفتے کے برابر ہو جائے گا۔ وہ کہے گا: ''تم کیا چاہتے ہو کہ اس میں چلا دوں۔؟'' تو لوگ کہیں گے: ''ہاں۔'' چنانچہ دن گھنٹے کے برابر ہو جائے گا۔

② سیدنا نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا:

''یارسول اللہ! دجال کو زمین میں کتنا ٹھہرنا ہوگا؟''

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''چالیس دن۔ ایک دن سال کی طرح اور ایک دن مہینے کی طرح اور اک دن جمعہ کی طرح، باقی دن تمہارے دنوں کی طرح ہوں گے۔''

ہم نے عرض کیا:

''یارسول اللہ! تو وہ دن جو سال کی طرح ہوگا کیا اس میں ایک دن کی نمازیں ہمیں کافی ہوں گی؟''

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''نہیں اس دن کی مقدار کا اندازہ کرو!''

## ڈریگن تکون

ابتدائی تعارف: برمودا تکون کے بارے میں تو تمام دنیا بھر میں بہت کچھ لکھا جاتا رہا ہے اور اس کے بارے میں لوگوں کو خاصی معلومات ہیں لیکن برمودا تکون کی طرح پراسرار اور حادثات کے مرکز جاپان کا ڈریگن تکون یا شیطانی سمندر کے بارے میں لوگوں کو بہت کم

Marfat.com

معلومات ہیں۔ جاپان کے لوگوں کو اس کے بارے میں اچھی طرح علم ہے اور جاپانی حکومت نے سرکاری اعلان کے ذریعے لوگوں کو اس علاقے سے دور رہنے کا حکم جاری کر رکھا ہے۔ جاپان سے باہر کی دنیا اس کے بارے میں کم ہی جانتی ہے۔ حالانکہ برمودا تکون کی طرح یہاں بھی جہازوں' آبدوزوں اور طیاروں کے غائب ہونے کے واقعات بڑی تعداد میں ہوتے رہتے ہیں محققین کا خیال ہے یہاں حادثات کی تعداد برمودا تکون سے زیادہ ہے۔ یہاں بھی اغوا ہونے والوں کی اکثریت ماہرین' کپتانوں اور ہوابازوں کی رہی ہے بلکہ ایک بات جو یہاں زیادہ خطرناک نظر آتی ہے وہ یہ ہے کہ یہاں غائب ہونے والے جہاز اور آبدوزوں میں ایسے جہاز اور آبدوزیں بھی شامل ہیں جن میں خطرناک ایٹمی مواد بھرا ہوا تھا۔

یہ علاقہ بحرالکاہل (Pacific Ocean) میں جاپان اور فلپائن کے علاقے میں ہے۔ یہ تکون جاپان کے ساحلی شہر ''یوکوہاما'' (Yokohama) سے فلپائن کے جزیرے ''گوام'' (Guam) تک اور ''گوام'' سے پھر جاپان کے ''ماریانا'' جزائر تک پھر ''ماریانا'' سے ''یوکوہاما'' تک بنتی ہے۔ ماریانا جزائر پر دوسری جنگ عظیم میں امریکہ نے قبضہ کر لیا تھا۔

اس سمندر کو جاپانی لوگ مانو اومی (Ma-no umi) کہتے ہیں جس کے معنی شیطان کا سمندر ہے۔

**برمودا تکون اور شیطانی سمندر میں تعلق:** برمودا تکون اور شیطانی سمندر میں بہت گہرا ربط ہے۔ محققین کا کہنا ہے کہ ایسے بہت سے شواہد موجود ہیں کہ گمنام طیاروں اور جہازوں کو ایک تکون سے دوسری تکون کی طرف سفر کرتے ہوئے دیکھا گیا ہے۔ یہ دونوں تکون ایک ہی طول البلد وعرض البلد (35) پر واقع ہیں۔ جس طرح کے مشاہدات برمودا تکون کے علاقے اور فضاء میں کیے گئے ہیں اسی طرح شیطانی سمندر میں بھی اڑن طشتریوں کا آنا جانا، اس کے اوپر منڈلانا اور پانی کے اندر داخل ہونے اور نکلنے کے متعدد واقعات موجود ہیں۔ یہاں بھی خالی جہاز (بغیر کپتان اور عملے کے) سمندر میں تیزی سے سفر کرتے نظر آتے ہیں۔

Marfat.com

برمودا تکون کی طرح یہاں بھی سرگرم اور سرد موجیں آپس میں ٹکراتی ہیں جس کے نتیجے میں بڑی مقدار میں مقناطیسی میدان وجود میں آتا ہے۔

**شیطانی سمندر کا لقمہ بننے والے:** برمودا تکون اور شیطانی سمندر پر تحقیق کرنے والوں میں ایک بڑا مشہور نام چارلس برلٹز کا ہے۔ وہ اپنی کتاب ''دی ڈریگن ٹرائینگل'' میں لکھتے ہیں:

''1952 تا 1954 جاپان نے اپنے پانچ بڑے فوجی جہاز اس علاقے میں کھوئے ہیں۔ افراد کی تعداد 700 سے زیادہ ہے۔ اس معمہ کا راز جاننے کے لئے جاپانی حکومت نے ایک جہاز پر سو (100) سے زائد سائنسدانوں کو سوار کیا لیکن شیطانی سمندر کا معمہ حل کرنے والے خود معمہ بن گئے۔ اس کے بعد جاپان نے اس علاقے کو خطرناک علاقہ قرار دیدیا۔''

دوسری جنگ عظیم کے دوران بحری لڑائی میں جاپان کو اپنے پانچ طیارہ بردار جہازوں سے ہاتھ دھونا پڑا۔ اس کے علاوہ 340 طیارے، دس جنگی جہاز، دس جنگی کشتیاں، نو اسپیڈ بوٹ اور 400 خودکش طیارے بھی اس تکون کے علاقے میں تباہ ہوئے۔ جنگ کے دوران اس نقصان کے بارے میں آپ کہہ سکتے ہیں کہ یہ سب دشمن اتحادیوں کی جانب سے کیا گیا ہوگا لیکن اس بحری دستے کے بارے میں کیا تشریح کی جائے گی جو اسی علاقے میں بغیر کسی حادثے کے غائب ہوگیا۔ حالانکہ ابھی تک نہ تو وہاں امریکی اور نہ ہی برطانوی جہاز پہنچے تھے۔ ماہرین کی یہی رائے ہے کہ یہ تباہی کھلے دشمن کی جانب سے نہیں تھی۔ ایک محقق کہتے ہیں:

"It is extremely doubtful that they were sunken by enemy action because they were in home waters and there were no British or American ships in these waters during the beginning of the war".

''یہ بات انتہائی مشکوک ہے کہ ان جہازوں کو دشمن نے ڈبویا ہو کیونکہ یہ جہاز اپنی سمندری حدود میں تھے اور جنگ کے ابتداء میں وہاں برطانوی یا امریکی

Marfat.com

جہاز نہیں پہنچے تھے تو کیا یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس علاقے میں کوئی اور چھپی ہوئی قوت بھی موجود تھی جو اس جنگ میں امریکہ اور اس کے اتحادیوں کو کامیاب دیکھنا چاہتی تھی۔؟''

برموداتکون اور شیطانی سمندر میں اتنی زیادہ مماثلت جاننے کے بعد کیا کوئی یہ مان سکتا ہے کہ یہ محض اتفاق ہے۔؟ ہرگز نہیں۔

مشہور محقق چارلس برلٹز کہتے ہیں:

"The mysterious disappearances in the Bermuda and Dragon Triangles may not be coincidental; since both areas are so similar, the same phenomenon might be behind the lost ships and planes".

''برموداتکون اور شیطانی سمندر میں جہازوں کا پراسرا طور پر غائب ہوجانا اتفاقی نہیں ہوسکتا جبکہ دونوں علاقوں میں مماثلت پائی جارہی ہے۔ جہازوں اور طیاروں کے غائب ہونے میں دونوں جگہ ایک ہی نظریہ کارفرما ہے۔''[1]

## ڈریگن اور جنگی طیارے:

① اس کے علاوہ جاپان کا 16P-2J نامی جنگی طیارہ جولائی 1971 کو غائب ہوا۔ یہ بھی کوئی ہنگامی پیغام نہیں دے سکا۔

② 27 اپریل 1971ء کو جاپان کا ہی ایک اور P2V-7 نامی جنگی طیارہ غائب ہوا۔ اس کے دو مہینے بعد جاپان کا تدریبی طیارہ IM-1 غائب ہوا۔

③ مارچ 1957ء میں دس دن کے اندر امریکہ کے تین جنگی طیارے اپنے تمام عملے سمیت اس طرح غائب ہوئے کہ کوئی نام ونشان نہ مل سکا۔ نہ ہی کسی حادثے یا فنی خرابی کا

---

① دی ڈریگن ٹرائینگل۔ چارلس برلٹز۔

Marfat.com

پیغام پائلٹ کی جانب سے موصول ہوا۔ ان طیاروں کے نام یہ تھے:

① KB-50

② JD-1

③ C-97

مال بردار جہاز:

① مال بردار جہاز ''بانالونا'' یہ لائبیریا کا جہاز تھا۔ اس پر 13616 ٹن وزن تھا اور عملے کی تعداد 35 تھی۔ نومبر 1971ء میں شیطانی سمندر کی بھینٹ چڑھ گیا۔

② مال بردار ''صوفیاباباس'' نامی جہاز ٹوکیو (جاپان) کی بندرگاہ سے روانہ ہوا اور تھوڑا چلنے کے بعد دو ٹکڑوں میں تقسیم ہو گیا لیکن غائب نہیں ہوا۔ سمندروں کے سینے چیر نے والی اور مریخ پر کمندیں ڈالنے والی ٹیکنالوجی اس کا سبب جاننے سے قاصر رہی۔ سبب نامعلوم؟ تفتیش کے دروازے بند؟ غور کیجئے

③ یونانی جہاز ''اجیوس جیورجیس'' یہ بڑا تجارتی جہاز تھا۔ جو 29 افراد پر مشتمل عملے کے ساتھ اغواء کر لیا گیا۔ اس پر 16565 ٹن وزن لدا ہوا تھا۔ نہ جہاز کا پتہ چلا، نہ افراد کا اور نہ ہی اس لدے مال کا اثر پانی پر نظر آیا۔

④ جاپانی مال بردار جہاز ''کوروشیو مارو2'' بھی شیطانی سمندر کا لقمہ بن گیا۔ یہ بھی بڑا مال بردار جہاز تھا جس پر 1525 ٹن مال لدا ہوا تھا۔ اس کو بھی شیطانی سمندر اس کے عملے سمیت نگل گیا اور کوئی سراغ نہیں مل سکا۔ اس کا آخری رابطہ 22 اپریل 1949ء کو ہوا تھا۔

⑤ مال بردار ''ماسجوسار'' نامی جہاز بھی لائبیریا کا تھا۔ عینی شاہدین کے مطابق یہ جہاز شیطانی سمندر میں تھا کہ اچانک آگ بھڑک اٹھی لیکن یہ آگ جہاز کے اندر سے نہیں بلکہ پانی سے جہاز کی طرف بڑھی تھی۔ بہت سے لوگوں نے اسی وقت اس کی تصویریں کھینچ لیں جس میں صاف نظر آ رہا ہے کہ جہاز کے چاروں طرف پانی کی لہروں میں آگ ہے۔ حیرت

Marfat.com

کی بات یہ ہے کہ اس جہاز میں کوئی قابل اشتعال مادہ نہیں تھا۔ اس سے بھی حیرت کی بات یہ ہے کہ جہاز کو گھیرنے والی آگ مثلث کی شکل میں تھی۔ اس میں 24 افراد سوار تھے۔ یہ واقعہ مارچ 1987ء میں پیش آیا۔

کایو مارو 5: پانی پیٹرول بردار جہاز ''کایو مارو 5'' (Kaio Maru No.5)۔ اسے بڑا پیٹرول بردار کہا جاتا تھا، اس کا عملہ اکتیس افراد پر مشتمل تھا جبکہ اس پر پانچ سو ٹن پیٹرول لدا ہوا تھا۔ اس میں 9 سائنسدان بھی تھے۔ اس جہاز کا اپنے مرکز سے آخری رابطہ 24 ستمبر 1952ء کو ہوا تھا۔ اس کے بعد اس کا کچھ پتہ نہیں چل سکا کہ کہاں گیا۔

جیرانیوم: فرانسیسی جہاز ''جیرانیوم'' نامی جہاز نے 24 نومبر 1974ء کو پیغام بھیجا کہ موسم ''خوشگوار ہے۔ اس کے بعد یہ جہاز اپنے 29 افراد پر مشتمل عملے کے ساتھ ہمیشہ کے لئے کہیں ''گمنام خدمت'' پر چلا گیا۔

جنگی آبدوزیں اور شیطانی سمندر: جہاز کے غائب ہو جانے کے بارے میں تو یہ بہانہ پیش کیا جا سکتا ہے کہ جہاز ڈوب گیا۔ لیکن جدید آبدوزیں جن میں جدید وائرلیس نظام موجود ہوا گر وہ اس علاقے میں غائب کر دی جائیں تو آپ کیا کہیں گے۔ پھر آبدوزیں بھی کوئی عام نہیں بلکہ ایٹمی آبدوزیں؟ ذرا سوچئے اور تعجب کیجئے۔ کسی سپر پاور کی ایٹمی آبدوز بغیر کسی سبب کے غائب ہو جائے اور اس کی طرف سے کوئی خاطر خواہ پریشانی یا اضطراب دیکھنے میں نہ آئے۔ گویا ''جس نے'' دی تھی ''اسی نے'' واپس لے لی۔

① جولف 1 نامی روسی آبدوز اپریل 1968ء میں غائب ہوئی۔ اس کے عملے کی تعداد 86 تھی اور اس پر 800 کلوگرام ایٹمی وار ہیڈ لدے ہوئے تھے۔ افراد اور ایٹمی وار ہیڈ بغیر کسی سبب کے پانی کی گہرائیوں میں چلے گئے۔

② فوکسٹرول نامی برطانوی ایٹمی آبدوز نومبر 1986ء میں اپنے عملے سمیت ڈریگن تکون کے علاقے میں غائب ہوئی، جس کے بارے میں کچھ معلوم ہی نہیں ہو سکا۔

③ چارلی نامی فرانسیسی آبدوز ایک ایٹمی آبدوز تھی۔ ستمبر 1984ء میں شیطانی سمندر کے

Marfat.com

علاقے میں اپنے 90 سواروں سمیت غائب ہوگئی۔

④ وکٹر 1 نامی روسی آبدوز جدید ایٹمی آبدوز تھی۔ یہ مارچ 1974ء میں شیطانی سمندر کی خفیہ قوت کے پاس مع عملے کے چلی گئی۔ عملے کی تعداد معلوم نہیں ہوسکی۔ شاید کوئی بہت خاص لوگ اس میں سوار تھے۔

⑤ ایکو 2 نامی روسی ایٹمی آبدوز جنوری 1986ء کو یہ بھی اسی علاقے کی نظر ہوگئی۔

⑥ ایکو 1 نامی روسی ایٹمی آبدوز پہلی آبدوز کے غائب ہونے کے صرف پانچ مہینے بعد ستمبر میں جاپان کے ساحل سے 60 میل دور یہ بھی شیطانی سمندر کی خفیہ قوت نے کسی ''ضروری کام'' سے اپنے پاس منگوالی۔ ذرا ملاحظہ فرمایئے ایٹمی آبدوز نہ ہوئی کوئی کھلونا تھی کہ کچھ پرواہی نہیں۔

فلپائنی صدر کا طیارہ ڈریگن تکون میں: 19 مارچ 1957ء کو سابق فلپائنی صدر کا طیارہ 24 حکومتی اہلکاروں سمیت شیطانی سمندر کی فضاء میں غائب ہوا اور کوئی سراغ نہ مل سکا۔

جے اے 341 نامی طیارہ اور ڈریگن تکون: JA-341 مسافر بردار طیارہ مع صحافیوں کی ٹیم کے ڈریگن تکون کے علاقے کے اوپر سے گزر رہا تھا۔ یہ صحافی امریکی مال بردار جہاز ''کیلیفورنیا مارو'' (جو کہ پہلے یہاں غائب ہو چکا تھا) کی تحقیق کے سلسلے میں وہاں جا رہے تھے۔ صحافی غائب شدہ جہاز کی تحقیق تو نہ کر سکے البتہ دنیا کو اپنی تحقیق میں ضرور لگا گئے۔ ایسے غائب ہوئے کہ نہ طیارے کا سراغ ملا اور نہ صحافیوں کی ٹیم کا۔

دجال پر خاصی تحقیق کرنے والے اسرار عالم (اللہ ان پر رحم فرمائے) کہتے ہیں کہ پینٹاگون یہودی تعلیمات کے مطابق دجال کا عبوری عسکری ہیڈ کوارٹر ہے۔

آج بھی اس کے سیاہ سپید کے مالک یہودی ہیں۔ امریکی صدران کے لئے کھلونے سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا۔ ہر حکومت میں ایک ڈک چینی موجود رہتا ہے جس کی زبان سے نکلا ہوا ہر فیصلہ پالیسی بن جاتا ہے۔

امریکہ میں 1999ء سے جس شخص نے حکومت کی ہے اس کا نام ڈک چینی ہے۔

Marfat.com

پورے دور حکومت میں تمام فیصلے داخلہ پالیسی ہو یا خارجہ' ٹیکس کے مسائل ہوں یا افغانستان پر چڑھائی' امریکہ میں کسی چور کو بچانا ہو یا عراق پر حملہ سب کی مخالفت کے باوجود بھی بش کے قلم سے اسی فیصلے پر دستخط ہوئے جو ڈک چینی کی زبان سے نکلے۔ حتی کہ بعض مرتبہ ایف بی آئی کے ڈائریکٹر نے استعفیٰ کی دھمکی دیدی لیکن ڈک چینی نے بات اپنی ہی منوائی۔ گوانتا ناموبے' بگرام اور ابوغریب وغیرہ میں مجاہدین قیدیوں کے ساتھ شیطانی (دجالی) سلوک کا حکم صرف اور صرف ڈک چینی کی زبان سے نکلا اور روشن خیالی اور آزادی کے علمبردار امریکہ کا قانون بن گیا۔ "باشعور" امریکی عوام تو کیا کولن پاؤل اور "کالی جادوگرنی" کنڈولیزا رائس کو اس بات کا علم دو سال کے بعد ہوا' وہ بھی اخبار کے ذریعے۔ دونوں کو بہت غصہ آیا لیکن۔۔۔ڈک چینی کے سامنے کسی نے بولنے کی جرأت نہیں کی۔ سارا ملبہ گرا تو بش پر کیونکہ وہ صرف ایک مہرہ تھا۔

ڈک چینی کے بارے میں اسرار عالم کا دعویٰ ہے کہ اس نے دجال سے ملاقات کی ہے اور دجال اس کو خود ہدایات دیتا ہے۔

ڈک چینی تو وہ ہے جو دجال کی جانب سے منظر عام پر آیا ورنہ امریکہ ہی کیا' برطانیہ' سویڈن' ناروے' اصفہان کابل اور دنیا کے مختلف خطوں میں راک فیلر' روتھ شیلڈ' مورگن خاندان کے کتنے حرام زادے بیٹھے ہوئے ہیں جن کے لبوں کی حرکت دنیا کی جمہوری اور شہنشاہی حکومتوں کا قانون بن جاتی ہے۔ امریکہ سمیت تمام دنیا کے حکمران آئی ایم ایف کے صدر دفتر کے بجائے نیویارک میں ان کے گھروں کی چوکھٹ پر ناک رگڑتے ہیں۔ برطانیہ اور امریکہ جیسی طاقتیں جن کے قرضے پر چل رہی ہیں۔ دنیا کے موجودہ جمہوری نظام کی ڈوریں ان کے لونڈے ہلاتے ہیں۔

چنانچہ یہ بات قرین قیاس لگتی ہے کہ اگر دجال متحرک ہے تو ان یہودی خاندانوں سے وہ ضرور رابطے میں رہتا ہوگا۔ افغانستا میں طالبان کی پسپائی کے بعد سب سے پہلے آنے والا یہودی راک فیلر فیملی کا ایک بائیس سالہ لڑکا تھا۔ جس نے اس آپریشن کی نگرانی کی تھی۔ یہ

Marfat.com

خاندان آئی ایم ایف، ورلڈ بینک، عالمی ادارہ صحت، اقوام متحدہ، جنگی جہاز بنانے والی کمپنیوں جدید اسلحہ، میزائل، خلائی تحقیقاتی ادارے ''ناسا''، فلمساز ادارہ ہالی وڈ جیسے اداروں کا مالک ہے۔ جی ہاں! مالک، تفصیل کا یہاں موقع نہیں، اس کے لئے دی راک فیلر سنڈرم ( The Rock Feller Syndrome) کا مطالعہ آپ کو بہت تفصیل دے دے گا۔

یہ مذکورہ یہودی خاندان صرف بینکار ہی نہیں بلکہ کبالہ کا علم بھی رکھتے ہیں۔ اسلئے بعض انگریز مصنفین نے ان کو ''پانچ کبالہ'' کے نام سے بھی یاد کیا ہے۔ یہ سب کٹر صہیونی مذہبی لوگ ہیں۔ دجال اپنی خدائی کے اعلان سے پہلے انہی کو استعمال کرتے ہوئے اپنے لئے راہ ہموار کرتا رہے گا۔ قرآن وحدیث سے بھی یہ بات ثابت ہے کہ شیاطین اپنے انسانوں میں موجود دوستوں کی مدد کرتے ہیں۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''ابلیس اپنا تخت سمندر پر لگاتا ہے۔ لوگوں کو فتنوں میں ڈالنے کے لئے وہ اپنے لشکر روانہ کرتا ہے جو اس کے لشکر میں سب سے زیادہ فتنہ پرور ہوتا ہے وہ ابلیس کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے۔''[1]

حضرت کعب احبار رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

''سمندر کے کسی جزیرے میں ایک قوم ہے جو نصرانیت کی علمبردار ہے۔ وہ ہر سال ایک ہزار جہاز تیار کرتے ہیں، جب جہاز تیار ہو جاتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ ان جہازوں پر سوار ہو جاؤ اللہ چاہے یا نہ چاہے۔ جب وہ سمندر میں ان کو ڈالتے ہیں تو اللہ تعالیٰ تیز ہوا بھیجتا ہے جو ان جہازوں کو تباہ کر دیتی ہے۔ وہ ہر بار جہاز بناتے ہیں اور یہی مسئلہ ہوتا ہے سو جب اللہ تعالیٰ یہ معاملہ مکمل فرمانا چاہے گا تو ایسے جہاز بنائے جائیں گے کہ اس سے پہلے سمندر میں ایسے جہاز نہیں چلے ہوں گے پھر یہ لوگ کہیں گے انشاء اللہ تم سوار ہو جاؤ چنانچہ یہ سوار ہو جائیں گے اور کہیں گے: ''ہم اس زمین کی طرف جا رہے ہیں

---

[1] الصحیح المسلم.

Marfat.com

جہاں سے ہمیں نکال دیا گیا تھا۔''[1]

حدیث سے یہ بات ثابت ہے کہ ابلیس کا مرکز سمندر میں ہے۔ ابلیس کا مرکز سمندر میں ایسی ہی جگہ ہوگا جہاں اللہ کا نام اور اذان کی آواز بھی نہ سنی جاتی ہو اور جہاں سے رہ کر انسانیت کے خلاف وہ اپنا مشن آسانی سے آگے بڑھا سکے۔ نیز حضرت کعب احبار کی مذکورہ روایت کو سامنے رکھا جائے اور برمودا تکون کی پراسراریت اور حیرت انگیز واقعات بلکہ ناقابل یقین حادثات میں غور کیا جائے تو کچھ بعید نہیں کہ برمودا تکون ابلیس کا مرکز ہو اور اس کا پروردہ کانا دجال بھی اس کے ساتھ ہو۔ یا ایک وہاں اور دوسرا جاپان کے شیطانی سمندر میں ہو۔

ابلیس کا انسانوں کی شکل میں آکر اپنے ماننے والوں کو مشورے دینا قرآن سے ثابت ہے۔ جنگ بدر کے موقع پر ابلیس خود میدان بدر تک گیا تھا۔ وہ بنو کنانہ کے سردار سراقہ ابن مالک کی شکل میں تھا اور ابوجہل کو مسلسل جنگ کے لئے برانگیختہ کر رہا تھا نیز جس طرح اللہ تعالیٰ کے نیک بندے اولیاء اللہ کہلاتے ہیں اسی طرح شیطان کے بھی اولیاء ہوتے ہیں جن کو قرآن کریم نے اولیاء الشیطان کہا ہے۔ قرآن کریم میں ایسی آیات متعدد جگہ آئی ہیں۔

ارشاد بری تعالیٰ ہے:

''ان الشیاطین لیوحون الی اولیائھم''[2]

''بیشک شیاطین اپنے دوستوں کو مشورے دیتے ہیں۔''

''ھل انبئکم علی من تنزل الشیاطین تنزل علی کل افاک اثیم یلقون السمع واکثرھم کاذبون''[3]

''کیا میں تمہیں بتاؤں کہ شیاطین کن پر اترا کرتے ہیں۔ وہ ہر جھوٹے اور بد کردار شخص پر اترتے ہیں جو باتیں سننے کے لئے کان لگاتے ہیں اور اکثر جھوٹ بولتے ہیں۔''

---

(1) الفتن نعیم ابن حماد. (2) سورۃ الانعام. (3) سورۃ الشعراء.

Marfat.com

"ومن یعش عن ذکر الرحمن نقیض له شیطانا فهوله قرین وانهم لیصدونهم عن السبیل ویحسبون انهم مهتدون" ①

"اور جو لوگ رحمٰن کے ذکر سے غفلت کرتے ہیں ہم ان کے ساتھ شیطان لگا دیتے ہیں جو ان کا ہمجولی بن کر ان کے ساتھ لگا رہتا ہے۔ بلاشبہ وہ شیاطین ان کو سیدھے راستے سے روکتے ہیں اور وہ یہی سمجھ رہے ہوتے ہیں کہ وہ صحیح راستے پر چل رہے ہیں۔"

قرآن کریم کی ان آیات سے ثابت ہوتا ہے کہ شیاطین اپنے انسان دوستوں سے رابطے میں رہتے ہیں۔ بعض لوگوں کو ہوا میں عرش نظر آتا ہے جس کے اوپر نور ہوتا ہے اور آواز آتی ہے کہ میں تیرا رب ہوں تو اگر یہ شخص اللہ کی معرفت رکھتا ہے تو سمجھ جاتا ہے کہ یہ شیطان ہے۔ چنانچہ وہ شیطان کو ڈانٹ دیتا ہے اور اس سے اللہ کی پناہ چاہتا ہے جس کے نتیجے میں یہ (عرش اور نور) ختم ہو جاتا ہے۔ بعض لوگ ایسے بھی ہیں کہ جن کو شیاطین قید سے آزاد کرا لیتے ہیں اور (اگر ان لوگوں پر کوئی کسی ہتھیار سے حملہ کرے) تو وہ شیاطین اس حملے سے اس آدمی کا دفاع کرتے ہیں۔ جیسا کہ عبدالملک بن مروان کے دور میں حارث دمشقی کا واقعہ ہے جس نے شام میں نبوت کا دعویٰ کیا تھا، شیاطین اس کے پیروں کو بیڑیوں سے آزاد کرا لیتے اور اسلحے کے وار سے اس کی حفاظت کرتے۔ اگر وہ پتھر پر ہاتھ پھیرتا تو پتھر تسبیح پڑھنے لگتا۔ لوگوں کو ہوا میں پیادہ اور گھوڑوں پر سوار مرد نظر آتے۔ حارث کہتا کہ یہ فرشتے ہیں حالانکہ وہ شیاطین تھے۔ چنانچہ جب مسلمانوں نے اسے پکڑا اور قتل کرنے کے لئے ایک نیزہ بردار مجاہد نے اس کو نیزہ مارا تو نیزے نے اس پر کوئی اثر نہیں کیا۔ عبدالملک بن مروان نے اس نیزہ بردار کو کہا کہ تم نے بسم اللہ نہیں پڑھی۔ پھر اس نے بسم اللہ پڑھ کر نیزہ مارا تو حارث مر گیا۔ ②

یورپ میں کئی جادوگر ایسے گزرے ہیں جو اپنے شو میں حیرت انگیز کارنامے لوگوں کو

---

① سورة الزخرف. ② اولياء الرحمن واولياء الشيطان.

Marfat.com

دکھاتے رہے ہیں۔ جن میں ڈیوڈ کاپرفیلڈ مشہور نام ہے۔ دجال اس کی مدد کرتا تھا۔

اس سے ثابت ہوا کہ شیاطین اپنے ایجنٹوں کے ساتھ جنگ میں شریک ہوتے ہیں اور اپنے ایجنٹوں کو حملوں سے بھی بچاتے ہیں۔

امریکہ کے انتہائی اہم لوگوں (خصوصاً بڑے بڑے یہودی بینکاروں اور پینٹاگون میں موجود یہودی جرنیلوں) کو یقیناً اس حقیقت کا علم ہے جو برمودا کے اندر ہے اور ان کا وہاں مستقل رابطہ بھی ہے۔ ایسا ہی خیال فلائٹ 19 (جس میں پانچ طیارے ایک ساتھ غائب ہوئے تھے) میں موجود کیپٹن پاورس کی بیوہ جون پاورس کا بھی ہے۔ وہ کہتی ہیں:

''ان لوگوں نے برمودا تکون میں یقیناً کوئی چیز دیکھ لی تھی کوئی ایسی حیرت انگیز اور پراسرار چیز دیکھ لی تھی جس نے ان کے تمام آلات کو ناکارہ کر دیا تھا۔ کوئی ایسی چیز جس نے لیفٹیننٹ ٹیلر کو اتنا خوفزدہ کر دیا تھا کہ اس نے کسی کو اپنا تعاقب کرنے اور اپنی جان خطرے میں ڈالنے سے منع کر دیا تھا۔ کوئی ایسی چیز ہے جس کو قومی سلامتی کی خاطر امریکی بحریہ عوام الناس سے چھپانا چاہتی ہے۔''

ایڈ اسنیڈ کر (Ed Snedeker) نامی ایک سائنسدان کا دعویٰ ہے:

''مجھے اچھی طرح معلوم ہے کہ غائب ہونے والے تمام افراد کہاں گئے؟ کیونکہ میں ان سے رابطے میں ہوں۔ صرف یہی نہیں کہ میں نے ان تمام حادثات کو دیکھا ہے بلکہ ان غائب ہونے والوں میں سے بعض سے میں نے بات بھی کی ہے۔ اگرچہ ان سب کا اب واپس آنا اور لوگوں کے سامنے ظاہر ہونا ناممکن ہے کہ وہ سب اسی دنیا میں کہیں موجود ہیں۔ میں نے ایک طیارے کے پائلٹ سے بات کی ہے جو 1945ء میں غائب ہو گیا تھا۔ غائب ہونے کے بعد سے اس کے بارے میں کسی کو کچھ پتہ نہیں۔ جس وقت یہ پائلٹ برمودا میں غائب ہوا اس وقت اس کی عمر پچاس سال تھی جبکہ میں نے اس سے ملاقات 1969 میں کی تو وہ زندہ تھا۔ لیکن کہاں؟ زمین کے اندر ہی کہیں۔''

اب یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایڈ اسنیڈ کر کا دعویٰ بے بنیاد ہے یا پھر معاملہ کچھ

Marfat.com

یوں ہے کہ کچھ خاص لوگوں کو اس بات کا علم ہے کہ برمودا کی گہرائیوں میں اغوا کر لئے جانے والے افراد کہاں ہیں؟ تو کیا وہ لوگ برمودا کے پانی کے اندر موجود خفیہ قوتوں کے بارے میں بھی علم رکھتے ہیں؟

یہ بات اگرچہ بڑی عجیب سی لگتی ہے کہ یورپ کے سائنسی انقلاب کے پیچھے دجال کا ہاتھ ہے۔ میرا نظریہ ہے کہ اس وقت امریکہ اور دیگر کفریہ طاقتوں کے پاس جو جدید ٹیکنالوجی ہے وہ دراصل دجال کے انہی سائنسدانوں کی ایجاد ہے جن کو دجال کے ذریعے برمودا تکون میں اغواء کرلیا گیا تھا۔ امریکہ اور دیگر کفریہ طاقتوں کو وہیں سے بنیادی ٹیکنالوجی کے بارے میں، نئے انقلابی تصورات کا علم پہلے دجال کے پاس تھا بعد میں مغربی ملکوں کو منتقل کیا گیا۔ کیا آپ یقین کریں گے اگر کوئی یہ کہے کہ بڑے بڑے مغربی سائنسدانوں کو ان کی جدید دریافتوں میں دجال نے مدد کی تھی تو آپ کو کیسا لگے گا؟ یقیناً آپ سوچ میں پڑ جائیں گے۔ سو ذرا تفصیل پڑھتے چلئے۔

البرٹ آئنسٹائن ایک ایسا نام ہے کہ اگر سائنسی ترقی کی تاریخ سے اس کا نام نکال دیا جائے تو یہ ترقی یافتہ دنیا صدیوں پیچھے چلی جائے گی۔ آئنسٹائن 14 مارچ 1879 کو جرمنی میں ایک یہودی گھرانے میں پیدا ہوا۔ تین سال کی عمر تک وہ بول نہیں سکتا تھا۔ اس کے بارے میں مشہور تھا کہ وہ موٹے دماغ کا لڑکا ہے۔ اس کا بچپن میونخ میں گزرا۔ مالی پریشانیوں کے سبب اس کے ماں باپ یہاں سے اٹلی چلے گئے۔ آئنسٹائن نے 1895 میں تعلیم کے لئے اٹلی سے سوئٹزرلینڈ کے شہر زیورخ میں واقع یونیورسٹی ETH میں داخلے کا امتحان دیا مگر ناکام رہا۔ اگلے سال ETH میں داخلہ مل گیا۔ اگست 1900 میں امتحانات ہوئے۔ آئنسٹائن کی نااہلی یہاں بھی سامنے تھے۔ پانچ طالب علموں میں اس کا چوتھا نمبر تھا۔ سوئٹزرلینڈ میں تعلیم تک اس کے بارے میں تمام لکھنے والے اس بات پر متفق ہیں کہ وہ کوئی اچھا طالب علم نہیں تھا۔

آئنسٹائن میں تبدیلیاں 1900 کے بعد آنا شروع ہوئیں۔ 1905 آئنسٹائن کی

Marfat.com

کامیابیوں کا سال سمجھا جاتا ہے۔ اس سال اس نے کئی مقالے پیش کئے۔ پہلا مقالہ روشنی کی ہیئت کے بارے میں تھا۔ دوسرا مقالہ براؤنین حرکت (Brownian Motion) کا ریاضی ماڈل تھا۔ تیسرا مقالہ اس کی مشہور مساوات $E=mc^2$ تھا۔ جس میں مادہ اور توانائی کا آپس میں تبدیل ہونا ممکن بتایا گیا تھا۔ حال ہی میں ایک محقق کی یہ تحقیق سامنے آئی ہے کہ یہ مساوات آئنسٹائن سے کئی سال پہلے ایک اطالوی نے شائع کی تھی۔

چوتھا مقالہ خصوصی اضافیت (Special theory of relativity) پر تھا۔ اس سے وقت اور فضاء کو الگ الگ تصور کرنے کے بجائے "وقت وفضا" یا زمان ومکان" کا نظریہ سامنے آیا۔

1911ء میں اس نے عمومی نظریہ اضافت پر اپنا مقالہ شائع کیا۔

سوئٹزرلینڈ میں ہی دجال کے ساتھ اس کا رابطہ ہوا اور اسی نے اس کو نظریہ اضافیت (Theory of relativity) کا علم دیا۔

اعتراض ہے کہ آئنسٹائن میں ایسی کون سی خاص بات تھی جس سے دجال خوش ہوا اور آئنسٹائن کو ہیرو بنوا دیا۔

اس سوال کا جواب جاننے کے لئے ہمیں آئنسٹائن کی زندگی اور اس کے نظریات کا مطالعہ کرنا ہوگا۔

آئنسٹائن اگرچہ خود کٹر یہودی تھا لیکن دوسروں (عیسائیوں اور مسلمانوں) کو وہ لادینیت اور الحاد کی طرف دعوت دیتا تھا۔ ذاتی اعتبار سے اس میں وہ تمام برائیاں موجود تھیں جو ابلیس یا دجال کو خوش کرنے کے لئے کافی تھیں۔ عورتوں کے ساتھ ناجائز تعلقات۔ حتی کہ 1092ء میں پہلی بیٹی اس کی ناجائز بیوی سے ہوئی۔ اس بیٹی کو انہوں نے پالا نہیں۔ اس کا کچھ پتہ نہیں چل سکا کہ اس کا کیا ہوا۔ اس بات سے اس کی شرافت اور انسانی ہمدردی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

بیوی کے ساتھ اس کا رویہ ظالمانہ تھا۔ چنانچہ جب وہ 1914ء میں اپنی پہلی بیوی ملیوا

Marfat.com

مارک (Mileva Maric) کے ہمراہ برلن (جرمن) چلا گیا تو میاں بیوی کے تعلقات خراب ہو گئے۔ آئنسٹائن بیوی کو صرف اس صورت میں اپنے ساتھ رکھنے پر راضی تھا کہ اگر وہ اس کی تمام شرائط پوری کرے۔ اس کی شرائط یہ تھیں:

① تم یہ یقینی بناؤ گی کہ میرے کپڑے اور بستر ٹھیک ٹھاک ہوں۔

② مجھے اپنے وقت میں تین وقت کا کھانا پہنچاؤ گی۔

③ میرا سونے اور پڑھنے کا کمرہ صاف ستھرا رکھو گی۔ میری پڑھنے والی میز کو کوئی ہاتھ نہیں لگائے گا۔

④ مجھ سے تمہارے تمام ذاتی تعلقات ختم رہیں گے۔ سوائے لوگوں کو دکھانے کے لئے

⑤ جب میں مخاطب ہوں تو فوراً جواب دوں گی۔

⑥ میرے بچوں کو میرے خلاف نہیں کرو گی۔

برلن آئنسٹائن کی شناسائی اپنی چچازاد بہن ایلسا (Elsa) سے ہو گئی لیکن آئنسٹائن اس شش و پنج میں تھا کہ وہ ایلسا سے شادی کرے یا اس کی جوان سال بیٹی سے۔ جہاں تک اس کے نظریات کا تعلق ہے تو وہ کٹر صیہونیت کا داعی اور مبلغ تھا۔ وہ فلسطین میں اسرائیل کے قیام کا پرجوش حامی تھا۔ اس نے 1921ء میں چیم وائز مین (وائز مین پہلا اسرائیلی صدر بنا) کے ساتھ امریکہ کا دورہ کیا اور صیہونیت کے لئے چندہ جمع کرنے کے لئے متعدد شہروں میں تقریریں کیں۔ یہاں تک کہ آئنسٹائن کو 1952ء میں اسرائیلی صدارت کی پیش کش ہوئی جو اس نے قبول نہیں کیں۔

ایٹم بم بنانے کی تجویز امریکہ کو اسی نے دی۔ 1939ء میں اس نے امریکی صدر فرینکلن روز ویلٹ کو خط لکھا جس میں ایٹم بم بنانے کی ترغیب دی، دوسری جنگ عظیم میں یہ بنفس نفیس شریک ہوا اور ایک اسلحہ ماہر کے طور اپنی خدمات امریکی بحریہ کو پیش کیں۔

آئنسٹائن کے اقوال میں God (خدا) کا ذکر اکثر ملتا ہے لیکن آپ یہ نہ سمجھیں کہ آئنسٹائن کا خدا وہی خدا تھا جس کو مذہبی خدا مانا جاتا ہے۔ ایسا نہیں ہے بلکہ آئنسٹائن پر لکھنے

Marfat.com

والے تقریباً تمام حضرات اس بات پر متفق ہیں کہ آئنسٹائن کا خدا مذہبی نقطہ نظر سے مختلف ہونے کا خیال ظاہر کیا گیا ہے۔ اگر آئنسٹائن کا خدا مذہبی خدا نہیں تھا تو پھر کون تھا؟ یہی چیز غور کرنے والی ہے کہ وہ اکثر کس خدا کا ذکر کرتا تھا۔ اگرچہ اب بعض مبصرین کی رائے یہ ہے کہ آئنسٹائن کی خدا سے مراد قدرت (Nature) ہے لیکن یہ درست نہیں ہے۔

آئنسٹائن دجال کو اپنا خدا مانتا ہے۔ اس بات پر آئنسٹائن کے مقالات میں بھی ایک اشارہ ملتا ہے۔ وہ یہ کہ وہ اپنے نظریات کے بارے میں ''میرا نظریہ'' کے بجائے ''ہمارا نظریہ'' کا لفظ استعمال کرتا تھا۔ وہ کائنات کی متحدہ قوت کا راز پتہ لگانے کی بھی کوشش کر رہا تھا۔

دجال کا کسی کو کوئی نیا نظریہ دینا کوئی اچنبے کی بات نہیں لگتی کیونکہ قرآن وحدیث سے یہ ثابت ہے کہ ابلیس اپنے (انسان) دوستوں کے پاس آتا ہے، ان کو مشورے دیتا ہے اور کام کے بارے میں ہدایات بھی دیتا ہے۔ دجال ابلیس کا سب سے بڑا مہرا اور بنی آدم کے خلاف آخری امید ہے۔ چنانچہ ممکن ہے کہ دونوں مل کر یہ کام کرتے ہوں۔ آئنسٹائن جیسے لوگوں پر شیاطین آسکتے ہیں۔ موجودہ دور میں باقاعدہ ایک فرقہ ہے جو براہِ راست شیطان بزرگ (ابلیس) کی پوجا کرتا ہے۔ یہ فرقہ امریکہ اور برطانیہ میں بہت مضبوط ہے اور ان کے اچھے خاصے پیروکار بھی ہیں۔ سابق امریکی نائب صدر ڈک چینی کا شمار اس فرقے کے سرداروں میں ہوتا ہے۔ سابق امریکی وزیر خارجہ کنڈولیزا رائس بھی اسی فرقے سے تعلق رکھتی ہے۔ امریکی فلمی دنیا ہالی وڈ کے مشہور اداکار اور اداکاراؤں کا مذہب بھی شیطان کو خوش کرنا ہے۔ بھارتی اداکار امیتابھ بچن' مصر کا عمر شریف' مشہور جادوگر ڈیوڈ کاپر فیلڈ، بدنام زمانہ امریکی گویے مائیکل جیکسن بھی شیطان کے پجاری ہیں۔ مائیکل جیکسن کے پروگرام میں لوگ بے قابو ہو جاتے ہیں، درحقیقت ان لوگوں پر شیاطین آتے ہیں۔

امریکی جدید ٹیکنالوجی کا ذریعہ:

یہ بات آپ جان چکے ہیں کہ برموداتکون میں جو قوت بھی وہ انتہائی ترقی یافتہ اور

Marfat.com

موجودہ ٹیکنالوجی سے بہت آگے کی ٹیکنالوجی کی مالک ہے۔اب یہاں ایک بات غور سے سمجھنے کی ہے۔ وہ یہ کہ دنیا کی بڑی طاقتوں خصوصاً امریکہ کے پاس جو اس وقت جدید ٹیکنالوجی ہے وہ ٹیکنالوجی برموداتکون کی خفیہ قوت کے پاس بہت پہلے رہی ہوگی۔تو کیا موجودہ ٹیکنالوجی کی اصل موجد برموداتکون میں موجود خفیہ قوت ہے؟ یقیناً یہ بات آپ کو مضحکہ خیز لگے گی۔لیکن ذرا مندرجہ ذیل باتوں میں غور کیجئے:

① 30 جون 1908ء روس میں سائبیریا کے انتہائی دوردراز علاقے ٹنگسکا (Tunguska) میں ایک ایسا واقعہ پیش آیا کہ اس سے پہلے دنیا نے ایسے واقعے کا مشاہدہ نہیں کیا تھا۔ یہ صبح کا وقت تھا۔گھڑیاں سات بج کر پندرہ منٹ دکھارہی تھیں۔ چالیس میگاٹن کا کوئی نامعلوم مادہ سطح زمین سے صرف آٹھ کلومیٹر اوپر فضاء میں پھٹا۔جس نے فوراً ایک ہزار مربع کلومیٹر (1000skm) کا علاقہ بالکل تباہ کرکے رکھ دیا۔جنگل میں ایک آگ لگ گئی اور ہفتوں لگی رہی' چنانچہ 2150 مربع کلومیٹر جنگل جل کر راکھ ہوگیا۔بیسیوں سال تک یہ علاقہ بنجر رہا۔ بلکہ ابھی تک وہاں اس تباہی کے اثرات واضح نظر آتے ہیں۔ ریکٹر اسکیل پر اس دھماکے کی شدت 5.0 ریکارڈ کی گئی تھی۔ یہ دھماکہ چالیس میگاٹن (چالیس لاکھ ٹن) کا تھا جو جاپان کے شہر ہیروشیما پر (1945ء میں) گرائے جانے والے ایٹم بم کے مقابلے میں دو ہزار گنا زیادہ تھا۔وہ عینی شاہدین جنہوں نے اس علاقے سے دور اس منظر کا مشاہدہ کیا ان کا بیان ہے:

''اس دن موسم صاف تھا کوئی بادل وغیرہ نہیں تھے۔انہوں نے فضاء میں ایک چمکدار کوئی چیز زمین کی طرف آتے ہوئے دیکھی اور پھر ایک بہت بڑا اور چمکدار ہوا۔''

بعض عینی شاہدین کے مطابق دھماکے کے بعد دھویں اور شعلے کا ایک بڑا بادل وہاں سے اٹھا۔ابتداء میں گرم لہر آئی اور پھر سخت گرم ہوا چلی۔ دھماکے کی شدت سے جھونپڑیاں ڈھے گئیں۔انسان اور گھاس پھوس جلنے لگے اور جلد ایسی ہوگئیں جیسے کھرنڈ۔

ٹنگسکا سے چالیس میل دور ''ویناوارا'' نامی ایک چھوٹا سا قصبہ ہے۔ وہاں لوگ

Marfat.com

دھماکے کی شدت سے اچھل کر دور جا گرے، وہاں مکانات کی کھڑکیاں ٹوٹ گئیں اور چھتیں زمین پر آ گریں۔ نیز دھماکے کی جگہ سے میلوں دور ''کنسک'' نامی قصبے میں ان جھٹکوں کی شدت کی وجہ سے چلتی ٹرین کو ہنگامی طور پر روکنا پڑا۔ دھماکے کی آواز کانوں کے پردے پھاڑ دینے والی تھی۔ جس کی وجہ سے کچھ لوگوں کے بہرہ ہو جانے کی اطلاعات بعد میں موصول ہوئیں۔ دھماکے کے بعد کھمبی (Mushroom) کی طرح دھوئیں کے بادل اٹھے اور سیاہ بارش ہوئی۔ اس واقعے کے بعد اس علاقے اور وسط ایشیا میں آسمان میں خوب چمکدار بادل ہوتے تھے۔ یہاں تک کہ لندن میں بھی راتیں (بغیر چاند کے) اتنی روشن تھیں کہ کوئی بھی اس کی روشنی میں مطالعہ کر سکتا تھا۔

اس وقت چونکہ نہ تو کوئی تحقیق کی گئی اور نہ ہی لوگ ایٹمی دھماکوں کے بارے میں جانتے تھے اس لئے اس دھماکے کو شہابی پتھر کے زمین سے ٹکرا جانے کا نتیجہ قرار دیا گیا لیکن بعد میں جب اس کے ریڈیائی ٹیسٹ لئے گئے تو یہ ثابت ہو گیا کہ یہ شہابی پتھر نہیں بلکہ ایٹمی دھماکہ تھا۔ اب یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایسے وقت میں جبکہ ابھی تک دنیا میں ایٹم بم بنایا ہی نہیں گیا تھا (ایٹم بم کا پہلا تجربہ امریکہ کی جانب سے 16 جولائی 1945ء میں کیا گیا) تو یہ ایٹمی دھماکہ کس نے کیا؟

بعض لوگوں نے اس دھماکے کو اڑن طشتری والوں کی جانب سے کیا جانے والے دھماکہ قرار دیا۔ بعض نے اس کو اڑن طشتری کا زمین سے ٹکرا کر تباہ ہو جانا کہا۔ لیکن ذرا غور کیجئے! اگر یہ شہاب ثاقب تھا تو پھر وہاں اس کے کوئی ذرات وغیرہ ملنے چاہئے تھے۔ جیسا کہ روسی سائنسدان لیونڈ الیکسوچ (Leonid Alekseyevich) (1883-1942) کو توقع تھی۔ اس سائنسدانوں نے پہلی مرتبہ اس جگہ کا دورہ کیا تھا۔ لیکن اس کو وہاں کسی چیز کا نام ونشان نہیں ملا۔ حالانکہ اگر شہاب ثاقب ٹکرایا ہوتا تو بے شمار معدنیات وہاں ملنی چاہئے تھی۔ اب ماہرین کے درمیان یہاں سے پھر ایک اور بحث کا آغاز ہوا کہ آخر یہ دھماکہ کس چیز کا تھا؟

Marfat.com

لوگوں کو مطمئن کرنے کے لئے امریکی سائنسدان فریڈ وہپل نے 1930ء میں یہ نظریہ پیش کیا کہ وہ دمدار ستارہ (Comet) تھا۔ جس کے اندر برف اور گرد ہوتی ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ نظریہ محض لوگوں کو مطمئن کرنے کے لئے تھا۔

برمودا تکون اور اڑن طشتریوں پر تحقیق کرنے والے چارلس برلٹز اس بات کی سختی سے تردید کرتے ہیں کہ یہ شہاب ثاقب یا دمدار ستارہ تھا۔

ایک سو سال پہلے جیونس ورنے اپنی کتاب میں ''ٹائی لیس'' نامی آبدوز کا تذکرہ کیا تھا اور آج کے دور کی ایٹمی آبدوز بالکل اسی صورت میں ہمارے سامنے موجود ہیں۔ ایک ایسی چیز جس کا تصور بھی لوگوں کے ذہن میں موجود نہ ہو اس کے بارے میں بیان کرنا کیا صرف پیشنگوئی ہے یا پھر جیولس ورکو ''کسی نے'' آبدوز کے بارے میں باقاعدہ بتایا تھا؟ نیز برمودا تکون میں سمندر کے اندر آبدوز سے بالکل مختلف ایک نامعلوم قسم کی سواری اکثر دیکھی گئی ہے جو کہ انتہائی تیز رفتاری سے پانی کے اندر سفر کرتی ہے۔ ان کی رفتار اتنی تیز ہے کہ آج تک کوئی ان کی تصویر بھی نہیں اتار سکا۔ آپ اس کو جدید آبدوز کہہ سکتے ہیں۔

اسی طرح ایک سو سال پہلے ہی ایک سائنسی داستان میں فلوریڈا کے مشرقی ساحل سے ایک خلائی جہاز کو چاند پر جاتا ہوا بیان کیا گیا تھا اور سو سال بعد ٹھیک وہیں سے واقعی انسان نے چاند تک کا کامیاب سفر کیا۔ سائنسی داستان میں صرف چاند پر جانے کا تذکرہ نہیں کیا گیا تھا بلکہ اس مقام کو بھی بیان کیا گیا تھا جہاں سے سو سال بعد چاند کے لئے روانہ ہونا تھا اور وہ بھی فلوریڈا کا مشرقی ساحل یعنی اس ''خدا'' کا شہر جس کا انتظار ہے۔ کیا یہ محض اتفاق تھا؟

ایٹم بننے سے پہلے ایٹم بم کی تباہ کاریاں کامک بکس میں بیان کی گئی تھیں جو آج حقیقت بن کر ہماری آنکھوں کے سامنے ہے۔ ان سب باتوں کو آپ کیا نام دیں گے؟ پیشنگوئی یا سائنس فکشن؟ اس بات کو مانیں گے کہ برمودا تکون کی ''خفیہ قوت'' امریکی سائنسدانوں سے پہلے ہی یہ تمام تجربات کر چکی تھی؟ اور کیا امریکیوں اور روسیوں کو بھی انہوں نے ہی یہ تمام سہولیات فراہم کیں؟

Marfat.com

یہ اتفاق بھی ملاحظہ فرمائیے۔ مارچ 1918ء میں امریکن بحریہ کا یوایس ایس ''سائیکلوپس'' (Cyclops) نامی جہاز برمودا تکون میں غائب ہوا تھا۔ (ذرا غور کیجئے کہ سائیکلوپس کس کو کہتے ہیں؟ یونانیوں کے ہاں ایک آنکھ والا دیوتا۔ ایک آنکھ والا کون ہے؟ کیا آپ کو یاد ہے؟) یہ جہاز میگنیشیم لے جارہا تھا اور اس پر عملے سمیت تین سو ساٹھ افراد سوار تھے۔ جو جہاز کے ساتھ غائب ہو گئے تھے اسی نام کا ایک اور برطانوی جہاز اسی سال غائب ہوا۔ پھر 1941ء میں سائیکلوپس ہی کی طرز کے دو جہاز غائب ہو گئے۔ اب غور کرنے کی بات یہ ہے کہ امریکہ کا پہلا طیارہ بردار جہاز بننے کا اعزاز جس جہاز کو حاصل ہوا وہ سائیکلوپس طرز کا ہی جہاز تھا۔ طیارہ بردار بحری بیڑوں نے امریکہ کو ایسی بحری قوت فراہم کی کہ اس سے پہلے ایسی بحری قوت کبھی نہیں دیکھی گئی۔ تو کیا ایسا کہا جاسکتا ہے کہ برمودا میں سائیکلوپس کو اسی لئے لے جایا گیا تھا تاکہ آئندہ بحریہ کی دنیا میں ان جہازوں کو جدید بنا کر اپنے حلیفوں کے سپرد کر دیا جائے؟

برمودا تکون کے علاقے میں آبدوز نما چیزوں کا کثرت سے دیکھا جانا اس بات کی دلیل ہے کہ امریکہ سے پہلے یہ ٹیکنالوجی ''برمودا تکون'' والوں کے پاس تھی۔

برمودا تکون میں اغواء کی جانے والی شخصیات میں اکثر وہ ہیں جو اپنے شعبے میں ماہر سمجھے جاتے تھے۔ مثلاً: وقت کے بہترین پائلٹ، دنیا کے مشہور ملاح اور جہاز کے کیپٹن' مشہور تاجر اور سماجی شخصیات۔ مشہور جہاز اور طیارے۔ بارود سے بھرے جہاز اور ایندھن لے جاتے ٹینکر۔ اس سے یہ بات سمجھ آتی ہے کہ ان افراد کو اغواء کر کے مارا نہیں دیا گیا بلکہ ان کی صلاحیتوں کو اپنے لئے استعمال کیا گیا۔ ایسا ہی خیال ایک اغواء ہونے والے پائلٹ کی بیوی کا بھی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اغواء شدہ افراد زندہ ہیں لیکن نامعلوم امریکی حکومت کسی خاص وجہ سے حقیقت چھپانا چاہتی ہے۔

البتہ ان افراد کو ضرور مار دیا گیا ہوگا جنہوں نے ان کے مشن میں تعاون کرنے سے انکار کیا ہوگا۔ اس کے علاوہ جو طیارے اور جہاز اغواء کئے گئے وہ بھی تباہ نہیں ہوئے بلکہ ان

Marfat.com

کو بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ ایسے بہت سارے واقعات ریکارڈ پر موجود ہیں کہ برمودا تکون میں ایسے جہاز اور طیارے جاتے ہوئے دیکھے گئے ہیں جس کا کچھ پتہ نہیں چل سکا کہ وہ کہاں سے آئے تھے اور کس کمپنی یا ملک کی ملکیت تھے؟ یہ وہ طیارے تھے جو کافی پہلے اس علاقے میں غائب ہو چکے تھے۔

چارلس برلٹز کا نظریہ بھی یہی ہے کہ ''اجنبیوں'' کے ذریعے اغواء کئے جانے والوں کو کسی خاص مقصد کے لئے اغواء کیا گیا ہے جو ہماری سمجھ سے بالاتر ہے۔

جو جدید ٹیکنالوجی امریکہ کے پاس آتی ہے وہی کچھ عرصہ بعد امریکہ کے مخالف ملکوں' مثلاً سرد جنگ کے وقت سوویت یونین کے پاس' اب چائنا کے پاس جلد ہی پہنچ جاتی ہے۔ حالانکہ یہ ٹیکنالوجی امریکی سائنسدانوں کی انقلابی کامیابی شمار کی جاتی ہے۔ مثلاً خلاء میں جانا' چاند پر پہنچنا' ایٹم بم' جدید گائڈڈ میزائل۔

ہونا یہ چاہئے تھا کہ یہ ٹیکنالوجی امریکہ کے دشمنوں کے ہاتھ نہ لگتی لیکن امریکہ کے کچھ عرصہ بعد ہی دوسرے مخالف سمجھے جانے والے ممالک بھی اس میدان میں امریکہ کے برابر پہنچتے ہیں۔ تھوڑا بہت فرق ضرور ہے لیکن بنیادی ٹیکنالوجی ایک ہی رہی ہے۔ اس سے ایسا لگتا ہے کہ جو قوت امریکہ کو ٹیکنالوجی فراہم کرتی ہے وہی دیگر کافر ممالک کو بھی فراہم کرتی ہے۔

مذکوہ بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ امریکی خلائی تحقیقاتی ادارہ ''ناسا''، تحقیق نہیں کرتا بلکہ نقل کرتا ہے۔ جو ٹیکنالوجی ''ان کے خدا'' کی جانب سے ملتی ہے یہ لوگ اس کے تجربات کے ذریعے استعمال سیکھتے ہیں۔ اگر آپ دوسری جنگ عظیم (1939-1945) کے بعد سے ہونے والی ایجادات کی تاریخ کا گہرائی سے مطالعہ کریں تو کئی حیران کن باتیں آپ کو نظر آئیں گی۔ اس بحث کو سمجھنے کے بعد یہ بحث بھی ختم ہو جاتی ہے کہ امریکہ نے کس طرح اتنے جدید اور تیز رفتار طیارے بنا لئے ہیں۔

## دجال عراق میں:

''ھَیثَم بن مالک الطّائی رَفَعَ الحدِیثُ قَالَ یَلی الدّجالُ

Marfat.com

گے؟ وہ تو تم سے یہ علاقے آہستہ آہستہ حاصل کرتے جا رہے ہیں حالانکہ ہم ان سے زیادہ ہیں اور سمندر و خشکی میں ہماری تعداد ان سے کہیں زیادہ ہے' لہٰذا اس سلسلہ میں تم مجھے مشورہ دو۔'' چنانچہ قوم کے سردار اسکے پاس آئیں گے اور کہیں گے: ''آپ صحیح کہتے ہیں، ہم آپ کے ساتھ ہیں۔'' وہ بادشاہ کہے گا: ''اسی کی قسم جس کی قسم ہم کھاتے ہیں! اب ہم ان کو (مسلمانوں کو) ختم کر کے ہی دم لیں گے۔'' اس کے بعد وہ روم کے جزائر کی طرف پیغامات بھیجے گا' جواب میں وہ لوگ اس کی معاونت کے لئے اسی (80) جھنڈے بھیجیں گے' ہر جھنڈے کے نیچے بارہ ہزار سپاہی ہوں گے۔ ہوتے ہوتے اس کے پاس سات لاکھ چھ سو فوجی جمع ہو جائیں گے۔ اس کے بعد (وہ روم سے زادِ راہ بھی مانگے گا) اور ہر جزیرہ سے تین سو بحری جہاز اس کے پاس جمع ہو جائیں گے۔ بعدازاں وہ بادشاہ بھی ایک کشتی میں ان کے ساتھ سوار ہو گا۔ اس روز اس کی فوج ایک بہت بڑے حصے میں پھیلی ہوئی ہو گی حتی کہ انطاکیہ اور عریش کے درمیان کا علاقہ ان ہی لوگوں سے بھر جائے گا۔ چنانچہ اس دن (مسلمانوں کا) خلیفہ گھوڑوں اور پیادوں کا ایک بڑا لشکر تیار کرے گا جس کا شمار نہ ہو گا اور وہ بھی اپنے لوگوں سے مشورہ کرے گا اور کہے گا کہ اس بارے میں تم لوگوں کا کیا مشورہ ہے۔ مجھے بتاؤ کیونکہ میں ایک بہت بڑا معاملہ دیکھ رہا ہوں اور میں یقین رکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اپنے وعدہ کو پورا فرمائے گا اور اپنے دین کو تمام ادیان پر غالب فرمائے گا' مگر فی الحال (مسلمانوں پر) یہ بڑی مصیبت کا وقت ہے' اس سلسلہ میں میرا خیال ہے کہ فی الوقت میں تم سب کو لیکر مدینہ منورہ چلا جاؤں جو اللہ کے رسول کا شہر ہے۔ پھر وہاں سے میں عربوں اور اہل یمن کی طرف پیغام بھیجوں اور عجم کی طرف بھی کہ جیسے بھی ہو جہاد کی تیاری کرو! بیشک اللہ تعالیٰ اس کا مددگار ہے جو اللہ تعالیٰ کے دین کا مددگار ہے۔ اس وقت اگر ہم یہ علاقہ ان کے لئے خالی کر دیں تو اس میں کوئی حرج بھی نہیں ہے۔ پھر وہ لوگ اس شہر میں آئیں گے جو مسلمانوں کا شہر اور ان کی پناہ گاہ ہے۔ وہاں سے وہ عرب کے ہر علاقہ میں پیغام بھیجیں گے، جواب میں وہاں سے بھی لشکر آنے لگیں گے حتی کہ شہر میں جگہ کم پڑ جائے گی۔ پھر وہ

Marfat.com

جا کر کسی کو کچھ بتا سکے کہ ان کے ساتھ کیا ہوا۔ اے حذیفہ! تب کہیں جا کے یہ جنگ ختم ہوگی۔ اس کے بعد جب تک اللہ تعالیٰ چاہے گا لوگ آرام سے رہیں گے۔ کچھ عرصہ بعد ان کو معلوم ہوگا کہ دجال مشرق کی طرف سے نکل چکا ہے۔" [1]

اہل مغرب عربوں سے تیل لیتے ہیں اور بدلے میں اپنی زمینی پیداوار اور اپنی بہترین مصنوعات عربوں کو دیتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ عربوں کے پاس پیسہ بہت ہے اور وہ جس ملک میں جاتے ہیں وہاں کئی کئی سو ایکڑ پر محیط رقبہ خریدتے اور شاہانہ ٹھاٹھ سے رہتے ہیں۔ تیسرے یہ کہ اسلام اپنی نظریاتی قوت کی بنا پر لوگوں کے دلوں میں گھر کرتا جارہا ہے اور لوگ اس کے گرویدہ ہو کر کثرت سے مسلمان ہوتے جارہے ہیں۔ اس سلسلہ میں حالیہ مثال روس کے ٹوٹنے کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال ہے کہ اس کی بہت سی ریاستوں نے اسلامی نظام اپنانے کا عندیا دیا جس کی وجہ سے وہاں کے لوگوں پر بے انتہا ظلم ڈھائے گئے۔ لوگ بوسینیا کو ابھی بھولے نہیں ہوں گے۔ تو اس مغربی بادشاہ کے کہنے کا مقصد یہ ہوگا کہ ہماری یہ فوجیں یہ اسلحہ کس کام کا؟ اگر ہم اسی طرح ہاتھ پہ ہاتھ دھرے بیٹھے رہے تو یہ مسلمان ایک دن جنگ وجدال کے بغیر ساری دنیا پہ غالب آجائیں گے اور ہم بیٹھے بیٹھے بتاشے کی طرح پگھل کر ختم ہو جائیں گے۔

> معرکہ صلیب وہلال میں عیسائی حضرات بھی اپنی افواج کو یہ بتاتے ہیں کہ ان مسلمانوں سے جنگ کرتے ہوئے اگر تم قتل ہو گئے تو تمہارے سارے گناہ معاف ہو جائیں گے، تم سے باپ (خدایا حضرت عیسیٰ علیہ السلام) راضی ہو جائے گا اور تم سیدھا جنت میں جاؤ گے۔ اس لیے اپنے طور پر وہ بھی جذبہ شہادت سے سرشار ہو کر خوشی خوشی لڑنے کی تیاری کریں گے۔

## رمضان، شوال، ذی قعد، ذی الحج اور محرم:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

---

[1] الفتن لنعیم بن حماد' رقم الحدیث 1254 رقم الصفحة 422 الجزء الاول مطبوعة مکتبة التوحید' القاهرة.

Marfat.com

ایران، عراق، پاکستان، افغانستان اور ان کے علاوہ ان گنت اسلامی ممالک ہیں جن کے خلاف امریکہ و یورپ نے تجارتی و اقتصادی پابندیاں لگا رکھی ہیں جس کی وجہ سے وہ دنیا کے دیگر ممالک کے ساتھ آزادانہ تجارت نہیں کر سکتے۔ اس کے نتیجہ میں ان ممالک کی اقتصادی اور معاشی حالت انتہائی ناگفتہ بہ ہوتی جا رہی ہے اور آہستہ آہستہ اور زوال آتا دکھائی دیتا ہے۔

③ ابو صادق کہتے ہیں:

''مہدی کا ظہور اس وقت تک نہیں ہوگا جب تک سفیانی مستقل فتنے نہ پھیلانے لگے۔''[1]

④ مطر الوراق نے کہا:

''مہدی کا ظہور اس وقت تک نہیں ہوگا جب تک اللہ تعالیٰ کا اعلانیہ انکار نہ کیا جانے لگے۔''[2]

⑤ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے فرمایا:

''مہدی کا ظہور اس وقت تک نہیں ہوگا جب تک مسلمان ایک تہائی قتل نہ کیے جائیں، ایک تہائی مر نہ جائیں اور ایک تہائی باقی نہ رہ جائیں۔''[3]

⑥ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

''ظہور مہدی کی علامت یہ ہے کہ جب ترک تم پر لوٹ مار کریں (حملہ کریں) اور تمہارا وہ خلیفہ مر جائے جو مالوں کو جمع کرتا ہے اور اس کے بعد ایک کمزور خلیفہ مقرر کیا جائے جس کی بیعت لوگ دو سال بعد توڑ دیں۔ (اس وقت) دمشق کی مسجد کے مغربی حصہ میں ایک دھنساؤ ہوگا۔ ملک شام سے تین افراد نکلیں گے، اہل مغرب مصر کی طرف خروج کریں گے۔ یہی سفیانی کی بھی علامت ہے۔''[4]

---

① الفتن لنعیم بن حماد، رقم الهدیث 955 رقم الصفهة 333 الجزء الاول مطبوعة مكتبة التوحيد، القاهرة.

② الفتن لنعیم بن حماد رقم الحدیث 957 رقم الصفحة 333 الجزء الاول مطبوعة مكتبة لاتوحيد، القاهرة.

③ الفتن لنعیم بن حماد، رقم الحدیث 959 رقم الصفحة الجزء الاول مطبوعة مكتبة التوحيد، القاهرة.

④ الفتن لنعیم بن حماد، رقم الحدیث 963 رقم الصفحة 334 الجزء الاول مطبوعة مكتبة التوحيد، القاهرة.

Marfat.com

52 حضرت مکحول رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''ترکوں (یاجوج ماجوج) کے دو گروہ ہوں گے۔ ایک آذربائیجان میں ظاہر ہوگا اور دوسرا افرات کے کنارے پر۔''[1]

53 حضرت کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ترک (یاجوج ماجوج) نہر فرات پر آجائیں گے۔ گویا میں (اس وقت بھی) زعفران سے رنگے ہوئے کپڑے پہنی ہوئی عورتیں دیکھ رہا ہوں جو نہر فرات پر گھوم رہی ہیں۔''[2]

54 حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اللہ تعالیٰ ان کے جسموں پر موت بھیج دے گا یعنی ان کی سواریاں جو انہیں روند ڈالیں گی جس کی وجہ سے ان کے بے شمار لوگ مریں گے۔''

اس سے مراد فوجیوں کے ٹرک، ٹینک اور بکتر بند گاڑیاں وغیرہ ہوسکتی ہیں کہ جب یہ سب لوگ اپنی اپنی جانیں بچانے کے لئے بھاگیں گے تو سوائے اپنی جان بچانے کے انہیں کچھ سجھائی نہ دے گا اور نتیجہ میں وہ اپنے ہی بے شمار لوگوں کو روند ڈالیں گے۔[3]

55 حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

''گویا کہ میں اس وقت ترکوں (اہل مغرب) کو ترکی گھوڑوں پر سوار دیکھ رہا ہوں، ان گھوڑوں کے کانوں پہ تسمے یا ہار لٹک رہے ہیں، وہ ان پر سوار جارہے ہیں حتی کہ وہ ان گھوڑوں کو فرات کے کنارے باندھیں گے۔''[4]

56 حضرت عبداللہ ابو الہذیل فرماتے ہیں:

---

بن حماد، رقم الحدیث 1910 رقم الصفحة 678 الجزء الثانی مطبوعة مکتبة التوحید القاهرة)( مسند الرویانی، رقم الحدیث 36 رقم الصفحة 77 الجزء الاول متبوعة موسة قرطبة القاهرة.

1. الفتن لنعیم بن حماد، رقم الحدیث: 1925، رقم الصفحة: 683، الجزء الثانی، مطبوعة مکتبۃ التوحید، القاهرة.
2. الفتن لنعیم بن حماد، رقم الحدیث 1926 رقم الصفحة 683 الجزء الثانی مطبوعة مکتبة التوحید، القاهرة.
3. الفتن لنعیم بن حماد، رقم الحدیث 1927 رقم الصفحة 683 الجزء الثانی، مطبوعة مکتبة التوحید، القاهرة.
4. الفتن لنعیم بن حماد، رقم الحدیث 1928 رقم الصفحة 683 الجزء الثانی مطبوعة مکتبة التوحید، القاهرة.

Marfat.com

مددگاروں کے ظلم وستم کی مدت ختم کردی اور تم پر محمد کی امت میں سے ایک بہترین شخص کو والی مقرر فرمادیا لہٰذا تم مکہ معظمہ میں اُس سے مل لو وہی مہدی ہیں ان کا نام ''محمد بن عبداللہ'' ہے۔''

(62) حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''میری امت کے سب سے زیادہ افضل شہداء ''شہدائے اعماق'' اور ''شہدائے دجال'' ہیں (یعنی وہ مسلمان جو دجال کے ہاتھوں شہید ہوں گے)۔ وہ لوگ ایک دوسرے کے خلاف گرم لوہے کو بطور ہتھیار استعمال کریں گے۔ مسلمانوں میں سے ایک شخص ایک موٹے اور طاقتور کافر کو لوہے کی سیخ مار کر اس کے دو ٹکڑے کر دے گا حالانکہ اس کے اوپر زرہ ہوگی پھر تم لوگ انہیں بہت قتل کرو گے یہاں تک کہ گھوڑے خون میں دھنس جائیں گے۔ اس وقت اللہ تبارک وتعالیٰ ان لوگوں پر غضب فرمائے گا۔ پار ہو جانے والے تیز دھار نیزہ سے مارے گا تیز دھار تلوار سے ضرب لگائے گا اور خراسان میں موجود کمان سے فرات پر پتھر پھینکے جائیں گے۔ اس وقت مسلمان دشمن سے چالیس روز تک شدید جنگ کریں گے پھر اللہ عزوجل! اہل مشرق پر مدد نازل فرمائے گا جس سے ان کے نو لاکھ ننانوے ہزار قتل کیے جائیں گے، ان کے باقی لوگ بھی ان کی قبروں سے نظر آرہے ہوں گے جب یہ سب ہوگا تو مشرق میں ایک منادی ندا کرے گا: ''اے لوگو! ملک شام جاؤ کیونکہ وہ مسلمانوں کی جائے پناہ ہے اور تمہارا امام وہیں ہے۔''[1]

(63) ابن حمیر نے ارطاۃ سے روایت کی ہے کہ جب فرات پر شہر بنایا جائے گا تو وہ جلد ختم ہونے والا اور معاملہ طے ہونے والا عرصہ ہے اور جب دمشق سے چھ میل کے فاصلے پر شہر تعمیر کیا جائے گا تو تم خونریز جنگوں کے لئے کمر کس لو (یعنی ہوشیاری اور دوراندیشی سے کام لو)''[2]

ان دونوں مقامات پر شہر تعمیر ہو چکے ہیں۔ چنانچہ ان علاقوں میں یہود ونصاریٰ

---

(1) السنن الواردة فی الفتن' باب ماروی فی الوقیعة التی تکون بالزوراء ومایتصل بھا من الوقائع والملاحم والایات والطوام' رقم الحدیث 596 رقم الصفحة1089 الجزء الخامس مطبوعة دار العاصمة' ریاض۔

(2) الفتن لنعیم بن حماد' رقم الحدیث 891 رقم الصفحة307 الجزء الاول مطبوعة مکتبة التوحید' القاھرة۔

Marfat.com

# الدجال

کتاب کے آخر میں مصنف نے ابوعیسیٰ کی نایاب کتاب الدجال کے چندابواب شامل کیے ہیں۔ ترجمہ ملاحظہ فرمائیں:

ابتدائیہ:

اللہ تعالیٰ کے لئے ہر خوبی وحمد وثنا ہے جو حاضر وغیب کو جانتا ہے، جس نے قلم پیدا کیا تو اسے فرمایا: ''لکھ۔'' اس نے عرض کیا: ''کیا لکھوں؟'' فرمایا: ''ہر چیز کی تقدیر لکھ حتی کہ قیامت کا وقوع پذیر ہونا بھی۔''[1]

میں ابھارنے والی حقیقت کی طرف بیڑی پہنے چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنے والے کی طرح چلا جس میں بہت سارے حیران وپریشان رہے اور قلمیں عاجز ہوئیں وہ حقائق یہ ہیں:

کیا دجال زندہ ہے؟

وہ کہاں ہے؟

کب نکلے گا؟

کہاں سے نکلے گا؟

سب سے پہلے کس شہر میں جائے گا؟

کن علاقوں میں نہ جاسکے گا؟

کتنی دیر زمین میں ٹھہرے گا؟

اور اسے کون قتل کرے گا؟

---

1 سنن ابی داؤد: حدیث نمبر ۴۷۰۰

Marfat.com

اللہ تعالیٰ سے میں اس کی توفیق اور اخلاص مانگتا ہوں۔

## دجال کا نام:

دجل (سے دجال بنا) کا اصل معنی تعطیہ ہے یعنی ڈھانپنا عربی زبان میں ایک محاورہ ہے (دجال البعیر) یہ محاورہ اس وقت بولا جاتا ہے جب اونٹ پر تارکول وغیرہ مل گئی ہو۔ حافظ ابن وحیہ نے کہا ہے کہ دجال کا لفظ لغت میں دس معنوں میں استعمال ہوتا ہے:

① دجال کا معنی ہے کذاب (بہت جھوٹا) اس کی جمع دجالون ہے۔

② دجال دجل سے بنایا گیا ہے، اس کا معنی ہے اونٹ کو تارکول ملنا' اس نام کے رکھنے کا مقصد یہ ہے کہ وہ حق کو چھپائے گا اور اس پر اپنے جادو اور جھوٹ سے پردہ ڈالے گا جیسے کوئی آدمی اپنے اونٹ کی خارش کو تارکول سے چھپاتا ہے' جب وہ یہ کام کرے تو اس کا نام مدجل ہے۔

③ اس کا نام یہ اس لئے ہے کہ وہ زمین کے اطراف میں گھوم جائے گا اور انہیں طے کر لے گا' جب کوئی یہ کام کرتا ہے تو کہا جاتا ہے: (دجل الرجل) آدمی نے زمین کو پھر کر طے کر لیا۔

④ لفظ دجال میں ڈھانپنے کا مفہوم ہے کیونکہ وہ زمین پر پوری طرح چھا جائے گا اور پوری زمین کو اپنے شر سے ڈھانپ لے گا اور دجل کا معنی ڈھانپنا ہے' ابن درید نے کہا:

''کل شیء غطیۃ فقد دجلته''

''ہر وہ چیز جسے میں نے ڈھانپ لیا اس کے ساتھ میں نے دجال والا کام کیا۔''

⑤ اس کا نام دجال اس لئے ہے کہ وہ اس زمین کو قطع کرے گا۔ مکہ اور مدینہ کے علاوہ پوری زمین کو روند ڈالے گا۔

⑥ اس کا نام دجال اس لئے رکھا گیا کہ وہ لوگوں کو اپنے شر سے دھوکہ دے گا جیسا کہ کہا جاتا ہے:

''لطخنی فلان بشرہ''

Marfat.com

فلاں شخص نے مجھے اپنے شر سے آلودہ کر دیا۔"

⑦ دجال کا معنی ہے:

"مخرق"

"دہشت زدہ کرنے والا اور بہت جھوٹ بولنے والا۔"

⑧ دجال کا معنی ہے:

"مموہ"

"طمع سازی کرنے والا۔"

⑨ دجال سونے کے اس پانی کو بھی کہا جاتا ہے جس کے ساتھ کسی چیز کو ملمع سازی کی جائے کہ اس کا باطل (باہر سے) حسین ہو جائے اور اس کے اندر ٹھیکری یا عود ہو (لہٰذا دجال بھی ملمع سازی کرے گا۔)

⑩ دجال (فبرند السیف) تلوار کا جوہر اس کے نقش نگار۔[1]

## دجال...... حقیقت یا افسانہ:

① ایمان کی بات یہ ہے کہ دجال آخری زمانہ میں ہوگا یہ حقیقت ہے اس میں کوئی شک نہیں اس پر ایمان رکھنا واجب ہے۔

اہل علم نے اس پر ایمان کے واجب ہونے پر اتفاق کیا ہے جو دجال کے خروج اور اس کے اس فتنہ کے بارے میں نبی کریم ﷺ سے وارد ہے جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو آزمائے گا' اس کی مخالفت اہل بدعت اور ٹیڑھی راہ والوں کے سوا کسی نے نہیں کی یعنی خارجی اور معتزلہ نے۔ اہل علم کے کئی دلائل معتزلہ کے رد میں مذکور ہیں۔ کچھ ان سے ہم ذکر کرتے ہیں۔

② قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے احادیث دجال کو ذکر کرنے کے بعد فرمایا:

---

① التذکرۃ ۲/۲۰ (فتح الباری ۱۳/۹۷)

Marfat.com

"ان احادیث میں دلیل ہے کہ مسلک اہل سنت حق ہے کہ دجال کا وجود صحیح ہے، وہ ایک معین شخص ہے، اس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو آزمائے گا' اسے کئی چیزوں پر قدرت ہوگی جیسے قتل کے بعد زندہ کرنا' سبزہ اور نہروں کا ظہور' جنت و دوزخ زمین کے خزانوں کا اس کے پیچھے چلنا۔ یہ سب اللہ تعالیٰ کی مشیت سے ہوگا' پھر اللہ تعالیٰ اسے عاجز کر دے گا تو وہ کسی کے قتل وغیرہ پر قادر نہ رہے گا، اس کا معاملہ باطل ہو جائے گا اور اسے عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام قتل کریں گے۔ بعض خارجیوں' معتزلہ اور جہمیہ نے اس میں (اہل سنت کی مخالفت کی) تو انہوں نے اس کے وجود کا انکار کر دیا اور احادیث صحیحہ کا رد کر بیٹھے۔"[1]

③ علامہ قرطبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

"دجال پر ایمان رکھنا اور اس کا نکلنا حق ہے اور یہ ہی اہل سنت اور عام اہل فقہ وحدیث کا مذہب ہے' بخلاف معتزلہ اور خارجیوں کے جنہوں نے اس کا انکار کیا۔"[2]

④ علامہ طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کے بارے مشہور عقیدہ میں فرمایا:

"ہم قیامت کی علامات پر ایمان رکھتے ہیں، جیسے دجال کا نکلنا اور عیسیٰ علیہ السلام کا آسمان سے نازل ہونا۔"[3]

## مسیح دجال کا معنی:

دجال کا نام مسیح رکھنے کے سبب میں علماء کے کئی جوابات ہیں خلاصہ یہ ہے:

① اس کا نام مسیح اس لئے رکھا گیا کہ وہ زمین کو چھوئے گا یعنی اس پر گھوم جائے گا۔ یہ ہی وجہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کو بھی مسیح کہا گیا کیونکہ آپ کبھی شام میں کبھی مصر میں کبھی سمندر کے ساحلوں پر ہوں گے اور اسی طرح مسیح دجال ہے' دونوں کا نام مسیح ان کے زمین پر گھوم جانے کی وجہ سے ہوا۔

---

① فتح الباری ۹۸/۱۳۔ ② تذکرۃ القرطبی: ۷۵۱/۲۔

③ شرح عقیدہ طحاویہ' ابن ابی العز الحنفی، صفحہ نمبر: ۵۶۴'۵۶۵۔

Marfat.com

② اس کا نام دجال رکھنے کی وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ اس کی ایک آنکھ اور ایک ابرو نہیں ہو نگے۔

③ مسیح دجال کے چہرے کے دو حصوں میں سے ایک مٹا ہوا ہوگا، نہ اس کی ایک آنکھ ہوگی اور نہ اس کا ایک ابرو ہوگا اسی وجہ سے اس کا نام مسیح ہے۔

④ مسیح بمعنی کذاب یعنی بہت جھوٹ بولنے والا۔ یہ ایسا معنی ہے کہ اس سے دجال مخصوص ہے کیونکہ وہ جھوٹ بولے گا اور کہے گا:

''انا اللہ''

''میں اللہ ہوں۔''

⑤ مسیح بمعنی سرکش، خبیث اور پلید کے ہے۔

## عیسیٰ مسیح کا مفہوم:

البتہ سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کو مسیح کہنے کی وجہ دجال کی وجہ سے مختلف ہے اور علماء کے اس میں کئی اقوال ہیں جن کو ابن دحیہ نے اپنی کتاب مجمع البحرین میں جمع کر دیا۔ مشہور ترین درج ذیل ہیں۔

① آپ کا نام مسیح اس لئے ہے کہ آپ سے بوقت ولادت برکت حاصل کی گئی۔

② اس لئے بھی کہ کسی تکلیف والے کو آپ نہیں چھوتے تھے مگر وہ اچھا ہو جاتا تھا۔

③ اس لئے بھی کہ آپ چہرہ کے حسین تھے۔

## تواتر احادیث:

اس میں کوئی شک نہیں کہ دجال کی صورت حال اور اس کے نکلنے کے بارے وارد ہونے والی احادیث کثیر اور طرح طرح کی ہیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے جم غفیر نے انہیں روایت کیا اسی وجہ سے اہل علم نے ان احادیث کے متواتر ہونے کی وضاحت کی ہے۔

ان میں سے ابن کثیر اپنی تفسیر میں، شوکانی نے اس بارے ایک کتاب لکھی جس کا نام اس نے ''التوضیح فی تواتر ماجاء فی المنتظر والمسیح'' رکھا یعنی عیسیٰ علیہ السلام

Marfat.com

اور دجال کے بارے جو احادیث تواتر سے ہیں ان کی وضاحت۔

کتانی نے کہا:

ایک سے زائد افراد نے صحابہ کی ایک جماعت سے کئی صحیح طریقوں سے احادیث کے وارد ہونے کا ذکر کیا' شوکانی کی توضیح میں ان سے ایک سو احادیث ہیں' وہی احادیث صحاح' معاجم اور مسانید میں ہیں اور تواتر ان کے بغیر حاصل ہو جاتا ہے ان کے مجموعہ کو جمع کر لیں پھر تو سونے پہ سہاگہ ہے۔

## دجال کا اعلانیہ بیان:

اگر چہ دجال کی خبر شہرت میں حد تواتر کو پہنچ چکی ہے اور اس کا آنا قیامت کی علامات میں سے ہے پھر بھی ہم پر لازم ہے کہ ہم لوگوں کے لئے اسے واضح کریں خاص کر اپنے اہل خانہ اور رشتہ داروں کے لئے۔

علامہ سفارینی حنبلی نے فرمایا:

ہر عالم کے لئے ضروری ہے کہ وہ احادیث دجال کو اپنی اولاد' مردوں اور عورتوں کے درمیان پھیلائے۔ چنانچہ حضرت محاربی سے روایت ہے:

"ینبغی ان یدفع هذه الاحادیث یعنی حدیث الدجال الی المودب حتی یعلمها الصبیان فی الکتاب" [1]

"ضروری ہے کہ یہ احادیث جن میں دجال کا ذکر ہے کو ترتیب کرنے والے تک پہنچایا جائے تا کہ وہ لکھنے میں بچوں کو سکھائے۔"

اس کی وجہ اس کے سوا کچھ نہیں کہ دجال بہت خطرناک' اس کا خروج عظیم اور اس کا زیادہ ہونا اس حد تک کہ عقل اس کا تصور نہیں کر سکتی اس لئے بھی اس کا فتنہ دل کو قابو کرے گا۔

---

[1] لوامع الاسرار البهية: ۲/۱٦ ا ( سنن ابن ماجة: ۲/۱۲٦۳ .

Marfat.com

## دجال اور قیامت:

بلاشک دجال جونہی آ گیا تو پھر قیامت میں زیادہ دیر نہ رہے گی' قیامت کی وہ نشانیاں جو افق پر روشن ہوں گی لڑائیوں کا اعلان کرتی ہوں گی' نبی کریم ﷺ سے کثیر احادیث آئی ہیں جو قیامت کی بڑی بڑی علامات کو واضح کرتی ہیں ان میں سے دجال کا نکلنا ہے' ان احادیث میں سے چند درج ذیل ہیں۔

① سیدنا حذیفہ بن اسید غفاری فرماتے ہیں:

''اطلع علینا النبی ﷺ ونحن نتذاکر فقال : ماتذکرون؟ قالوا: تذکر الساعۃ قال: انھا لن تقوم حتی ترون قبلھا عشر آیات فذکر: الدخان والدجال والدابۃ وطلوع الشمس من مغربھا ونزول عیسی بن مریم و یاجوج وماجوج وثلاثۃ خسوف خسف بالمشرق وخسف بالمغرب وخسف بجزیرۃ العرب آخر ذلک نار تخرج من الیمن تطرد الناس الی محشرھم''[1]

''ہمارے پاس نبی کریم ﷺ تشریف لائے اور ہم آپس میں گفتگو کر رہے تھے تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''تم کیا مذاکرہ کرتے تھے؟'' صحابہ نے عرض کیا: ''ہم قیامت کا ذکر کرتے تھے۔'' آپ ﷺ نے فرمایا: '' بیشک وہ قائم نہ ہوگی حتی کہ تم دیکھ لوگے دس نشانیاں۔'' آپ ﷺ نے ذکر کیا دھوئیں' دجال' دابۃ' سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کا نازل ہونا' یاجوج وماجوج اور تین بار دھنسنے (کے واقعات) ایک دھنسنا مشرق میں' ایک مغرب میں اور ایک جزیرہ عرب میں ان کے آخر میں ایک آگ ہوگی جو یمن سے ظاہر ہوگی اور لوگوں کو ہانک کر محشر کی طرف لے جائے گی۔''

② ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

---

① الصحیح المسلم: کتاب الفتن: حدیث نمبر: ۲۹۰۱)(مسند امام احمد : ۶/۴)(سنن ابی دائود: حدیث نمبر: ۴۳۱۱)(ابن ماجہ . کتاب الفتن، حدیث نمبر: ۴۰۵۵)(ابن ابی شیب، المصنف: حدیث نمبر: ۳۷۵۴۲.

Marfat.com

اور اس کے خروج کی طرف شدت سے اشارہ کریں گی۔ نبی کریم ﷺ نے بہت سارے ایسے امور کا ذکر کیا ہے جو دجال سے پہلے رونما ہوں گے۔

① سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"ان رسول اللہ ﷺ قال: لاتقوم الساعة حتی یبعث دجالون کذابون قریب من ثلاثین کل یزعم انه رسول الله"[1]

"قیامت قائم نہ ہوگی حتی کہ تیس کے قریب دجال (جھوٹے نبی) نکلیں گے۔ ان میں سے ہر ایک یہ گمان کرتا ہوگا کہ وہ اللہ کا رسول ہے۔"

② سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"الملحمة العظمی وفتح قسطنطنیة وخروج الدجال فی سبعة اشهر"[2]

"جنگ عظیم، قسطنطنیہ کی فتح اور دجال کا خروج سات ماہ میں ہوگا۔"

③ سیدنا معاذ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے:

"عمران بیت المقدس خراب یثرب وخراب یثرب خروج الملحمة وخروج الملحمة فتح القسطنطنیة وفتح القسطنطنیة خروج الدجال"[3]

"بیت المقدس کی آبادی یثرب کی خرابی ہے، یثرب کی تباہی جنگ عظیم کا ظہور ہے، جنگ کا ظہور، قسطنطنیہ کی فتح ہے اور قسطنطنیہ کی فتح دجال کا نکلنا ہے۔"

---

① الصحیح البخاری، کتاب الفتن: حدیث نمبر: ۷۱۲۱)(الصحیح المسلم ، کتاب الفتن، باب نمبر ۱۸ ، ۱۲ ، حدیث نمبر ۲۹۱)(سنن ابی دائود ، کتاب الملاحم ، حدیث نمبر ۴۳۳۳، ۴۳۳۴.

② سنن ابی دائود، کتاب الملاحم: ۵/۲۳۴)(سنن ترمذی ، کتاب الفتن، حدیث نمبر ۲۲۳۸) (سنن ابن ماجه ، کتاب الفتن، حدیث نمبر ۴۰۹۲)(مسندامام احمد : ۵/۲۳۴)( مستدرک حاکم، کتاب الفتن: ۴/۴۲۶.

③ سنن ابی دائود ، کتاب الملاحم ، حدیث نمبر ۴۲۹۲)(مسندامام حمد : ۵/۲۳۲)(شرح السنه ، حدیث نمبر ۴۲۵۲)( تاریخ بغداد: ۱۰/۲۲۳)(نهایه : ۱/۶۲.

Marfat.com

کو روک لے گا اور زمین کو حکم دے گا تو وہ تہائی پیداوار کو روک لے گی، پھر دوسرے سال میں آسمان کو حکم دے گا تو وہ دو تہائی بارش کو روک لے گا زمین کو حکم دے گا تو وہ دو تہائی پیداوار روکے گی، پھر تیسرے سال آسمان کو حکم دے گا تو وہ اپنی بارش پوری کی پوری روک لے گا اور ایک قطرہ بارش نہ برسے گی' زمین کو حکم دے گا تو وہ پوری پوری پیداوار روک لے گی تو کوئی سبز شے نہ اُگے گی حتی کہ کوئی کھروں والا جانور باقی نہ رہے گا مگر جسے اللہ چاہے گا۔''

⑦ راشد ابن سعد سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''دجال نہیں نکلے گا حتی کہ لوگ اس کا ذکر بھول جائیں گے' یہاں تک امام حضرات منبروں پر اس کا ذکر چھوڑ دیں گے۔''[1]

⑧ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''زمین پر کھانا پینا ختم ہو جائے گا۔''

ایک صحابی نے عرض کیا:

''لوگوں کا اس زمانہ میں ذریعہ معاش کیا ہوگا؟''

آپ ﷺ نے فرمایا:

**''التهليل والتكبير والتسبيح والتحميد ويجرى ذلك عليهم مجرى الطعام''**

''لا الہ الا اللہ پڑھنا' اللہ اکبر کہنا' سبحان اللہ اور الحمد للہ پڑھنا اور اسے کھانے کے قائم مقام کر دیا جائے گا۔''

## ابن صیاد اور دجال:

① صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے لوگوں نے دجال کی شخصیت کی حد بندی کرنے میں بہت اختلاف کیا۔

---

[1] مسند امام احمد: ۷۲/۴)(المجمع الزوائد: ۳۳۸/۷.

Marfat.com

ابن صیاد جس کا نام آصاف یا صاف ہے یہود سے تھا۔ وہ زمانۂ نبی میں کہانت کا دعوے دار تھا۔ اس کا امتحان نبی کریم ﷺ نے لیا تاکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اس کے حال کی حقیقت معلوم ہو اور اس کا امرِ باطل صحابہ کے لئے ظاہر ہو جائے کہ وہ جادوگر ہے، اس کے پاس شیطان آتا اور اس کی زبان پر وہی کچھ القاء کرتا جو وہ کاہنوں کے لئے القاء کرتا تھا۔ رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اس کے ساتھ کئی ملاقاتیں تھیں۔

② حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے صحابہ کے درمیان نبی کریم ﷺ کے ساتھ ابن صیاد کی طرف گئے حتی کہ اسے بچوں کے ساتھ کھیلتا ہوا پایا۔ اس دن وہ بلوغ کے قریب تھا، کوئی چیز سمجھتا نہیں تھا حتی کہ نبی کریم ﷺ نے اپنے ہاتھ سے اس کی پشت پر مارا پھر فرمایا:

''اشهدانی رسول الله''

''کیا تو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟''

ابن صیاد نے آپ کی طرف دیکھا تو کہا:

''اشهدانک رسول الامیین''

''میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ امیوں کے رسول ہیں۔''

ابن صیاد نے آپ سے کہا:

''کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟''

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

''میں اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان رکھتا ہوں۔''

نبی کریم ﷺ نے اسے فرمایا:

''تو کیا دیکھتا ہے؟''

ابن صیاد نے کہا:

''میرے پاس سچا اور جھوٹا آتے ہیں۔''

Marfat.com

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

''تجھ پر معاملہ خلط ملط کر دیا گیا ہے۔''

آپ ﷺ نے فرمایا:

''میں نے تیرے لئے ایک چیز (قرآن مجید کی ایک آیت) چھپا رکھی ہے (بتاؤ کہ وہ کون سی آیت ہے؟)''

ابن صیاد نے کہا:

''وہ دھواں ہے۔''

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا:

''یارسول اللہ ائذن لی فیه اضرب عنقه''

''یارسول اللہ! مجھے اجازت دیجئیے کہ میں اس کی گردن ماروں۔''

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

''ان یکنه فلن تسلط علیه و ان لم یکن هو فلا خیر لک فی قتله''

''اگر یہ دجال ہوا تو اس پر تجھے تسلط ہرگز نہ ہوگا اور وہ نہ ہوا تو اس کے قتل میں تیرے لئے خیر نہیں ہے۔''[1]

③ ابن صیاد کی پیچیدگی اور اس کے حال کی جہالت لوگوں میں بہت بڑی بات تھی حتی کہ نبی کریم ﷺ اس کے معاملہ میں اس درجہ تک شک میں مبتلا ہوئے کہ آپ ﷺ اس کے حال کی حقیقت جاننے کے لئے مراقبہ کرتے رہے۔ بہت سی احادیث میں آیا کہ نبی کریم ﷺ نے ابن صیاد کی جستجو اور اس کے معاملہ کی وضاحت کرنے میں کوشش کی اس ڈر سے کہ کہیں وہ ہی دجال ہو، اس کی وجہ یہ تھی کہ آپ ﷺ نے اس کے حالات کچھ ایسے دیکھے جو

---

① مسند امام احمد: ۱۴۸/۲)(الصحیح البخاری، کتاب الجنائز ،حدیث نمبر ۱۳۵۴)(الصحیح البخاری، کتاب الجهاد،حدیث نمبر ۳۰۵۵)(الصحیح المسلم، کتاب الفتن،حدیث نمبر ۲۹۲۴)(سنن ابی دائود ، کتاب لملاحم ،حدیث نمبر ۴۳۲۹)(سنن ترمذی،حدیث نمبر ۲۲۳۵.

Marfat.com

''اگر یہ وہی ہے تو تو اس کا مقابل نہیں اس کے مقابل حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام ہیں اور اگر وہ نہیں تو تجھے یہ جائز نہیں ہے کہ تو ایسے شخص کو قتل کرے جو عہد والوں میں سے ہے۔''①

⑥ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یقیناً میرا دس بار قسم کھا کر یہ کہنا کہ وہ ابن صیاد دجال ہے مجھے اس سے زیادہ پسند کہ میں ایک بار یہ قسم کھاؤں کہ وہ دجال نہیں ہے۔ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اس کی ماں کی طرف بھیجا اور فرمایا:

**''لها کم حملت به؟ قال :فاتيتها فسالتها فقالت حملت به التى عشر شهرا قال : ثم ارسلنى فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم سلها عن صيحته حين وقع فرجعت اليها فسالتها فقالت: صاح صيحة الصبى ابن شهر''**

''اس سے پوچھ کتنی دیر اس کے حمل میں رہی؟'' حضرت ابوذر کہتے ہیں: ''میں اس کے پاس آیا تو اس سے پوچھا تو اس نے جواب دیا کہ اس کے حمل میں بارہ ماہ میں نے گزارے۔'' حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ''آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے پھر بھیجا اور فرمایا: ''اس سے پوچھ اس کی چیخ کے بارے میں جب وہ پیدا ہوا۔'' میں پھر اس کی طرف لوٹ آیا اور اس سے پوچھا تو اس نے کہا: ''یہ اس طرح چیخا تھا جیسے ایک ماہ کا بچہ چیختا ہے۔''②

⑦ ابن صیاد اپنی پیچیدگی اور لوگوں کے اس کی شخصیت سے واقف نہ ہونے کو مزین کرنے کی طاقت رکھتا تھا۔ بعض حضرات تو یہ یقین رکھتے تھے کہ وہ ہی دجال ہے، دلیل اس کے وہ حیلے اور خوارق عادات امور تھے جو اس سے صادر ہوتے تھے۔ احادیث کی کتابوں میں بعض روایات کو اس کے بعض عجیب وغریب واقعات کے بارے ذکر کیا ہے۔ وہ حوادث بعض صحابہ کے نزدیک اس بات کی تاکید تھے کہ ابن صیاد وہی دجال ہے

---

① فتح الربانی : ۶۵/۲۴ )( مشکل الآثار: ۹۷/۴ )( شرح السنة : ۴۲۷۴ )( مجمع الزوائد : ۷/۸.

② مسند امام احمد: ۶۱/۲۴ )(مصنف ابن ابی شیبه، حدیث نمبر: ۳۸۴۸۵ )( مجمع الزوائد: ۶/۸ )(فتح الباری: ۳۲۹/۱۳.

Marfat.com

جس کی خبر دی گئی ہے۔

چنانچہ سیدنا ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن صیاد سے جنت کی مٹی کے بارے میں پوچھا تو اس نے کہا:

**"مكة بيضاء مسك خالص"**

"سفید چمک دار آٹے کی طرح مٹی خالص کستوری ہے۔"

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"اس نے سچ کہا ہے۔"[1]

⑧ سیدنا ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن صیاد سے فرمایا:

"ماتری"

"تو کیا دیکھتا ہے؟"

اس نے کہا:

**"ارى عرشا على البحر حوله الحيات"**

"میں سمندر پر تخت دیکھتا ہوں جس کے اردگرد سانپ ہیں۔"

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

**"يرى عرش ابليس"**

"یہ ابلیس کا تخت دیکھتا ہے۔"[2]

⑨ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ابن صیاد کا ذکر نبی کریم کے پاس کیا گیا تو عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا:

---

① الصحیح المسلم، کتاب الفتن، باب نمبر ۱۹، حدیث نمبر ۲۹۲۸)(الفتح الربانی: ۲۴/۶۷)(نووی شرح مسلم: ۲۲۶/۱۸.

② صحیح مسلم، کتاب الفتن: باب نمبر ۷۸، حدیث نمبر ۲۹۲۵)(مسندامام احمد، حدیث نمبر: ۱۱۲۳۵، ۶۶/۳)(مصنف ابن ابی شیبہ، کتاب الفتن، حدیث نمبر ۳۷۵۳۲.

Marfat.com

''انه یزعم انه لایمر به شیء الا کلمه''

''وہ تو سمجھتا ہے کہ اس کے پاس سے کوئی شے بھی گزرتی ہے تو اس سے کلام کرتی ہے۔''[1]

⑩ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے ابن صیاد کو مدینہ کی گلی میں دیکھا تو میں نے اسے گالی دی۔ وہ اس میں اثر انداز ہوئی اور وہ پھولنے لگا حتی کہ اس نے راستہ روک لیا۔ میں نے اسے اپنے عصا سے مارا حتی کہ عصا کو اس پر توڑ دیا۔''

سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے مجھ (ابن عمر) سے فرمایا:

''تیرا اور اس کا کیا حال ہے؟ کس چیز نے تجھے اس کا مشتاق کر دیا؟ کیا تو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نہیں سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''انما یضرج الدجال من غضبة یغضبها''

''بلاشک دجال غضب ناک ہو کر نکلے گا۔''[2]

⑪ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ میں ایک بار ابن صیاد کو ملا۔ اس کی آنکھ متغیر ہو چکی تھی، میں نے کہا:

''میں جو دیکھ رہا ہوں وہ تیری آنکھ نے کب کیا؟''

اس نے کہا:

''میں نہیں جانتا۔''

میں نے کہا:

''نہیں جانتا حالانکہ وہ تیرے سر میں ہے؟''

اس نے کہا:

''اے ابن عمر! تو مجھ سے کیا چاہتا ہے؟ اگر اللہ تعالیٰ چاہے کہ آنکھ پیدا کرے

---

① الفتح الربانی: ۲۴/ ۶۷)(مجمع الزوائد: ۸/۸.

② صحیح مسلم، کتاب الفتن، حدیث نمبر ۲۹۳۲)( مسند امام احمد: ۶/ ۲۸۴)(الفتح الربانی: ۶۲،۶۱/۲۴)(مسند ابن ابی یعلی: ۲۶۹/۱۳، ۲۸۵)( شرح السنة بغوی: ۷۴/۱۵)( ابن حبان: ۲۸۰/۸.

Marfat.com

یرے اس عصا میں تو وہ ایسا کر دے گا۔''

پھر اس نے گدھے کی طرح سختی سے خراٹے لینا شروع کئے کہ میں نے ایسے خراٹے بھی نہیں سنے تھے۔ میرے ساتھیوں کا خیال ہے کہ میں نے اس کو اس عصا کے ساتھ مارا جو میرے پاس تھا حتی کہ وہ ٹوٹ گیا البتہ مجھے کچھ شعور نہیں۔''[1]

(12) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے ابن صیاد نے کہا:

''مجھے اور تمہیں کیا ہے؟ اے محمد کے صحابیو! کیا اللہ کے نبی نے نہیں فرمایا کہ وہ دجال یہودی ہوگا جبکہ میں اسلام لا چکا ہوں اور یہ بھی فرمایا کہ اس کی اولاد نہیں ہوگی حالانکہ میری اولاد ہے اور فرمایا کہ بیشک اللہ تعالیٰ نے اس پر مکہ کو حرام کر دیا اور میں نے حج کیا ہے۔''

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ اسی طرح باتیں کرتا رہا حتی کہ قریب تھا کہ اس کی بات مجھ میں اثر انداز ہوتی۔ پھر اس نے کہا:

''خبردار! اللہ کی قسم میں اب جانتا ہوں کہ وہ دجال کہاں ہے، اس کے باپ اور اس کی ماں کو پہچانتا ہوں۔''

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

''اسے کہا گیا: ''تجھے یہ بات خوش کرتی ہے کہ تو دجال ہو؟''

اس نے کہا:

''اگر مجھ پر اسے پیش کیا جائے تو میں پسند نہ کروں گا۔''[1]

(13) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہم مدینہ سے ایک لشکر میں آئے، اس لشکر میں عبداللہ بن صیاد تھا۔ کوئی اس کے ساتھ نہ چلتا تھا' نہ اس کو کوئی ساتھی بناتا تھا، نہ اس کے ساتھ کوئی کھاتا تھا، نہ ہی اس کے ساتھ کوئی پیتا تھا اور اسے دجال کہتے تھے۔ اچانک ایک

---

(1) صحیح مسلم، کتاب الفتن، حدیث نمبر: ۳۹۳۲)( مسند امام احمد: ۲۸۴/۶)( الفتح الربانی: ۶۱/۲۴)( مسند ابن ابی یعلی: ۴۸۵،۴۶۹/۱۳)(شرح السنۃ بغوی: ۷۴/۱۵)( ابن حبان: ۲۸/۸.

(2) الصحیح المسلم، کتاب الفتن، حدیث نمبر: ۲۲۴۲.

Marfat.com

دن میں اپنی جگہ ٹھہرا تھا کہ مجھے عبداللہ بن صیاد نے بیٹھا ہوا دیکھا حتی کہ وہ میرے پاس بیٹھ گیا تو اس نے کہا:

''اے ابوسعید! کیا تو نہیں دیکھتا کہ لوگ کیا کرتے ہیں۔ نہ کوئی میرے ساتھ چلتا ہے، نہ مجھے رفیق بناتا ہے، نہ کوئی میرے ساتھ پیتا ہے بلکہ مجھے دجال کہہ کر بلاتے ہیں۔ اللہ کی قسم! لوگوں کے میرے ساتھ یہ سلوک کرنے سے میں نے یہ ارادہ کیا ہے کہ میں ایک رسی لوں پھر تنہائی میں جاؤں اور اسے اپنی گردن میں ڈال لوں پھر گلا گھونٹ لوں تو اس طرح میں لوگوں کی ان باتوں سے آرام پاؤں۔ اللہ کی قسم! میں دجال نہیں ہوں لیکن اللہ کی قسم! اگر میں چاہوں تو ضرور تجھے اس کے نام اس کے باپ اور اس کی ماں کے نام اور اس بستی کے نام کی خبر دوں جس سے وہ نکلے گا۔'' [1]

⑭ ایک سے زائد ایسے صحابی ہیں جو یہ یقین رکھتے ہیں کہ ابن صیاد ہی دجال ہے۔ وہ صحابہ درج ذیل ہیں:

(i) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ۔

(ii) حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ۔

(iii) حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ۔

(iv) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ۔

(v) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ۔

⑮ ابن منکدر سے روایت ہے کہ میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو دیکھا وہ اللہ کی قسم کھا رہے تھے کہ ابن صیاد ہی دجال ہے۔ میں نے کہا:

''آپ اللہ کی قسم کھا رہے ہیں؟''

انہوں نے فرمایا:

''میں نے عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس پر قسم کھا رہے تھے تو

---

① الفتح الربانی: ۲۴/ ۶۶)(الصحیح المسلم: ۹۱، ۲۹۲۷.

Marfat.com

نبی کریم ﷺ نے اس پر انکار نہیں فرمایا۔"[1]

(16) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

"لان احلف باللہ تسعا ان ابن صائد هو الدجال احب الی من احلف واحدة"

"یقیناً میرا اللہ کی قسم نو بار کھا کر کہنا کہ ابن صیاد ہی دجال ہے مجھے زیادہ پسند ہے اس سے کہ میں ایک بار قسم کھاؤں۔"[2]

(17) حضرت نافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا:

"واللہ ما اشک ان المسیح الدجال ابن صیاد"

"اللہ کی قسم! مجھے اس میں کوئی شک نہیں کہ مسیح دجال ابن صیاد ہے۔"[3]

(18) ابن صیاد کے مسئلہ میں صحابہ کرام کے اختلاف کا اثر ان کے بعد آنے والے اہل علم حضرات پر بھی تھا۔ اکثر اہل علم جیسے بیہقی، خطابی، نووی اور ابن حجر کی رائے ہے کہ ابن صیاد دجال نہیں ہے اور انہوں نے تمیم داری کی حدیث سے دلیل لی ہے جسے عنقریب ہم ذکر کریں گے۔

خطابی نے کہا:

"لوگوں نے ابن صیاد کے بارے بہت سخت اختلاف کیا ہے۔ اس کا معاملہ مشکل ہو گیا حتی کہ اس کے بارے ہر بات کہہ دی گئی۔ رسول اللہ ﷺ نے اس کا امتحان لیا تا کہ اس کا معاملہ زائل ہو تو جب آپ نے اس سے کلام فرمایا تو جان لیا کہ وہ باطل پرست ہے، جادوگروں یا کاہنوں میں سے ہے یا ان میں سے ہے جن کے پاس جنات آتے ہوں۔"[4]

(19) امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

---

① الصحیح البخاری، حدیث نمبر ۷۳۵۵)(الصحیح المسلم، کتاب الفتن: حدیث نمبر ۲۹۲۹)(سنن ابی دائود، کتاب الملاحم، حدیث نمبر ۴۳۳۱.

② مسندابویعلی الموصلی :۱۳۲/۹، ۲۲۱، ۵۲۰۷)( مجمع الزوائد: ۵۴/۸.

③ سنن ابی دائود، حدیث نمبر: ۴۳۳۰)(فتح الباری: ۳۲۷/۱۳.

④ معالم السنن: ۳۴۹/۴)( شرح السنه: ۷۵/۱۵)(تحفة الاحوذی: ۵۲۰/۶)( عون المعبود: ۴۷۹/۱۱.

Marfat.com

''ابن صیاد کے معاملہ میں لوگوں نے بہت زیادہ اختلاف کیا کہ کیا وہی دجال ہے؟ وہ جن کا مذہب یہ ہے کہ وہ دجال نہیں ہے انہوں نے دلیل تمیم داری کی حدیث جو جساسہ کے قصہ کے بارے میں ہے کو بنایا ہے اور یہ جائز ہے کہ ابن صیاد کی صفت دجال کی صفت کے موافق ہو جیسا کہ صحیح میں ثابت ہے کہ لوگوں میں سے دجال کے سب سے زیادہ مشابہ عبدالعزیٰ بن قطن ہے اور ابن جابر کی حدیث میں نبی کریم ﷺ کا عمر رضی اللہ عنہ کی قسم پر خاموش رہنا زیادہ نہیں ہے اس میں احتمال ہے کہ نبی کریم ﷺ اس کے معاملہ میں توقف میں ہوں پھر آپ کے پاس اس بات کا ثبوت اللہ تعالیٰ کی طرف سے آ گیا ہو کہ دجال ابن صیاد نہیں کوئی اور ہے جیسا کہ تمیم داری کا قصہ اس بات کا تقاضا کرتا ہے۔ اسی سے استدلال کیا اس نے جس نے اس بات کا یقین کر لیا کہ دجال ابن صیاد نہیں ہے کوئی اور ہے اس حدیث کا طریق صحیح سے بڑھ کر ہے اور ابن صیاد کی صفتیں دجال کی صفتوں کے موافق ہیں۔''

(20) نووی نے کہا:

''علماء نے کہا کہ ابن صیاد کا قصہ مشکل ہے۔ اس کا معاملہ مشتبہ ہے۔ ظاہر یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کی طرف اس کے بارے میں وحی نہیں کی گئی' مگر دجال کی صفات کے بارے میں وحی کی گئی ہے۔ ابن صیاد کے بارے قرائن احتمال رکھتے تھے (کہ وہی دجال ہے) یہ وجہ ہے کہ نبی کریم ﷺ اس کے معاملہ میں کچھ بھی قطعیت سے نہ فرماتے تھے بلکہ آپ نے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کو فرمایا: ''اس کے قتل میں تیرے لئے خیر نہیں ہے۔'' نبی کریم ﷺ نے دجال کی صفات بیان کی اور اس کے آخری زمانے میں نکلنے کی خبر دی۔ پھر ابن صیاد کیسے دجال ہو سکتا ہے؟''[1]

(21) حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے:

''تمیم کی حدیث جس کو شامل ہے اس میں اور ابن صیاد کے دجال ہونے میں جو چیز زیادہ جامع ہے وہ یہ ہے کہ دجال وہی ہے جسے تمیم داری نے دیکھا اور ابن صیاد شیطان ہے

---

[1] فتح الباری: ۳۴۹،۳۳۸/۱۳ (شرح مسلم از امام نووی: ۲۶۳/۱۸.

Marfat.com

جو دجال کی صورت میں ان دنوں ظاہر ہوتا تھا حتیٰ کہ وہ اصفہان کی طرف چلا گیا پھر اپنے قرین کے ساتھ چھپ گیا حتیٰ کہ وہ دن آجائیں گے جن میں اس کا نکلنا اللہ تعالیٰ نے مقدر فرمایا۔"[1]

(22) میں علامہ العالم کہتا ہوں:

"صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے جنہوں نے ابن صیاد کو ہی دجال یقین کرلیا ان کے کلام کو تمیم داری کی حدیث پر اطلاع نہ پانے پر محمول کیا جائے گا جیسا کہ امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اور اس کی علت بیان کی تو فرمایا: "یہ کیسے درست ہوسکتا ہے کہ جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ میں ہوا خواب دیکھنے والے کی طرح ہو جبکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ساتھ اجتماع کیا اس سے سوال کئے' پھر وہ حیات طیبہ کے آخری ایام میں سمندری جزیروں میں سے ایک جزیرہ میں زنجیروں کے ساتھ بندھا ہوا ایک بہت بوڑھا قیدی تھا' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خبر سے یہ بات سمجھی جاسکتی ہے کہ وہ نکلا یا نہیں؟"[2]

ابن صیاد میں دجال کی علامات کے سبب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کچھ پریشانی سی محسوس ہوئی، ورنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم یقیناً اس کے بارے میں جانتے تھے کہ وہ کون ہے اور اس کے باپ' قبیلہ اور علاقہ کا کیا نام ہے چونکہ اس کے نکلنے کا وقت زمانہ آخر ہے اس لئے صحابہ کرام کو تردد ہوا کہ یہ وہی ہے یا نہیں تو ابن حجر کی بات رہنمائی میں کافی ہے کہ وہ ابن صیاد شیطان تھا اور دجال جزیرہ میں تھا۔

## حضرت تمیم داری اور دجال کا جزیرہ:

سیدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں مسجد کی طرف گئی تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز ادا فرمائی اور میں عورتوں کی اس صف میں تھی جو مردوں بعد پہلی صف تھی۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کو پورا فرمالیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف فرما ہوئے اور ہنس

---

(1) فتح الباری: ۳۴۰/۱۳۔

(2) فتح الباری: ۳۳۸/۱۳) (عقدالدرر: ۲۲۹) ( البدایة والنهایة، از ابن کثیر: ۱۰۲/۱۔

Marfat.com

رہے تھے۔آپ نے فرمایا:

"اتدرون لماجمعتکم؟ قالوا:واللہ ورسولہ اعلم ' قال: انی واللہ ماجمعتکم لرغبة ولالرھبة ولکن جمعتکم لان تمیماالداری کان رجلا نصرانیا فجاء فبایع واسلم وحدثنی حدیثا وافق الذی کنت احدث عن المسیح الدجال حدثنی انہ رکب فی سفینة بحریة مع ثلاثین رجلا فلعب بھم الموج شھرا فی البحرثم ارفاوالی جزیرة فی البحر حتی مغرب الشمس فجلسوا فی اقربوالسفینة قدخلواالجزیرة فلقیتھم دابة اھلب کثیرالشعر' لایدرون ماقبلہ من دبرہ من کثرة الشعرفقالوا: ویلک ماانت؟فقالت:اناالجساسةفقالوا:وماالجساسة؟قالت: ایھاالقوم ' انطلقواالی ھذاالرجل فی الدبر فانہ الی خبرکم بالاشواق قال: لماسمت لنا رجلا فرقنا منھا ان تکون شیطانہ قال تمیم' رضی اللہ عنہ: فانطلقنا سراعا حتی دخلنا الدبر' فاذا فیہ اعظم ابسان رایناہ قط خلقا واشدہ وثاقا مجموعة یداہ الی عنقہ ' مابین رکبتیہ الی کعبیہ بالحدیدقلنا: ویلک ماانت؟قال: قدرتم علی خبری فاخبرونی ماانتم؟قالوا: نحن اناس من الغرب رکبنا فی سفینة بحریة فصادفنا البحر حین اغتلم فلعب بنا الموج شھرا' ثم ارفانا الی جزیرتک فقال: اخبرونی نخل بیسان؟ قلنا: عن ای شانھا تستخبر؟ قال: اسالکم عن نخلھا ھل یشمر؟قلنالہ: نعم قال: امانہ یوشک ان لاتشمرقال: اخبرونی عن بحیرة الطبریةقلنا: عن ای شانھا تستخبر؟قال: ھل فیھا ماء؟قالوا: ھی کثیرة الماء قا: امان ماء ھا یوشک ان یذھب قال: اخبرونی

پکارے گا تو وہ تلبیہ کہتے ہوئے اٹھ کھڑے ہو گا۔

۳: اس کے ساتھ دو روٹیوں اور کھانے کے پہاڑ ہوں گے۔

۴: دو نہریں ہوں گی۔ ایک پانی کی اور دوسری میں آگ شعلہ زن ہو گی۔

۵: زمین کے خزانے اس کے پیچھے چلیں گے۔

۶: ایک قوم کے پاس سے گزرے گا جو اس پر ایمان نہ لائیں گے تو یہ ان کی کھیت اور مویشی ہلاک کر دے گا۔

② سیدنا حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"لانا اعلم بما مع الدجال منه معه نهران بجريان : احدهما رأى العين ماء ابيض والآخر رأى العين نارتاجج فاما ادركن احدفليات النهر الذى يراه نارا وليغمض ثم ليطاطى رأسه فيشرب منه فانه بارد"

"میں جانتا ہوں دجال کے ساتھ کیا ہو گا۔ اس کے ساتھ دو نہریں جاری ہوں گی، ایک دیکھنے میں سفید پانی ہوگا اور دوسری بھڑکتی ہوئی آگ کی طرح دیکھائی دے گی۔ تو اگر کوئی اسے پائے تو اسے چاہیے کہ وہ آئے اس نہر کے پاس جسے وہ آگ دیکھتا ہے اور وہ اس میں چھپ جائے پھر وہ اپنا سر جھکائے گا تو وہ اس سے پئے گا اور وہ ٹھنڈا ہو گا۔"

③ سیدنا جنادہ بن امیہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"انه يمطر ولا ينبث شجر وانه يسلط على نفس فيقتلها ثم يحييها ولا يسلط على غيرها وانه معه جنة ونار ونهر وماء وجبل خبز وان جنته نار وناره جنة"

"بیشک وہ (دجال) بارش برسائے گا اور درخت نہ اُگے گا، اسے ایک جان پر مسلط کیا جائے گا تو اسے قتل کرے گا پھر اسے زندہ کرے گا اس کے علاوہ کسی

Marfat.com

اور پر اسے مسلط نہ کیا جائے گا۔ اس کے ساتھ ایک باغ ہوگا اور ایک آگ ہوگی' ایک نہر اور پانی ہوگا ایک روٹیوں کا پہاڑ ہوگا' اس کا باغ آگ اور اس کی آگ باغ ہوگا۔''

④ حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

''انه یاتی علی القوم فیدعوهم فیومنون به ویستجیبون له فیامر السماء فتمطروالارض فتنبت فتروح علیهم سارحتهم اطول ماکانت ذرااسبغه ضروعاوامده خواصرثم یاتی القوم فیدعوهم فیردون علیه قوله فینصرف عنهم فیصبحون ممحکین لیس بایدیهم شیء من اموالهم ویمر بالخربة فیقول لها: اخرجی کنوزک فتتبعه کنورها کیعاسیب النحل ثم یدعورجلا ممتلئا شابا فیضربه بالسیف فیقطعه جزلتین رمیة الغرض ثم یدعوه فیقبل ویتهلل وجهه یضحک''

''دجال ایک قوم کے پاس آئے گا تو انہیں دعوت دے گا تو وہ اس پر ایمان لائیں گے اور اس کی دعوت قبول کریں گے۔ پھر وہ آسمان کو حکم دے گا تو وہ بارش برسائے گا' زمین کو حکم دے گا تو اگائے گی' پھر ان پر ان کے مویشی چلیں گے اپنے پیدائشی جسم سے زیادہ بڑے ہوکر' ان کے تھن دودھ سے بھر جائیں گے اور ان کی کوکھیں لمبی ہوجائیں گی۔ پھر وہ ایک قوم کے پاس آئے گا اور انہیں دعوت دے گا تو وہ اس کی دعوت کو رد کریں گے تو وہ ان سے ہٹ جائے گا پھر وہ صبح کے وقت قحط زدہ ہوں گے، ان کے ہاتھوں میں ان کے مالوں سے کچھ بھی نہ ہوگا اور وہ ویرانے کے پاس سے گزرے گا تو اسے کہے گا: ''اپنے خزانے نکال دے۔'' تو اس کے خزانے اس کے پیچھے اس طرح آئیں گے جیسے شہد کی مکھیاں آتی ہیں پھر وہ ایک جوانی سے بھرپور آدمی کو بلا کر تلوار سے

Marfat.com

مارے گا، اسے دو ٹکڑوں میں بڑی پھرتی سے کاٹ دے گا پھر وہ اسے بلائے گا تو وہ زندہ ہو کر آ جائے گا اور اس کا منہ خوشی سے چمک اٹھے گا۔"

⑤ سیدنا سفینہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

"یخرج معه (ای الدجال) وادیان احدهما جنة والاخرة نار فناره جنة وجنته نار فیقول للناس: الست بربکم احی وامیت ومعه ملکان یشبهان نبیین من الانبیاء انی لاعرف اسمعهما واسم ابائهما لوشئت ان اسمیهما سمیتهما احدهما عن یمینه والاخرة عن شماله فیقول الست بربکم احیی وامیت؟فیقول احدهما: کذبت فلایسمعه من الناس احد الا صاحبه ویقول الاخر: صدقت فیسمعه الناس وذلک فتنة"

"دجال کے ساتھ دو وادیاں نکلیں گی، ایک باغ اور دوسری آگ ہوگی۔ اس کی آگ جنت ہے اور اس کی جنت آگ ہے۔ وہ لوگوں سے کہے گا: "کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں میں زندہ کرتا اور مارتا ہوں۔" اس کے ساتھ دو فرشتے ہوں گے جو گویا دو نبیوں کے مشابہ ہوں گے۔ بیشک میں جانتا ہوں ان دونوں کے نام اور ان کے آباء کے نام، اگر میں چاہوں کہ ان کے نام بیان کروں تو میں ان کے نام بیان کر دوں۔ ایک ان میں سے اس کے دائیں اور دوسرا اس کے بائیں ہوگا تو وہ کہے گا: "کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟" ان میں سے ایک کہے گا: "تو نے جھوٹ کہا۔ تو اسے اس کے ساتھ والے فرشتے کے سوا لوگوں میں سے کوئی نہ سنے گا۔ دوسرا (پہلے فرشتے کو) کہے گا: "تو نے سچ کہا (کہ دجال واقعی جھوٹا ہے)۔" تو اسے لوگ سنیں گے اور (سمجھیں گے کہ شاید فرشتہ دجال کو سچا کہہ رہا ہے۔ یہ ہی ہے) وہ (چیز جو) فتنہ ہے۔"

دجال جھوٹ تراشندہ بزور جادو شعبدہ باز ملمع ساز ہوگا جو امور اس کے ہاتھ سے

Marfat.com

دیہاتی آدمی کو کہے گا: ''مجھے بتاؤ! اگر تمہارا اونٹ (زندہ کر کے) اٹھا دیا جائے اس حال میں کہ اس کے تھن بڑے اور کوہان عظیم ہو تو کیا تو جان لے گا کہ میں تیرا رب ہوں۔؟'' وہ کہے گا: ''ہاں!'' تو شیطان اس کے لئے اس کے اونٹ کی صورت اختیار کریں گے تو وہ آدمی دجال کے پیچھے لگ جائے گا اور وہ اس آدمی سے کہے گا: ''تیرا کیا خیال ہے اگر میں تیرے باپ، بیٹے اور جسے تو اپنے اہل سے جانتا ہے زندہ کروں تو کیا تو جانے گا کہ میں تیرا رب ہوں؟'' تو وہ کہے گا: ''ہاں!'' تو شیاطین اس کے باپ اور رشتے داروں کی صورت اختیار کریں گے تو وہ اس کے پیچھے لگ جائے گا۔'' پھر رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لے گئے اور گھر والے رونے لگے۔ پھر رسول اللہ ﷺ لوٹ کر تشریف لائے تو ہم رو رہے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تمہیں کیا چیز رلاتی ہے؟'' تو سب نے عرض کیا: ''آپ نے جو دجال کا ذکر کیا۔''

⑦ سیدنا جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''لیفرن الناس من الدجال فی الجبال''[1]

''یقیناً لوگ دجال سے پہاڑوں میں بھاگ جائیں گے۔''

ام شریک نے عرض کیا:

''یارسول اللہ! عرب لوگ اس دن کہاں ہوں گے۔؟''

آپ ﷺ نے فرمایا:

''وہ تھوڑے ہوں گے۔''

⑧ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''من سمع بالدجال فلینأ عنه فو اللہ ان الرجل لیاتیه وھو یحسب

---

[1] الصحیح المسلم، کتاب الفتن، حدیث نمبر ۱۲۴، ۲۹۴۴ (سنن ترمذی، کتاب المناقب، حدیث نمبر ۳۰) (مسند امام احمد: ۶/۴۶۲) (صحیح ابن حبان، حدیث نمبر ۶۷۵۹)

Marfat.com

## دجال کے پیروکار:

① دجال کے پیچھے لگنے والے کمزور ایمان والے لوگوں کی ایک بہت بڑی جماعت ہوگی۔ ان کی آنکھیں جو کچھ وہ دیکھیں اور مشاہدہ کریں گے اس کی وجہ سے حیران ہوں گی۔ نبی کریم ﷺ نے خبر دی ہے کہ دجال کے پیچھے لگنے والے ہر طرح کے شر والے، ہر فتنہ کے پیچھے چل پڑنے والے اکثر یہودی ہوں گے اور عورتیں ہوں گی۔ کیوں کہ ان کی طبیعتوں میں کمزوری اور شہوتوں کی محبت ہوتی ہے۔ منافق مرد اور عورتیں بھی دجال کے پیچھے ہوں گے جو اس وقت اس کی طرف نکلیں گے جب وہ مدینہ کے پاس سے گزرے گا۔

چنانچہ سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

**"یتبع الدجال من یهود اصبهان سبعون الفا علیهم الطیالسة"**[1]

"اصفہان کے یہودیوں میں سے ستر ہزار دجال کی اتباع کریں گے' ان کے اوپر ایک خاص قسم کی چادریں ہوں گی جن کو طیالسہ کہا جاتا ہے۔"

② سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

**"یهبط الدجال من کوز و کرمان معه ثمانون الفا علیهم الطیالسة وینتعلون الشعر کان وجوههم مجان مطرقة"**[2]

③ دجال کوز اور کرمان نامی علاقوں کے درمیان اترے گا، اس کے ساتھ اسی ہزار ایسے لوگ ہوں گے جن پر طیالسی چادریں ہوں گی، ان کے جوتے بالوں کے ہوں گے اور ان کے چہرے کوٹی ہوئی ڈھالوں کی طرح ہوں گے۔

چنانچہ سیدنا ابو وائل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

---

◄◄ نمبر ۱۹، حدیث نمبر ۱۶۵)(ابن حبان : ۲۷۳/۸.

① الصحیح البخاری، کتاب الجهاد، حدیث نمبر ۳۰۵۷)(الصحیح المسلم، کتاب الفتن، باب نمبر ۱۹، حدیث نمبر: ۱۶۵)(ابن حبان : ۲۷۳/۸.

② الفتح الربانی: ۲۴ /۷۳)(مسند ابویعلی موصلی: مجمع الزوائد: ۷ /۳۵۰)(مصنف ابن ابی شیبه، حدیث نمبر ۳۷۵۰۱.

Marfat.com

گے ان میں سے اکثر عورتیں ہوں گی' یہ چھٹکارے کا دن ہوگا' یہ ہی وہ دن ہوگا جس دن مدینہ اپنے خبث کو ایسے نکال باہر پھینکے گا جیسے بھٹی لوہے کے میل کو اتار پھینکتی ہے۔ دجال کے ساتھ ستر ہزار یہودی ہوں گے ان میں سے ہر شخص پر ایک چادر لحاف کی قسم کی اور ایک تلوار ہوگی۔"

⑥ احادیث میں مذکور ہے کہ اس وقت کچھ لوگ ہوں گے جو دجال کے ساتھ شخصی منفعت کے لئے چلیں گے۔

چنانچہ عبید بن عمیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

**"لیصحبن الدجال قوم یقولون انا لنصحبه وانا لنعلم انه کذاب ولنا انما نصحبه لنا کل من الطعام ونزعیٰ من الشجر فاذا نزل غضب اللہ نزل علیهم کلهم"**

"ایک قوم دجال کی ساتھی ہوگی وہ کہیں گے: "بیشک ہم اس کے ساتھ ہیں اور بیشک ہم جانتے ہیں کہ وہ جھوٹا ہے لیکن ہم اس کے ساتھی صرف اس لئے ہیں تاکہ کھانا کھائیں اور درختوں سے چریں۔" جونہی اللہ تعالیٰ کا غضب نازل ہوگا تو ان سب پر نازل ہوگا۔"

## دجال کی آنکھ اور ماتھا:

① سیدنا عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

**"انی قدحدثتکم عن الدجال حتی خشیت ان لا تعقلوا ان المسیح الدجال رجل قصیر افحج جعد اعور مطموس العین ' لیس بناتئة ولا حجراء فان الیس علیکم فاعلموا ان ربکم لیس باعور"**

"میں نے بیشک دجال کے بارے تم سے بیان کیا ہے حتیٰ کہ میں ڈرا کہ تم نہ سمجھو گے، بیشک دجال کوتاہ قد' بہت زیادہ گنگریالے بالوں والا' کانا' مٹی ہوئی آنکھ والا، بے نشان' نہ ابھری ہوئی اور نہ دھنسی ہوئی تو اگر وہ تم پر مشتبہ ہو تو بلاشک تمہارا رب کانا نہیں ہے۔"

Marfat.com

بلاشک دجال کی آنکھوں کے درمیان لکھا ہے کافر۔ اسے وہی پڑھے گا جو اس کے عمل کو ناپسند کرتا ہوگا۔"

⑧ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"دجال کے ماتھے پر حقیقتاً لکھا ہوا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے اسے اس کے تمام کفر جھوٹ اور باطل ہونے کی قطعی علامات میں سے نشانی وعلامت بنایا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے ہر پڑھے لکھے اور ان پڑھ مسلمان کے لئے ظاہر فرمائے گا اور جس کی شقاوت وفتنہ کا ارادہ فرمائے گا اس سے پوشیدہ رکھے گا، یہ کوئی محال نہیں ہے۔

ہمیں نبی کریم ﷺ نے خبر دی کہ ہر موحد اس لفظ کو پڑھ سکے گا جسے اللہ تعالیٰ عزوجل نے دجال کے چہرے پر لکھ دیا۔ بعض حضرات ایک دوسرے سے سوال کرتے ہیں کہ ان پڑھ اور جاہل اس لفظ کی کیسے تمیز کرے گا جبکہ وہ پڑھنا یا لکھنا جانتا ہی نہیں؟

اس کا جواب امام قاضی ابوبکر بن العربی دیتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں:

"آپ ﷺ کا ارشاد ہے: "ہر مومن کاتب وغیر کاتب اسے پڑھے گا۔" یہ حقیقت میں خبر ہے، اس کی صورت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بندے کے لئے سمجھ اور شعور کو اس کی آنکھ میں پیدا کردے گا جیسے چاہے گا اور جب چاہے گا تو وہ اسے بصارت نہ ہوتے ہوئے بھی دیکھے گا اگرچہ وہ لکھنا نہ جانتا ہو۔ کافر اسے نہیں دیکھے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ مومن کے لئے دلیلیں پیدا کردے گا اس کی بصیرت کی آنکھ میں اور کافر نہ دیکھے گا تو اللہ تعالیٰ مومن کے لئے ادراک پیدا کرے گا سیکھنا نہیں کیونکہ یہ اس وقت عادات کے خلاف امور ظاہر ہوں گے۔"

## دجال کے ٹھہرنے کی مدت:

① حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"یخرج الدجال فی امتی فیمکث اربعین"

"دجال میری امت میں نکلے گا تو چالیس ٹھہرے گا۔"

Marfat.com

② سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

**"فیبلغ ماشاء اللہ من الارض فی اربعین یوما اللہ اعلم ما مقدارھا"**

"زمین میں اللہ تعالیٰ جہاں تک چاہے گا دجال پہنچے گا چالیس دنوں میں اللہ جانتا ہے ان کی مقدار کیا ہے۔"

③ سیدنا نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا:

"یا رسول اللہ! دجال کو زمین میں کتنا ٹھہرنا ہوگا؟"

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"چالیس دن۔ ایک دن سال کی طرح اور ایک دن مہینے کی طرح اور اک دن جمعہ کی طرح، باقی دن تمہارے دنوں کی طرح ہوں گے۔"

ہم نے عرض کیا:

"یا رسول اللہ! تو وہ دن جو سال کی طرح ہوگا کیا اس میں ایک دن کی نمازیں ہمیں کافی ہوں گی؟"

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"نہیں اس دن کی مقدار کا اندازہ کرو!"

## نزول عیسیٰ علیہ السلام:

① بیشک سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کا نزول قیامت کی ان بڑی بڑی علامات میں سے ہے جن کی خبر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دی ہے۔ عیسیٰ علیہ السلام کا نزول، خروج دجال اور اس کے زمین میں فساد پھیلانے کے ساتھ (باعتبار زمانہ) ملا ہوا ہوگا۔ آپ پر ایمان لانا اور آپ کی تصدیق کرنا واجب ہے۔

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

**"فبینما ھو کذلک اذ بعث اللہ المسیح عیسی بن مریم فینزل**

Marfat.com

وهم افضل الشهداء عند الله ويفتحون ثلثة فيفتحون القسطنطنية فبينما هم يقسمون الغنائم قد علقوا سيوفهم بالزينون اذصاح فيهم الشيطان ان المسيح قد خلفكم في اهاليكم فيخرجون وذلك باطل فاذاجاء والشام خرج يعني الدجال فبينما هم يعدون للقتال ويسوون الصفوف اذاقيمت الصلاة فينزل عيسىٰ ابن مريم فاذارآه عدوالله يذوب كما يذوب الملغ ولوتركوه لذاب حتى يهلك ولكنه يقتله الله بيده فيريهم دمه بحرمته"

''قیامت قائم نہ ہوگی حتیٰ کہ رومی اعماق میں یا دابق میں اتریں پھر ان کی طرف اہل مدینہ کے لشکر نکلیں وہ زمین کے بہترین لوگ ہوں گے تو جب وہ صف باندھیں گے۔ رومی کہیں گے: ''تم ہمارے اور ان لوگوں کے درمیان سے ہٹ جاؤ جنہیں گالیاں دی جاتی ہیں ہم ان سے لڑائی کریں گے۔'' مسلمان کہیں گے: ''ہم اپنے بھائیوں اور تمہارے درمیان سے الگ نہ ہوں گے۔'' پھر ان سے جہاد کریں گے اور ان کا ایک تہائی شکست کھائے گا جن کی توبہ کبھی بھی اللہ تعالیٰ قبول نہ کرے گا۔ پھر ان سے ایک تہائی قتل ہوں گے اور یہ اللہ تعالیٰ کے ہاں افضل ترین شہداء ہوں گے۔ اس کے ایک تہائی حصہ کو فتح کریں گے، پھر قسطنطنیہ کو فتح کریں گے۔ اس اثناء میں کہ وہ غنیمتیں تقسیم کرتے ہوں گے۔ انہوں نے اپنی تلواروں کو زیتون کے ساتھ لٹکا دیا ہوگا کہ اچانک شیطان ان میں چیخ کر بولے گا کہ مسیح تمہارے پیچھے تمہارے گھروں میں ہے۔ وہ نکلیں گے اور یہ بات غلط ہوگی۔ جب وہ شام آئیں گے تو اس وقت دجال نکلے گا۔ اسی دوران کہ وہ جہاد کے لئے تیار ہو رہے ہوں گے اور صفیں درست کر رہے ہوں گے۔ جب نماز کی اقامت کہی جا رہی ہوگی تو عیسیٰ بن مریم علیہما الصلاۃ والسلام نزول فرمائیں گے تو جونہی آپ کو اللہ کا دشمن دیکھے گا تو ایسے پگھلے گا جیسے نمک گھلتا ہے اور اگر آپ اسے چھوڑ دیں گے تو خود بخود پگھل جائے گا حتیٰ کہ ہلاک ہوگا لیکن اللہ تعالیٰ اسے اپنے دست قدرت سے قتل کرے گا پھر انہیں اس کا

Marfat.com

خون اس کے نیزے یا برچھی کے ساتھ دکھائے گا۔"

دجال سے بچاؤ:

① سیدنا ابوقلابہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"ان من بعدکم الکذاب المضل وان رأسه من بعده حبک حبک حبک مرات وانه سیقول انا ربکم فمن قال: کست ربنا لکن ربنا اللہ علیه توکلنا والیه انبنا نعوذ باللہ من شرک لم یکن علئه سلطان"[1]

"بیشک تمہارے بعد بہت جھوٹا گمراہ کرنے والا ہوگا اور اس کا سر اس کے بعد (پچھلی جانب) حبک حبک حبک (کٹے ہوئے گھنگریالے بالوں والا) ہے اور وہ کہے گا: "میں تمہارا رب ہوں۔" تو جس نے کہا: تو ہمارا رب نہیں ہے لیکن ہمارا رب اللہ ہے لیکن ہمارا رب اللہ ہے اسی پر ہم نے بھروسہ کیا اور اسی کی طرف ہم نے رجوع کیا ہم تیرے شر سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ تو دجال کو ایسے آدمی پر کوئی غلبہ نہ ہوگا۔"

② سیدنا سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہیکہ دجال لوگوں کو کہے گا "میں تمہارا رب ہوں۔" تو جس نے کہا: "تو میرا رب ہے۔" حتی کہ اسی پر مر گیا تو وہ فتنہ میں مبتلا ہوا اور جس نے کہا: "میرا رب اللہ ہے۔" حتی کہ مر گیا تو یقیناً اللہ تعالیٰ نے اسے دجال کے فتنہ سے بچا لیا اور اس پر کوئی فتنہ نہ ہوگا۔"[2]

③ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز میں دعا کرتے تھے:

"اللهم انی اعوذ بک من عذاب القبر واعوذ بک من فتنة المسیح الدجال واعوذبک من فتنة المحیاوالممات"

"اے اللہ! بیشک میں عذاب قبر سے تیری پناہ مانگتا ہوں، میں مسیح دجال کے فتنہ سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور میں زندہ اور مردہ کے فتنہ سے تیرہ پناہ مانگتا ہوں۔"[3]

---

① مسند امام احمد: ۳۷۲/۵. ② مسند امام احمد: ۱۳/۵. ③ الصحیح البخاری، کتاب الصلاۃ، حدیث نمبر ۸۳۲.

Marfat.com

④ سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

**"بادروابالأعمال ستا: طلوع الشمس من مغربها والدخان اوالدجال اولدابة اوخاصة احدكم اوامر العامة"**

''نیک اعمال کے کرنے میں چھ چیزوں سے جلدی کرو! سورج کے مغرب سے طلوع ہونے سے' دھواں سے' دجال کے نکلنے سے' دابہ یا کسی ایک کا خاص امر یعنی موت یا عام امر یعنی قیام قیامت سے۔''[2]

⑤ سورۃ الکہف کی آیات دجال کے فتنہ سے بچائیں گی۔ ان آیات کی تعین میں احادیث مختلف ہیں۔ بعض احادیث میں سورہ کہف کے اول سے اور بعض میں اس کے آخر سے اور یہ ساری احادیث صحیح ہیں۔ انہیں محمول کیا گیا ہے اس پر کہ کوئی شروع سے پڑھے یا آخر سے تو بلا شک وہ اسے اس کے فتنہ سے بچائیں گی ان شاءاللہ تعالیٰ!

چنانچہ سیدنا ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

**"من حفظ عشر آيات من اول سورة الكهف عصيم من الدجال"**

''جس نے سورہ کہف کی پہلی دس آیات پڑھیں تو اسے دجال کے فتنہ سے محفوظ کر دیا گیا۔''[3]

⑥ سیدنا ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: ''جس نے سورہ کہف کی آخری دس آیات پڑھیں اسے دجال کے فتنہ سے محفوظ کر دیا گیا۔''

⑦ مروی ہے:

**"من قرا ثلاث آيات من اول الكهف عصم من فتنة الدجال"**

''جس نے سورہ کہف کی ابتداء سے تین آیات پڑھیں وہ فتنہ دجال سے محفوظ رہے گا۔''[1]

---

① الصحيح المسلم، كتاب اشراط الساعة، حديث نمبر ۱۲۸۔ ② الصحيح المسلم، كتاب صلاة المسافرين، حديث نمبر ۲۵۷۔ ③ مسند امام احمد بن حنبل: ۴۴۶/۶۔

Marfat.com

